www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب' کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

صفحات 8 | قیمت 20 روپے

جلد 37 | بدھ 7 اکتوبر 2026، بمطابق 24 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 298

دہشتگردوں کا صفایا کر کے امن و استحکام کو یقینی بنایا جائیگا — وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر اور جدید بنانے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، پولیس اصلاحات، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور دہشت گردی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صوبے میں سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر اور جدید بنانے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، پولیس اصلاحات، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور دہشت گردی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے سیکیورٹی صورتحال، پولیسنگ کے نظام، محکمانہ اصلاحات ا(بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

پاکستان کا فتح 4 میزائل کے توسیعی ورژن کا کامیاب تجربہ

فتح 4 کروز میزائل کا توسیعی ورژن جدید ایوانکس اور شاندار نیوی گیشنل معاونت سے لیس ہے

وزیراعظم شہباز شریف، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور سروسز چیفس کا کامیاب تجربے پر اطمینان کا اظہار

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان نے زمین سے مار کرنے والے فتح (بقیہ 4 صفحہ 7پر)

پاکستان کا 2 ماہ میں امریکا کے ساتھ تجارتی سرپلس 48 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کا امریکا کے ساتھ 2 ماہ میں تجارتی (بقیہ 3 صفحہ 7پر)

وزیراعظم کی صدر زرداری سے ملاقات، ملک کی سیاسی و سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال

اپوزیشن سے مذاکرات کرنیوالی کمیٹی کے ارکان کی آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کو بریفنگ

صدر اور وزیراعظم نے ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی و سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی صدر مملکت (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

دھرنوں اور احتجاج کی سیاست سے معیشت اور پاکستان کی عالمی ساکھ کو نقصان پہنچانا ملک دشمنی ہے، پی ٹی آئی ہوش کے ناخن لے، وزیراعظم

پختونخوا میں ترقی نظر نہیں آتی

دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، وزیراعظم

پی ٹی آئی ہوش کے ناخن لے، پی ٹی آئی احتجاجی سیاست سے ملکی معیشت کو پہنچنے والے نقصان کا ادراک کرتے ہوئے لانگ مارچ ختم کرے، حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گی

ملک کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا، کشمیر چوک کشمیر کے نام سے منسوب ہے، یہی شاہراہ ایک دن سری نگر تک پہنچے گی، کشمیریوں کو آزادی اور بنیادی حقوق ملیں گے، شہباز شریف کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ دھرنوں اور احتجاج کی سیاست سے معیشت اور پاکستان کی عالمی ساکھ کو نقصان پہنچانا ملک دشمنی ہے، پی ٹی آئی ہوش کے ناخن لے، پی ٹی آئی احتجاجی سیاست سے ملکی معیشت کو پہنچنے والے نقصان کا ادراک کرتے ہوئے لانگ مارچ ختم کرے، حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گی، حکومت اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ کمیٹی نے بامعنی اور پرخلوص مذاکرات سے مسائل کا مل بیٹھ کر حل (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7پر)

صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں یونٹس بننے چاہئیں — سعد رفیق

پی ٹی آئی دھرنا موخر کردے حکومت مذاکرات کے لیے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی، گفتگو

موجودہ حالات میں اتحاد ضروری ہے، بلدیاتی نمائندوں کو صرف عہدے نہیں مکمل اختیارات بھی دینا ہوں گے

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، پی ٹی آئی دھرنا موخر کردے حکومت مذاکرات کے لیے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی۔ اپنے حلقے کے دورے کے دوران نجی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی ہر سیاسی معاملے سے مقدم ہے، پی ٹی آئی کو فی الحال دھرنا مؤخر کردینا چاہیے، حکومت مذاکرات کیلئے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی (بقیہ 8 صفحہ 7پر)

آبنائے ہرمز ایران نہیں ہمارے کنٹرول میں ہے، امریکی وزیر جنگ

ایران کے خلاف کارروائی ماضی کی جنگوں جیسی نہیں اور یہ لامتناہی طور پر جاری نہیں رہے گی

ایران کو درست فیصلہ کرنا اور اپنا راستہ تبدیل کرنا ہوگا، پیٹ ہیگسیتھ کا بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر جنگ نے کہا ہے، کہ آبنائے ہرمز ایران کے کنٹرول میں نہیں بلکہ ہمارے کنٹرول میں ہے۔ صدر ٹرمپ تمام آپشنز کھلے رکھے ہوئے ہیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے کہا کہ ایران کی معاشی ناکہ بندی بد(بقیہ نمبر 7 صفحہ 7پر)

پاکستان کو وسطی ایشیا سے جوڑنا چاہتے ہیں — احسن اقبال

پاکستان اور ازبکستان کو سیاسی مفاہمت کو قابل عمل منصوبوں اور ٹھوس معاشی نتائج میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے

احسن اقبال کی ازبکستان کے نائب وزیر سرمایہ کاری الزت کاسی موف سے ملاقات، قابل عمل منصوبوں اور دوطرفہ علاقائی رابطوں کے فروغ پر زور

منگولیا (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے منگولیا میں ازبکستان کی وزارت سرمایہ کاری، صنعت وتجارت کے نائب وزیر الزت کاسی موف کی سربراہی میں وفد سے ملاقات کی۔ ملاقات میں علاقائی رابطوں، سرمایہ کاری اور بین الاقوامی مالی معاونت کے حصول سمیت بالخصوص ازبکستان، افغانستان، پاکستان ریلوے منصوبے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال، جوان دنوں وسطی ایشیا علاقائی ا(بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)

وزیرخزانہ محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

عوام مجوزہ جعلی حکومت اور ریاستی اداروں سے لاتعلق ہیں — مولانا فضل الرحمن

ہم مذاکرات کے عمل سے اصولی طور پر اختلاف نہیں کرتے، سب برابر کے پاکستانی ہیں، کسی کی وفاداری مشکوک قرار نہیں دی جاسکتی، سربراہ جے یو آئی

لانگ مارچ اور احتجاج سیاسی و جمہوری حق ہے، اگر پی ٹی آئی اسلام آباد آنا چاہتی ہے تو اصولی طور پر اسے اجازت ہونی چاہیے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت کے رویے سے آئندہ مذاکرات کی گنجائش کم ہوتی دکھائی دے رہی ہے، جمہوری اور سیاسی قوتیں مذاکرات پر یقین رکھتی ہیں، ہم مذاکرات کے عمل سے اصولی طور پر اختلاف نہیں کرتے، سب برابر کے پاکستانی ہیں، کسی کی وفاداری مشکوک قرار نہیں دی جاسکتی، لانگ مارچ اور احتجاج سیاسی و جمہوری حق ہے، اگر پی ٹی آئی اسلام آباد آنا چاہتی ہے تو اصولی طور پر اسے اجازت ہونی چاہیے جبکہ اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ مولانا صاحب نے کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کو مسترد کر دیا (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر احد چیمہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کے پی میں دہشتگردی بانی پی ٹی آئی لے کر آئے — خواجہ آصف

جن معصوم شہدا کی بات کی جا رہی ہے، ان کی ملکیت لینے سے بھی انکار کیا جا رہا ہے

فوجی شہدا کی بات تو رہنے دیں، کیا کسی ایک سویلین شہید کے گھر بھی فاتحہ کے لیے گئے ہیں؟، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی بانی پی ٹی آئی لے کر آئے اور وہ انہیں صوبے میں بسانے کے سب سے بڑے حامی تھے۔ ایک بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ جن معصوم شہدا کی بات کی جا رہی ہے، ان کی ملکیت لینے سے بھی انکار کیا جا (بقیہ 19 صفحہ 7پر)

ڈیرہ اسماعیل خان، نامعلوم دہشتگردوں کی فائرنگ سے 5 سرکاری اہلکاروں شہید، ملزمان فرار

ہونے والے اہلکاروں میں 2 ایف بی آر کے مستقل ملازم اور 2 کنٹریکٹ ملازم تھے

صدر، وزیراعظم اور وزیر داخلہ محسن نقوی کا ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار

دہشت گردی کے خلاف پاکستانی عوام اور سکیورٹی ادارے فولادی دیوار کی طرح کھڑے ہیں،

قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، آصف علی زرداری، شہباز شریف

ڈیرہ اسماعیل خان /اسلام آباد (این این آئی) ڈیرہ اسماعیل خان میں نامعلوم دہشت گردوں دن دیہاڑے آٹومیٹک گنوں سے فائرنگ کر کے دو مختلف واقعات میں 5 سرکاری اہلکاروں کو شہید کردیا اور ملزمان فرار ہو گئے جبکہ صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور و(بقیہ 11 صفحہ 7پر)

اب میرے کہنے پر بھی مقدمہ مقرر نہیں ہوتا، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی

عدالتی اصلاحات کے تحت 8 شعبوں میں 86 اقدامات کی نشاندہی کی گئی تھی جن میں سے 65 مکمل، 8 پر کام جاری، 13 اقدامات پر مزید توجہ درکار ہے

عدالتی اصلاحات کا بنیادی مقصد بہتر انصاف کی فراہمی ہے، آزاد عدلیہ کے ساتھ ادارے کی اپنی کارکردگی کا جائزہ، خامیوں کی نشاندہی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی بھی ضروری ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ نئے عدالتی سال میں مقدمات کے جلد اور مؤثر فیصلوں کے ساتھ بہتر کیس مینجمنٹ، شفافیت، ڈیجیٹل نظام اور عوام کو بہتر عدالتی خدمات کی فراہمی پر توجہ مرکوز رکھی جائے گی، عدالتی اصلاحات کے تحت 8(بقیہ 10 صفحہ 7پر)

بانی کیلئے لندن سے ڈاکٹر بلانے کی تصدیق، ڈاکٹر فرقاد کو 10 اگست کو لندن سے بلایا گیا

میڈیکل بورڈ نے بانی کی اہلیہ سے ملاقاتوں میں اضافے کی سفارش بھی کی تھی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے کیلئے لندن سے ایک ڈاکٹر کو اڈیالہ جیل بلوانے کی تصدیق ہوگئی۔ اڈیالہ جیل راولپنڈی میں 10 اگست کو بانی کے طبی معائنے کی رپورٹ سامنے آگئی۔ رپورٹ کے مطابق بانی کے علاج کے لیے لندن سے ڈاکٹر فرقاد عالمگیر کو اڈیالہ جیل بلایا گیا تھا، بانی کا طبی معائنہ کرنے والے میڈیکل بورڈ میں چار ڈاکٹرز شامل تھے۔ رپورٹ کے مطابق ڈاکٹر فر(بقیہ 20 صفحہ 7پر)

موبائل ٹاورز میں چوری، توڑ پھوڑ، 16 فیصد سیلولر سائٹس متاثر

کراچی (این این آئی) ملک بھر میں موبائل ٹاورز پر چوری اور توڑ پھوڑ کے واقعات میں اضافہ ہوگیا، گزشتہ 11 ماہ کے دوران 9 ہزار 200 سے زائد چوری اور تخریب کاری کے واقعات رپورٹ ہوئے، جن کے باعث ملک کی 16 فیصد سیلولر سائٹس متاثر ہوئیں۔ پاکستان (بقیہ 18 صفحہ 7پر)

پاکستان سے چرا کر امریکا اسمگل کی گئی 36 نوادرات حکومت پاکستان کو واپس

نیویارک کاؤنٹی ڈسٹرکٹ کے اٹارنی آفس میں تقریب، پاکستانی قونصل جنرل عامر احمد اتوزئی نے معاہدے پر دستخط کیے

اسلام آباد، نیویارک (این این آئی) پاکستان سے چرا کر امریکا اسمگل کی گئی 36 نوادرات حکومت پاکستان کو واپس دیدی گئیں، یہ نوادرات اب پاکستان لائی جائیں گی۔ نیویارک کاؤنٹی ڈسٹرکٹ کے اٹارنی آفس میں تقریب ہوئی جس میں نیویارک میں پاکستان کے قونصل جنرل عامر احمد اتوزئی نے اس حوالے سے معاہدے پر دستخط کیے۔ ان نوادرات میں سے ایک یکشی کی Grey Sch (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7پر)

وزیر خارجہ کی مکہ ریجن کی طرف ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحٰق ڈار نے مکہ ریجن کی طرف ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان حرمین شریفین کے تحفظ کے لئے سعودی عرب (بقیہ 13 صفحہ 7پر)

اسلام آباد پر چڑھ کر کسی کو آزاد نہیں کرایا جاسکتا، ریاست کمزور نہیں' وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک

10 ماہ تک یہ نظام چلانا پڑا تو حکومت بجٹ سے 400 سے 500 ارب روپے کم کر کے عوام پر خرچ کریگی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان سے بڑھ کر نہ کسی کا وجود ہے اور نہ سیاست ہے، اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ اسلام آباد پر چڑھ کر کسی کو آزاد کرایا جاسکتا ہے تو ریاست اتنی کمزور نہیں ہے۔ اپنے حلقہ انتخاب میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا مشکل کی اس گھڑی میں وزیراعظم اور حکومت ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے گی، اگر 10 ماہ تک یہ نظام (بقیہ 12 صفحہ 7پر)

کراچی پورٹ کا بحری رابطہ کاری اشاریہ 343 تک پہنچ گیا

عالمی تجارت سے پاکستان کا انضمام بہتر ہوا، جنید انوار چوہدری

بندرگاہوں کی ترقی اور تجارتی سہولت کاری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اس سلسلے میں بحری شعبے میں بہتری کے اقدامات جاری ہیں

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

آزاد کشمیر کے حالات کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جا رہا ہے — رانا محمد قاسم

پاکستان نے کشمیر کے معاملے پر ہمیشہ سیاسی، اخلاقی اور سفارتی سطح پر کشمیریوں کی حمایت کی ہے اور آئندہ بھی یہ حمایت جاری رہے گی

مطالبات کی ایک بڑی تعداد پہلے ہی تسلیم کی جا چکی ہے، باقی معاملات بھی بات چیت، افہام و تفہیم اور سیاسی عمل کے ذریعے حل کیے جاسکتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد / ٹیکساس (این این آئی) وفاقی وزیر اور چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر رانا محمد قاسم نون نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں عوامی ایکشن کمیٹی کے حوالے سے پیدا ہونے وا(بقیہ 16 صفحہ 7پر)

پاکستان نے زرمبادلہ ذخائر 17 ارب ڈالر سے زیادہ رکھنے کا ہدف حاصل کرلیا

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلیے مزید 20 کروڑ ڈالر ملنے کی توقع

پہلے مرحلے میں اسٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی مذاکرات کیے جائیں گے جس میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، بنیادی شرح سود اور ایکسچینج ریٹ پر بات ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان (بقیہ 14 صفحہ 7پر)

نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کا قیام ناگزیر ہو چکا، فاروق ستار

سندھ میں 18 سال سے عوام بنیادی سہولیات اور بااختیار بلدیاتی نظام سے محروم ہیں، احتساب کا وقت آگیا، ایم کیو ایم رہنما

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ پاکستان میں سیاسی جمود کے خاتمے اور عوام کی خوشحالی کے لیے نئے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7پر)

پاکستان و لیبیا کا تجارتی، تعلیمی، کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق

تمام فریق علاقائی استحکام کے لیے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی طرف واپس آئیں، اسحٰق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے لیبیا کے قائم مقام وزیر خارجہ الطاہر الباعور سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کی جس میں پاکستا(بقیہ 15 صفحہ 7پر)

میر علی حسن زہری کا عوام کیلئے ایک اور احسن اقدام

میر علی حسن زہری کی ہدایت پر شہر حب کو صاف ستھرا، خوبصورت اور صحت مند بنانے کے لیے گاربیج کنٹینرز کی فراہمی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا

شہر بھر کی مختلف کچرا کنڈیوں پر 30 گاربیج کنٹینرز فراہم کر دیئے گئے ہیں، جبکہ مزید 70 گاربیج کنٹینرز بھی چند روز میں فراہم کیے جائیں گے

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور ترجمان آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی ہدایت پر شہر حب کو صاف ستھرا، خوبصورت اور صحت مند بنانے کے لیے گاربیج کنٹینرز کی فراہمی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ ابتدائی مرحلے میں شہر بھر کی مختلف کچرا کنڈیوں پر 30 گاربیج کنٹینرز فراہم کر دیئے گئے ہیں، جبکہ مزید 70 گاربیج کنٹینرز بھی چند روز میں فراہم کیے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ کچرے سے بھرے کنٹینرز کو بروقت اٹھانے اور صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے جلد ہی جدید طرز کی مخصوص گاڑی بھی فراہم کی جائے گی میر علی حسن زہری کی جا(بقیہ 23 صفحہ 7پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

خیبر پختونخوا میں دہشتگردی ایک بار پھر سر اٹھا رہی ہے — علی پرویز ملک

آج ملک اور خطے پر آزمائش کی گھڑی گزر رہی ہے، خیبر پختونخواہ میں دہشتگردی ایک بار پھر سر اٹھا رہی ہے

وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، سیاست و جگت بازی کسی اور وقت بھی کر سکتے ہیں' علی پرویز ملک

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے اگلے ہفتے سعودی عرب جانے کی ذمہ داری سونپی ہے، آج ملک اور خطے پر آزمائش کی گھڑی گزر رہی ہے، خیبر پختونخواہ میں دہشتگردی ایک بار پھر سر اٹھا رہی ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سے اپیل کرتا ہوں قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، سیاست و جگت بازی کسی اور وقت بھی کر سکتے ہیں، حکومت کی طرف سے یقین دلاتا ہوں مشکل ترین حالات میں جیب وحیثیت سے بڑھ کر عام آدمی کے تحفظ کے لئے جو بھی قدم اٹھانا پڑا اٹھائیں گے۔ مغلپورہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قوم کی قیادت جو کسی بھی صوبے (بقیہ 24 صفحہ 7پر)

دنیا میں تعلیم اور ملازمتوں کا معیار بدل گیا، خالد مقبول صدیقی

دنیا کی 100 بڑی کمپنیوں نے ملازمت کیلئے ڈگری کی شرط ختم کردی، تعلیم کو تربیت سے جوڑنا ہوگا، وفاقی وزیر

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ آج دنیا میں ذریعہ تعلیم اور معیار تعلیم تبدیل ہوچکا ہے اور تعلیم تربیت سے مشروط ہوگئی ہے۔ دنیا کی 100 بڑی کمپنیوں نے ملازمتوں کے لیے سند کی شرط ختم کردی ہے، سند یافتہ اور تعلیم یافتہ ہونے میں فرق ہے۔ نذیر حسین یونیورسٹی کراچی میں چین جانے والے پہلے دستے کی آئی او ڈی سند کی روانگی کی تقر(بقیہ 31 صفحہ 7پر)

امریکا میں افغان خاتون دہشتگردی میں معاونت پر ملک بدر

کابل (این این آئی) افغان باشندوں کی غیر قانونی ومشتبہ سرگرمیوں سے میزبان ممالک کی سلامتی کو درپیش خطرات ایک بار پھر نمایاں ہوگئے، امریکا میں افغان خاتون (بقیہ 30 صفحہ 7پر)

پرنسپل انفارمیشن آفیسر محترمہ رئیسہ عادل کا احسن اقدام

اخبارات کی روزانہ پرنٹنگ کی نگرانی کے لیے واٹس ایپ گروپ قائم

اسلام آباد (بولان بیورو) پرنسپل انفارمیشن آفیسر محترمہ رئیسہ عادل کا احسن اقدام، اخبارات کی روزانہ پرنٹنگ کی نگرانی کے لیے واٹس ایپ گروپ قائم، اس اقدام سے روزانہ پرنٹ ہونے والے اخبارات کی حق تلفی نہیں ہوگی اور منصفانہ بنیادوں پر تمام قومی اور علاقائی اخبارات کو اشتہارات جاری کئے جاتے ہیں *پرنسپل انفارمیشن آفیسر محترمہ رئیسہ عادل کی جانب سے ایک خوش آئند اور احسن اقد(بقیہ 27 صفحہ 7پر)

نواز شریف کا 16 سال بعد ناران کا دورہ، مقامی عہدیداروں سے ملاقات

ناران (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف خیبر پختونخواہ پہنچ گئے جہاں انہوں نے تقریباً 16 سال بعد ناران کا دورہ کیا۔ نواز شریف نے ناران میں مسلم لیگ (ن) کے مقامی عہدیداران سے اہم ملاقات کی (بقیہ 26 صفحہ 7پر)

امریکی ڈرون کمپنی پاورس کے پاک فوج کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط، ابتدائی آرڈر بھی حاصل کرلی

پاورس کے بانی اور چیف ایگزیکٹو اینڈریو فاکس نے گزشتہ روز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کی تھی، رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) امریکی ڈرون ساز کمپنی پاورس (Powerus) نے پاک فوج کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے ہیں جس میں ڈرونز سے متعلق ایک ابتدائی آرڈر بھی شامل ہے۔ غیرملکی خبررساں ایجنسی کے مطابق کمپنی کے شریک بانی بریٹ ویلکوچ نے سکیورٹی وجو(بقیہ 25 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر علی پرویز ملک سے آسٹریلیا کے ہائی کمشنر ملاقات کررہے ہیں

سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کی سینٹ کام کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر سے ملاقات

جدہ (جی این ایم) سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر سے ملاقات کی سعودی سرکاری ٹیلی ویژن کے مطابق جدہ میں ہونے والی ملاقات میں خطے کی تازہ ترین صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا (بقیہ 29 صفحہ 7پر)

کشمیر کے عوام نے احتجاج کو مسترد کیا — طلال چوہدری

کے پی حکومت دہشت گردی کی جنگ میں نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد نہیں کرنا چاہتی، وزیر مملکت

دہشت گردی کی جنگ پاکستان کے استحکام کی جنگ ہے، اس میں تعاون کریں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ دہشت گردی کیخلاف جنگ میں کے پی حکومت کی تعاون کی یقین دہانی کرانے میں ناکامی پر مذاکرات ناکام ہوئے۔ ایک انٹرویو میں طلال چوہدری نے کہا کہ کے پی حکومت دہشت گردی کی جنگ میں نیشنل(بقیہ 28 صفحہ 7پر)

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کے صاحبزادے ثناء اللہ اچکزئی کی وفات پر سینیٹر دھنیش کمار اور اراکین اسمبلی میر عبیداللہ گورگیج میر لیاقت لہڑی اور سنجے کمار تعزیت کررہے ہیں

وسائل ہمارے لیے دردِ سر بن گئے اتحاد کی راہ اپنانی ہوگی، خوشحال کاکڑ

ہماری قومی اسمبلی میں نمائندگی ژوب، شیرانی اور قلعہ سیف اللہ کے عوام کی تاریخی اور بھرپور حمایت کی وجہ سے ممکن ہوئی ہے

دو سال تک ہماری نمائندگی کو مختلف حربوں کے ذریعے روکے رکھا گیا لیکن پارٹی رہنماؤں، کارکنوں کی انتھک جدوجہد، وکلاء کی انتھک محنت کے باعث کامیابی ممکن ہوئی

ژوب (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیرِ اہتمام ژوب کے مختلف علاقوں میں شمولیتی و عوامی اجتماعات منعقد ہوئے، جن میں کوشک غر عبدالرحیم زئی کے شمولیتی پروگرام سے پارٹی چیئرمین رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ، سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا، نجیب کبزئی، حسین کبزئی، حاجی بازک، اللہ داد آدم زئی، ملک صاحب خان، شیخ ثناء الدین اور صمد افغان نے خطاب کیا اور 100 سے زائد افراد نے پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا، جبکہ پارٹی کی علاقائی بینہ دانہ عبداللہ زئی کے زیرِ نگرانی منعقدہ عوامی اجتماع سے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ، سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا، طاہر شاہ پخیزئی اور علاقائی سیکریٹری خدائے رحمت، تورہ خولہ مسجد کے اجتماع سے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ، سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا اور علاقائی معاون خدائی دوست کبزئی نے خطاب کیا۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے ژوب کے غیور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہماری قومی اسمبلی میں نمائندگی ژوب، شیرانی اور قلعہ سیف اللہ کے عوام کی تاریخی اور بھرپور حمایت کی وجہ سے ممکن ہوئی ہے حالانکہ دو سال تک ہماری نمائندگی کو مختلف حربوں کے ذریعے روکے رکھا گیا لیکن پارٹی رہنماؤں، کارکنوں کی انتھک جدوجہد، وکلاء کی انتھک محنت کے باعث کامیابی ممکن ہوئی اور ہمارا یہ عوامی دورہ انہیں مشکلات کے باعث تاخیر سے اب شروع ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہر فورم پر اپنے غیور عوام کی بھرپور نمائندگی کرتے ہوئے آپ کے تمام مسائل ہر فورم پر اُٹھائینگے اور انہیں حل کرنے کی بھرپور کوشش کرینگے لیکن ملک کے موجودہ حالات میں جو حکمران اقتدار پر قابض ہے وہ عوام کے مسائل حل کرنے کی بجائے اپنے ذاتی اور گروہی مفادات کو ترجیح دے رہے ہیں لیکن ہم آپ کے ووٹ کی طاقت سے ملک کے محکوم اقوام اور مظلوم عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے اپنے جدوجہد کو مزید آگے بڑھائینگے۔ انہوں نے کہا کہ پورے پشتونخوا وطن سوات سے لیکر کوئٹہ تک مصنوعی دہشتگردی مسلط کر کے بدامنی اور لاقانونیت کے باعث تمام عوام کو اپنے سر و مال کے تحفظ کا سنگین مسئلہ درپیش ہیا ور لوگ بنیادی مسائل کے حل کی بجائے امن و امان قائم کرنے کے مطالبات کر رہے ہیں اور امن و امان کے ایسے واقعات ژوب اور شیرانی میں بھی وقوع پزید ہوئے ہیں اور اس مصنوعی دہشتگردی کے باعث سابق فاٹا میں (وزیرستان سمیت) مختلف علاقوں میں پشتون عوام کو اذیت ناک صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے جہاں مساجد، سکول، مکان، ڈاکٹرز، دانشور، ملکان، خواتین تک محفوظ نہیں بلکہ ہمارے سکول کے بچوں تک کو شہید کیا گیا اور یہ صورتحال اور حالات مزید قابل برداشت نہیں اور اگر یہی ریاستی پالیسی چلتی رہی تو آپ سب کو اپنے علاقوں سے بے دخل کر دیا جائیگا جس طرح سوات سے لیکر وزیرستان تک کے پشتونوں کو اپنے آبائی علاقوں سے بے دخل کیا گیا اور اس بدامنی اور لاقانونیت کی وجہ ہمارے اور آپ کے معدنی وسائل ہے اور ان وسائل پر قبضہ کرنے اور انہیں لوٹنے کیلئے استعماری ریاست جنگ کی پالیسی اپنائے ہوئے ہیں حالانکہ وسائل کی موجودگی اور اُن کی آمدن کی وجہ سے ہماری قوم کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاتا لیکن ہمارے وسائل ہمارے لئے دردِ سر بن گئے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون غیور ملت نے ان تلخ حالات کا ادراک کرتے ہوئے

صوبہ ہزارہ تحریک کا کراچی، ہری پور اور بٹگرام میں جلسوں کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) صوبہ ہزارہ تحریک کے چیئرمین اور وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ صوبہ ہزارہ تحریک نے عوامی رابطہ مہم کا فیصلہ کیا ہے، 4 اکتوبر کو ہری پور صوبہ ہزارہ کنونشن جبکہ 11 اکتوبر کو بٹگرام اور 18 اکتوبر کو کراچی میں کنونشن منعقد ہوگا۔ یہ بات انہوں نے سینیٹر طلحہ محمود کی رہائش گاہ پر سینئر قیادت کے اجلاس کے بعد گفتگو کرتے ہوئے

تحصیل آفس گنداخہ مکمل طور پر بحال، تمام عملہ دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف

شہریوں کو دفتری امور کے سلسلے میں سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے

گنداخہ (نور حسن جمالی) تحصیل آفس گنداخہ کی عمارت مکمل طور پر بحال اور مرمت و تزئین کا کام مکمل کر لیا گیا ہے، جس کے بعد تحصیل آفس میں تمام عملہ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہا ہے اور شہریوں کو دفتری امور کے سلسلے میں سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق سال 2022 کے تباہ کن سیلاب کے باعث تحصیل آفس گنداخہ کی عمارت شدید متاثر ہو کر تقریباً ناقابلِ استعمال ہو گئی تھی، جس کے بعد تحصیل آفس کے عملے کو دفتری امور کی انجام دہی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا رہا۔ تاہم صوبائی وزیر سردارزادہ میر فیصل خان جمالی اور ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی کوششوں سے تحصیل آفس کی عمارت کی بحالی، مرمت اور ریپئرنگ کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ حالیہ مرمتی کام کے بعد تحصیل آفس کی عمارت دوبارہ فعال ہو گئی ہے، جبکہ تحصیلدار میران بخش اپنے تمام عملے کے ہمراہ باقاعدگی سے دفتر میں موجود رہتے ہیں

روحانی طلبہ جماعت ضلع حب کے زیرِ اہتمام تنظیم کا 51 واں یومِ تاسیس

یوم تاسیس انتہائی عقیدت و احترام، روایتی جوش و جذبے اور شاندار انداز میں منایا گیا

حب (پ ر) روحانی طلبہ جماعت ضلع حب کے زیرِ اہتمام تنظیم کا 51 واں یومِ تاسیس انتہائی عقیدت و احترام، روایتی جوش و جذبے اور شاندار انداز میں منایا گیا، اس سلسلے میں ایک پروقار اور پرجوش تقریب ضلعی صدر ایاز اکبر طاہری کی رہائش گاہ (بمقام جنگلات آفس حب) میں منعقد ہوئی، جس کی صدارت خود ضلعی صدر ایاز اکبر طاہری نے فرمائی، تقریب کے مہمانِ خصوصی روحانی طلبہ جماعت پاکستان کے صوبائی صدر طاہر حسین طاہری تھے، جنہوں نے تقریب میں خصوصی شرکت کی، یومِ تاسیس کی اس پروقار محفل میں ضلعی عہدیداران سمیت حب سٹی، حاجی سومار محلّہ، لاسی روڈ، بھوانی اور بہلور درجی برانچز سے تنظیمی کارکنان اور وابستگان نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے اپنے تنظیمی اتحاد کا ثبوت دیا، تقریب کا باقاعدہ آغاز کلامِ الٰہی کی تلاوت، بارگاہِ رسالت ﷺ میں ہدیہ نعت اور منقبت کے نذرانوں سے کیا گیا، اس موقع پر شرکاء سے مدلل اور مفصل گفتگو کرتے ہوئے صوبائی صدر طاہر حسین طاہری نے تنظیم کے تاریخی پس منظر، اغراض و مقاصد اور تنظیمی ڈھانچے پر تفصیلی روشنی ڈالی، انہوں نے ضلع حب کے مخلص دوستوں اور کارکنان کی انتھک جدوجہد، مخلصانہ کاوشوں اور تنظیمی خدمات کو زبردست الفاظ میں سراہا

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین اسکول کا دورہ کر رہی ہیں

سوراب۔ ڈن کراس روڈ کے تعمیراتی معیار پر شکایت، ڈپٹی کمشنر کا فوری نوٹس، افسران کو معائنہ کی ہدایت

ضلع بھر میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا

سوراب (نمائندہ بولان) بازار تا ڈن کراس روڈ کے جاری تعمیراتی کام میں مبینہ ناقص میٹریل کے استعمال سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی شکایت کا ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ نے فوری نوٹس لے لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایکسین اور ایس ڈی او بی اینڈ آر کو ہدایت کی کہ بازار تا ڈن کراس روڈ کا فوری موقع پر معائنہ کیا جائے اور تعمیراتی کام میں استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار کا مکمل جائزہ لیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سوراب تا ڈن روڈ سمیت ضلع بھر میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ متعلقہ افسران تعمیراتی کاموں کی مؤثر نگرانی یقینی بنائیں اور تمام منصوبے مقررہ قواعد و ضوابط اور معیار کے مطابق مکمل کرائے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ موقع کا تفصیلی معائنہ کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ تعمیراتی میٹریل کے معیار میں کسی قسم کی کوتاہی یا بے ضابطگی سامنے آنے کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فنڈز سے جاری ترقیاتی منصوبے عوام کی امانت ہیں، اس لیے ان کے معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

سکھر پولیس کا سماجی برائیوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 15 جواری گرفتار، مقدمہ درج

ملزمان کے قبضے سے تاش کے پتے، جوا کی مختلف اقسام میں استعمال ہونے والا سامان، متعدد موبائل فونز اور 45 ہزار روپے نقد رقم برآمد کی گئی

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) سکھر پولیس نے سماجی برائیوں کے خاتمے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کرتے ہوئے جوا کھیلنے والے 15 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP، QPM کی سخت ہدایات پر تھانہ بی سیکشن پولیس نے خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کی۔ پولیس حکام کے مطابق ایس ایچ او تھانہ بی سیکشن کو اطلاع ملی تھی کہ تھانے کی حدود میں ایک مقام پر جوا کھیلا جا رہا ہے، جس پر پولیس ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مبینہ جوا اڈے پر چھاپہ مارا۔ کارروائی کے دوران پولیس نے جوا کھیلنے میں مصروف 15 افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے تاش کے پتے، جوا کی مختلف اقسام میں استعمال ہونے والا سامان، متعدد موبائل فونز اور 45 ہزار روپے نقد رقم برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزمان میں جمشید شیخ، مجاہد داؤد پوٹو، اخلاق احمد، نبی بخش شیخ، عارف حسین میتلو، عبدالحمید قاضی، محمد رمضان، ساگر، عبدالمجید قاضی، امداد قاضی، فرحان شیخ، یونس میرانی، حاکم شیخ، بشیر ملک اور زبیر شیخ شامل ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان کے خلاف جوا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

ملکی معیشت کی بہتری کیلئے ایکسپورٹ کو ہر صورت میں بڑھانا ہوگا

سینیٹر محمد عبدالقادر

تجارتی خسارے میں اضافہ توجہ طلب، برآمدی معیشت کو مضبوط بنانا ہوگا

برآمدات میں بہتری خوش آئند، حکومت پیداواری لاگت میں کمی اور نئی عالمی منڈیوں تک رسائی پر توجہ دے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ برآمدات میں بہتری خوش آئند ہے، تاہم ملکی تجارتی خسارے میں اضافہ سنجیدہ توجہ اور مؤثر معاشی اقدامات کا متقاضی ہے۔ حکومت کو برآمدی صنعتوں کی مسابقت بڑھانے، مقامی پیداوار کو فروغ دینے اور درآمدی انحصار میں بتدریج کمی کے لیے مربوط حکمتِ عملی اختیار کرنا ہوگی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ادارہ شماریات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال 2026–27 کی پہلی سہ ماہی، جولائی تا ستمبر، میں اشیا کی تجارت کا خسارہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 15.13 فیصد بڑھ کر 10 ارب 79 کروڑ 20 لاکھ ڈالر ہو گیا۔ اس دوران برآمدات 10.84 فیصد اضافے سے 8.423 ارب ڈالر جبکہ درآمدات 13.21 فیصد اضافے سے 19.215 ارب ڈالر رہیں۔ یہ اعداد ظاہر کرتے ہیں کہ برآمدی آمدنی میں اضافے کے باوجود درآمدات میں زیادہ اضافے سے تجارتی خلا وسیع ہوا ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ستمبر 2026 میں برآمدات گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 17.61 فیصد بڑھ کر 2.939 ارب ڈالر جبکہ درآمدات 11.05 فیصد بڑھ کر 6.494 ارب ڈالر رہیں، جس سے ماہانہ تجارتی خسارہ 3.555 ارب ڈالر بنا۔ اگرچہ ستمبر میں برآمدات کی شرحِ نمو زیادہ رہی، تاہم ڈالر کے لحاظ سے درآمدات میں اضافہ برآمدات کے اضافے سے زیادہ تھا، جس کے باعث تجارتی خسارہ بڑھا۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار بہتری کے لیے برآمدی آمدنی میں مسلسل اضافہ ضروری ہے۔ صنعتی پیداوار اور برآمدات کے لیے درکار خام مال اور مشینری کی دستیابی برقرار رکھتے ہوئے غیر ضروری درآمدات میں کمی اور مقامی متبادل کی تیاری کو فروغ دیا جائے۔ توانائی کے درآمدی انحصار میں کمی، مقامی وسائل کے مؤثر استعمال اور توانائی کی بچت کو بھی معاشی پالیسی میں ترجیح دی جائے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی نے مزید کہا کہ پاکستان کو زیادہ قدر والی مصنوعات، زرعی پروسیسنگ، انجینئرنگ مصنوعات اور آئی ٹی خدمات کی برآمدات بڑھانے کے ساتھ نئی عالمی منڈیوں تک رسائی پر توجہ دینا ہوگی۔ برآمد کنندگان کو مسابقتی نرخوں پر قابلِ اعتماد توانائی، بروقت ٹیکس ریفنڈز، آسان کاروباری طریقہ کار اور مؤثر لاجسٹکس فراہم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی خسارے کے دباؤ کو کم کرنے کے لیے حکومت، صنعت اور برآمد کنندگان کے درمیان عملی تعاون بڑھایا جائے۔ برآمدات میں موجودہ بہتری کو مستقل پیش رفت میں تبدیل کرنے کے لیے پالیسی کا تسلسل، مضبوط صنعتی بنیاد اور مصنوعات و منڈیوں میں تنوع ضروری ہے۔ پاکستان کی معاشی مضبوطی کے لیے ایسی برآمدی معیشت تشکیل دینا ہوگی جو روزگار، زرمبادلہ کی آمدنی اور پائیدار ترقی میں مسلسل اضافہ کرے۔

جبر و استحصال کے خلاف ملک کے سب سے بڑے مزدور اتحاد کے قیام کا اعلان

کراچی (این این آئی) ملک کی بڑی مزدور فیڈریشنز اور یونینز نے پاکستان کے سب سے بڑے مزدور اتحاد ٹریڈ یونینز کنفیڈریشن آف پاکستان کے قیام اور مزدوروں پر ہونے والے جبر، استحصال اور بنیادی حقوق کی پامالی کے خلاف بھرپور مزاحمت کے عزم کیساتھ 20 اکتوبر کو ملک بھر میں مزدور ایکشن ڈے منانے کا اعلان کر دیا۔ کراچی پریس کلب میں مزدوروں کی نئی تنظیم ٹریڈ یونینز آف کنفیڈریشن آف پاکستان کے نمائندوں نے پریس کانفرنس میں کی

ووڈ ورڈ ٹرافی انڈر 17- انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ

محمد ابراہیم کی عمدہ بیٹنگ، برہان قمر، ارحم حسین، محمد ندیم کی جارحانہ بالنگ

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیرِ اہتمام میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے منعقد کردہ آر سی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام ووڈ ورڈ ٹرافی انڈر 17- انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ میں گزشتہ روز مزید دو میچز کا فیصلہ ہو گیا۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم پر کھیلے گئے پہلے میچ میں زون پانچ وائٹس نے زون ایک گرین کو 146 رنز سے ہرا دیا۔ زون پانچ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 217 رنز بنائے۔ محمد ابراہیم نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 9 چوکوں ایک چھکے کی مدد سے 74، عابد اللہ 42 محمد رحیم نے 37 رنز بنائے۔ آف اسپنر برہان قمر نے جارحانہ بالنگ کرتے ہوئے 40 رنز دیکر 5 اور عبداللہ ساکریا نے 32 رنز دیکر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں زون ایک گرین 71 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ محمد مزمل نے 14 رنز بنائے۔ ارحم حسین نے 15 رنز دیکر 4 اور محمد ریحان نے 30 رنز دیکر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ کھیل کے اختتام پر فرسٹ کلاس کرکٹر معظم ملک نے زون پانچ وائٹس کے ارحم حسین کو میڈی کیم مین آف دی میچ ایوارڈ دیا۔ ٹی ایم سی گراؤنڈ پر کھیلے گئے دوسرے میچ میں زون دو وائٹس نے زون چار بلوز کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔ زون چار بلوز پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے

قلات، ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری اقلیتی کمیونٹی کے مسائل سن رہے ہیں

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اوستہ محمد پینے کے صاف پانی کا بحران، شہری پانی کی بوند بوند کے لیے ترس گئے

مساجد و مدارس بھی متاثر شہری غیر معیاری پانی مہنگے داموں خریدنے پر مجبور

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) اوستہ محمد شہر میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت کے باعث شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ مساجد اور مدارس میں وضو کے لیے بھی پانی نایاب ہو گیا ہے۔ شدید گرمی میں شہری پانی کے حصول کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ شہریوں کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی کا نظام شدید متاثر ہے، جس کے باعث گھریلو ضروریات پوری کرنا بھی دشوار ہو گیا ہے۔ پانی کی قلت کے باعث مساجد اور مدارس میں آنے والے نمازیوں اور طلبہ کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ محکمہ شہر میں پانی کی فراہمی یقینی بنانے میں ناکام دکھائی دے رہا ہے۔ عوام نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ اوستہ محمد میں پانی کے بحران کا فوری نوٹس لے کر شہریوں کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ شہر میں پینے کے صاف پانی کی قلت کی وجہ سے شہر کربلا کا منظر پیش کر رہا ہے

ایف بی آر کی مبینہ ہراسانی، ٹیکس پالیسیوں کیخلاف پی ایم اے کا ملک گیر ہڑتال کا اعلان

کراچی (این این آئی) ایف بی آر کی مبینہ ہراسانی اور ٹیکس پالیسیوں کے خلاف پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) نے ملک گیر ہڑتال کا اعلان کر دیا۔ پی ایم اے نے ملک بھر میں تمام طبی مراکز بند رکھنے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرائیویٹ اسپتالوں پر پی او ایس سسٹم مسلط کرنا قابل قبول نہیں۔ جنرل سیکرٹری پی ایم اے کے مطابق ہیلتھ کیئر سروسز کو ریٹیل سیلز قرار دینا ناقابل قبول ہے،

سوراب میں براق فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام سائنس ایگزیبیشن 7 نومبر کو ہوگی

سرکاری اسکولوں اور کالجز کے طلبہ و طالبات کے لیے بھی نجی تعلیمی اداروں کے مساوی سالانہ مالی اخراجات ادا کیے جائیں گے

سوراب (نمائندہ بولان) براق فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام ضلع سوراب کے سرکاری و غیر سرکاری اسکولوں اور کالجز کے طلبہ و طالبات کے لیے سائنس ایگزیبیشن 7 نومبر 2026 کو منعقد کی جائے گی، جس میں طلبہ و طالبات کو اپنی سائنسی صلاحیتوں اور تخلیقی مہارتوں کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ براق فاؤنڈیشن کے مطابق رواں سال سائنس ایگزیبیشن نئے انداز میں منعقد کی جا رہی ہے، جس میں ٹاپ 7 سے 9 پوزیشن ہولڈرز کی سالانہ فیس ادا کی جائے گی، جبکہ سرکاری اسکولوں اور کالجز کے طلبہ و طالبات کے لیے بھی نجی تعلیمی اداروں کے مساوی سالانہ مالی اخراجات ادا کیے جائیں گے۔ ایگزیبیشن میں ضلع سوراب کے ہر اسکول اور کالج سے خواہشمند طلبہ و طالبات فزکس، کیمسٹری، بائیولوجی، کمپیوٹر اور مصنوعی ذہانت (AI) کے شعبوں میں اپنے پسندیدہ سائنسی پروجیکٹس کے ساتھ حصہ لے سکیں گے۔ براق فاؤنڈیشن کی جانب سے طلبہ و طالبات سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ ادارے کے دفتر یا مبین گرافکس سے مفت فارم حاصل کریں اور اپنے منتخب کردہ پروجیکٹ کے فارم 13 اکتوبر 2026 تک متعلقہ ادارے کے دفتر یا مبین گرافکس کی دکان پر جمع کروائیں۔

مون سون سیزن، کراچی میں بارشیں معمول سے 92 فیصد کم رہیں، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (این این آئی) مون سون سیزن کے دوران سندھ ملک کا سب سے کم بارش والا صوبہ رہا، کراچی میں جولائی سے ستمبر کے دوران معمول سے 92 فیصد کم بارشیں ریکارڈ کی گئیں۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق رواں سال یکم جولائی سے 30 ستمبر تک ملک میں مجموعی طور پر 120.5 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی، جو معمول سے 19.3 فیصد کم ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق سندھ میں مون سون کے دوران معمول سے 50.8 فیصد کم بارش ہوئی

شیرانی، ڈپٹی کلیم اللہ کاکڑ کسانوں میں کارڈ تقسیم کر رہے ہیں

جناح ہسپتال کراچی کے تعاون سے خواتین کے لیے مفت طبی کیمپ

300 سے زائد مریضوں کا معائنہ، تھیلیسیمیا سے بچاؤ اور جینیاتی ٹیسٹ سے متعلق آگاہی۔

بدین (نامہ نگار) بدین کے تھیلیسیمیا سینٹر میں سوسائٹی فار کیئر آف تھیلیسیمیا پیشنٹس بدین کی جانب سے اور جناح ہسپتال کراچی کے تعاون سے خواتین کے لیے ایک روزہ مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جہاں 300 سے زائد خواتین مریضوں کا ماہر ڈاکٹرز نے مفت طبی معائنہ کیا، انہیں ضروری ادویات فراہم کی گئیں جبکہ مختلف امراض کے حوالے سے طبی مشاورت بھی دی گئی۔ کیمپ کے دوران خواتین اور ان کے اہلخانہ کو خصوصاً کوریونک وِلس سیمپلنگ (سی وی ایس) کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ طبی ماہرین کے مطابق کوریونک وِلس سیمپلنگ حمل کے ابتدائی مرحلے میں ہونے والا ایک اہم جینیاتی ٹیسٹ ہے، جس کے ذریعے رحم میں موجود بچے کی تھیلیسیمیا سمیت بعض جینیاتی بیماریوں سے متعلق معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ماہرین کے مطابق اس طریقہ کار میں بچے سے متعلق نال کے ابتدائی حصے سے انتہائی معمولی مقدار میں خلیات کا نمونہ حاصل کر کے اس کا جینیاتی معائنہ کیا جاتا ہے۔ اگر شوہر اور بیوی دونوں تھیلیسیمیا کے جین کے حامل ہوں تو ہر حمل میں بچے کو تھیلیسیمیا منتقل ہونے کا خطرہ موجود رہتا ہے، ایسی صورت میں ماہر ڈاکٹر کی مشاورت سے حمل کے ابتدائی مرحلے میں کوریونک وِلس سیمپلنگ کے ذریعے بچے کی جینیاتی کیفیت کے بارے میں معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ جناح ہسپتال کراچی کی گائنا کالوجی شعبے کی پروفیسر اور وارڈ بی 9 سے وابستہ ڈاکٹر نگہت علی شاہ جبکہ خواتین کے امراض اور ماں و بچے کی صحت کی ماہر ڈاکٹر ارم ماجد شیخ کے مطابق یہ ٹیسٹ عموماً حمل کے 11 سے 14 ہفتوں کے دوران الٹرا ساؤنڈ کی رہنمائی میں کیا جاتا ہے، تاہم اس حوالے سے فیصلہ ماہر ڈاکٹر مریضہ کی طبی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے کرتے ہیں۔ اس موقع پر گائنا کالوجی کی ماہر ڈاکٹر نگہت علی شاہ نے کہا کہ تھیلیسیمیا سے بچاؤ کے لیے شادی سے قبل لڑکے اور لڑکی دونوں کے خون کے ٹیسٹ کرانا انتہائی اہم ہے۔ اگر دونوں میں تھیلیسیمیا کا جین موجود ہو تو حمل کے دوران ماہر ڈاکٹر سے بروقت مشاورت کی جانی چاہیے تاکہ بچے کی صحت اور جینیاتی کیفیت کے بارے میں ضروری معلومات ابتدائی مرحلے میں حاصل کی جا سکیں

حب۔ روحانی طلبہ جماعت ضلع حب کے زیرِ اہتمام 51 واں یوم تاسیس کے موقع پر شرکاء ایک دوسرے کو کیک کھلا رہے ہیں

جامع مسجد سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ میں درسِ قرآن و حدیث

ششماہی امتحانی نتائج کی تقریب، کامیاب طلبہ میں انعامات تقسیم۔

بدین (نامہ نگار) جامع مسجد سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ میں درسِ قرآن و حدیث اور ششماہی امتحان میں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کرنے کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں طلبہ، والدین، علمائے کرام اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت اہلِ حدیث سندھ کے ناظم اعلیٰ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالحفیظ سموں نے کہا کہ صحیح مسلم، جامع ترمذی، مسند احمد اور حدیث کی دیگر کتب میں حدیث مبارکہ موجود ہے، جس میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب انسان وفات پا جاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے، سوائے تین چیزوں کے: صدقہ جاریہ، ایسا علم جس سے لوگ فائدہ اٹھائیں اور نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرتی رہے انہوں نے کہا کہ انسان کو اپنی زندگی میں ایسے کام کرنے چاہئیں جن کا فائدہ اس کی وفات کے بعد بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو پہنچتا رہے۔ مسجد یا مدرسہ تعمیر کروانا، کنواں یا ہینڈ پمپ لگانا، مسافر خانہ قائم کرنا، درخت لگانا، مسجد اور مدرسے میں قرآن پاک فراہم کرنا، دینی کتب شائع کروانا اور لوگوں کو دینی تعلیم دینا صدقہ جاریہ کی اہم مثالیں ہیں ڈاکٹر عبدالحفیظ سموں نے کہا کہ انسان کو ایسا علم اور علمی ورثہ چھوڑ کر جانا چاہیے جس سے اس کی وفات کے بعد بھی لوگ فائدہ حاصل کرتے رہیں۔ سلف صالحین نے متعدد کتب تحریر کیں جو صدیاں گزرنے کے باوجود آج بھی لوگوں کی دینی اور عقیدے کی اصلاح کا ذریعہ بنی ہوئی ہیں۔ موجودہ جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے دینی تعلیم و دعوت کو ریکارڈ کر کے زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانا بھی علم کی اشاعت کا ایک اہم ذریعہ ہے انہوں نے کہا کہ نیک اور صالح اولاد والدین کے لیے بہت بڑا سرمایہ ہے، جو ان کی وفات کے بعد بھی ان کے لیے دعائیں کرتی رہتی ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنی اولاد کی دینی تربیت پر خصوصی توجہ دیں اور کم از کم اپنی اولاد میں سے ایک فرد کو دینی تعلیم حاصل کرنے اور دین کی خدمت کے لیے وقف کرنے کی کوشش کریں، تاکہ وہ ان کے لیے صدقہ جاریہ کا ذریعہ بن سکے فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالحفیظ سموں نے کہا کہ جامع مسجد سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ میں 50 سے زائد طلبہ قرآن پاک کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے 99 نام یاد کرنے اور ان کے تقاضوں کے مطابق عمل کرنے کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ کی دینی تعلیم و تربیت کو سراہتے ہوئے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو قرآن و سنت کی تعلیم سے وابستہ کریں تقریب کے دوران زیرِ تعلیم طلبہ نے تلاوتِ قرآن پاک، دینی نظم، وضو کا طریقہ، نماز کا مسنون طریقہ، مختلف مسنون دعائیں اور اللہ تبارک و تعالیٰ کے 99 نام پیش کر کے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، جس پر شرکاء نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی تقریب کے اختتام پر جامع مسجد سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے پیش امام و استاد مولانا ذوالفقار راہموں نے ششماہی امتحان میں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ کے نتائج کا اعلان کیا ناظرہ قرآن کے شعبے میں پہلی پوزیشن عنایہ بنت سرفراز سموں، یحییٰ بن عبدالحمید اور عکرمہ بن عمران نے حاصل کی

لوکل گورنمنٹ گرینڈ الائنس خیبر پختونخوا کا بلدیاتی ملازمین اور پنشنرز کی تنخواہوں و پنشن کی بروقت ادائیگی کا مطالبہ

صوابی (این این آئی) لوکل گورنمنٹ گرینڈ الائنس خیبر پختونخوا کے صوبائی رہنما شوکت علی انجم نے کہا ہے کہ بلدیاتی اداروں کے ملازمین اور پنشنرز گزشتہ چار، پانچ سال سے تنخواہوں اور پنشن کی بروقت عدم ادائیگی کے مسائل سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کبھی فنڈز کی کمی و عدم فراہمی، کبھی فرسودہ اکاؤنٹنگ نظام پرسنل لیجر اکاؤنٹ کی بندش اور کبھی اس میں توسیع کے باعث ملازمین اور پنشنرز کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ ان کے خاندان بھی مالی مشکلات سے دوچار ہوتے ہیں۔

اسپیکر چیمبر میں پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے درمیان پارلیمانی امور پر مشاورت

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی چیمبر میں پاکستان پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے درمیان پارلیمانی امور پر مشاورت میں دونوں پارٹی کے رہنما شریک ہوئے۔ (ن) لیگ کے طارق فضل چوہدری بلال اظہر کیانی وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ بھی اجلاس میں موجود تھے جبکہ پیپلز پارٹی ارکان شیری رحمان اور نوید قمر اجلاس میں شریک ہوئے۔

سٹیل انڈسٹری کیلئے بجلی پر سیلز ٹیکس کی شرح مزید سخت کر دی گئی

فاٹا، پاٹا اور ری رولز کو بھی کم ٹیکس شرح صرف مخصوص شرائط پر ملے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سٹیل سیکٹر میں بجلی پر سیلز ٹیکس کی پوری صلاحیت کے مطابق وصولی کو یقینی بنانے کیلئے سٹیل انڈسٹری کیلئے بجلی پر سیلز ٹیکس کی شرح مزید سخت کر دی، فاٹا، پاٹا اور ری رولز کو کم ٹیکس شرح صرف مخصوص شرائط پر ملے گی۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ری رولرز بجلی کے ہر یونٹ پر 30 روپے سیلز ٹیکس ادا کریں گے، فاٹا و پاٹا کے اسٹیل میلٹرز، کمپوزٹ یونٹس کیلئے بھی شرائط مزید سخت کر دی ہیں، اگر مقامی اسکریپ استعمال کریں گے تو ہر یونٹ پر 20 روپے جی ایس ٹی لگے گا 70 فیصد سے زائد درآمدی خام مال یا اسکریپ کیا استعمال پر 5 روپے یونٹ ٹیکس لاگو ہوگا، اسی طرح پانچ روپے یونٹ کے رعایتی ریٹ کا اطلاق سہ ماہی خریداری یا درآمدات کی بنیاد پر ہوگا، بجلی پر وصول کیا گیا سیلز ٹیکس ایڈوانس سمجھا جائے گا، بعد میں آؤٹ پٹ ٹیکس کے خلاف ایڈجسٹ کیا جا سکے گا، بجلی کنکشن کا مالک بدلنے یا لیز پر دینے کے باوجود برقرار رہے گا۔

پھی پولیس کی کارروائی، 4 رکنی راہزن گروہ کا مبینہ سرغنہ گرفتار، لوٹی گئی رقم اور موبائل فون برآمد

پھی (این این آئی) تھانہ پھی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر 4 رکنی منظم راہزن گروہ کے سرغنہ کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے لوٹی گئی رقم، موبائل فون اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق عطا الرحمٰن ولد نوشاد، سکنہ ارمڑ پایان، نے تھانہ پھی میں رپورٹ درج کرائی کہ دہیہ علی بیگ روڈ پر اس کی گاڑی خراب ہو گئی تھی۔ اسی دوران دو موٹر سائیکلوں پر سوار 4 مسلح افراد نے اسلحے کی نوک پر اس سے 7 ہزار روپے نقدی اور اس کے ساتھی سے موبائل فون چھین لیا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز منور حسین کملانہ کی زیر صدارت ضلعی کمیٹی گندم کا اجلاس

گندم کی کاشت کے ہدف، نہری پانی کی موجودہ صورتحال اور کھادوں کی مقررہ قیمتوں پر دستیابی سمیت دیگر امور کا جائزہ

خانیوال (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز منور حسین کملانہ کی زیر صدارت ضلعی کمیٹی گندم کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں گندم کی کاشت کے ہدف، نہری پانی کی موجودہ صورتحال اور کھادوں کی مقررہ قیمتوں پر دستیابی سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت مہر محمد اقبال نے اجلاس کو گندم کی کاشت کے اہداف، نہری پانی کی صورتحال اور کھادوں کی مقررہ نرخوں پر دستیابی بارے بریفنگ دی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر منور حسین کملانہ نے کہا کہ گندم ہماری بنیادی غذا ہے اور ملکی ضروریات پوری کرنے کیلئے انتہائی اہم فصل ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر گندم کی کاشت کا مقررہ ہدف حاصل کرنے کیلئے محکمہ زراعت متحرک ہو کر کام کرے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع خانیوال میں گندم کی کاشت کیلئے 5 لاکھ 3 ہزار ایکڑ رقبہ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے حصول کیلئے تمام متعلقہ محکمے مربوط انداز میں اقدامات کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ محکمے اور نمبرداران گندم کی کاشت کے حوالے سے بھرپور آگاہی مہم چلائیں

سی ویو دو دریا کے قریب سے پراپرٹی کے کام سے منسلک شخص کی گولی لگی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) کراچی میں ڈیفنس فیز 8 میں گاڑی سے ایک شخص کی گولی لگی لاش ملی ہے۔ ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق مقتول کی عمر 35 سے 40 سال کے درمیان ہے جس کی شناخت حسن کے نام سے ہوئی۔ ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق مقتول کی لاش گاڑی کی ڈرائیونگ سیٹ سے ملی، مقتول خود گاڑی چلا رہا تھا۔

بدین۔ تعلقہ بدین کی دیہہ واریارو سے تعلق رکھنے والی لونڈ برادری کے افراد زمین کے ریکارڈ میں جعلسازی کے خلاف بدین پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کر رہے ہیں

سروے زمین کے مبینہ جعلی کھاتوں کے خلاف دیہہ واریارو کے رہائشیوں کا احتجاج

قبضہ ختم نہ ہونے پر از خود زمین واگزار کرانے کی دھمکی

بدین (نامہ نگار) تعلقہ بدین کی دیہہ واریارو سے تعلق رکھنے والی لونڈ برادری کے افراد حاجی سلطان لونڈ، مہرگ خان لونڈ، ہوت خان لونڈ اور دیگر دیہاتیوں نے بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ اسسٹنٹ کمشنر بدین، مختیار کار بدین اور دیہہ واریارو کے تپیدار نے علاقے کے بااثر افراد ضلع کونسل کے رکن عبدالشکور نہڑیو، شبیر نوہڑیو اور قادر نہڑیو سے مبینہ طور پر لاکھوں روپے رشوت لے کر ان کی سروے زمین کے جعلی کھاتے تیار کروا کر زمین پر قبضہ کروا دیا ہے۔ مظاہرین نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کی سروے زمین کا اصل ریکارڈ ان کے پاس موجود ہے اور انہوں نے مبینہ جعلی کھاتوں کی تحقیقات کے لیے ڈپٹی کمشنر بدین اور اسسٹنٹ کمشنر بدین سے متعدد بار رجوع کیا، تاہم ان کے مطابق معاملے کی تحقیقات کے بجائے مسلسل ٹال مٹول سے کام لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ اسسٹنٹ کمشنر بدین قبضہ کرنے والے افراد سے زمین کی ملکیت کے ثبوت اور ریکارڈ طلب کرنے کے بجائے الٹا ان پر دباؤ ڈال رہے ہیں کہ وہ خود ثابت کریں کہ مذکورہ زمین ان کی ملکیت ہے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ ان کی سروے زمین کے ریکارڈ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، مبینہ جعلی کھاتوں کی جانچ پڑتال کی جائے

"اپنی چھت، اپنا گھر" منصوبے کو عالمی پذیرائی، پنجاب اور پاکستان کیلئے اعزاز ہے، لاہور چیمبر

منصوبے کو عالمی سطح پر ملنے والی پذیرائی پنجاب کے عوام پر مرکوز ترقیاتی اقدامات کا اعتراف، پوری قوم کیلئے فخر کا سبب ہے

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر، سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی اور نائب صدر چوہدری خادم حسین نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کو "اپنی چھت، اپنا گھر" منصوبے کے لیے بین الاقوامی اعزاز ملنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے پنجاب اور پاکستان کیلئے قابل فخر کامیابی قرار دیا ہے۔ لاہور چیمبر کی قیادت نے کہا کہ اس منصوبے کو عالمی سطح پر ملنے والی پذیرائی پنجاب کے عوام پر مرکوز ترقیاتی اقدامات کا اعتراف ہے اور پوری قوم کیلئے فخر کا سبب ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ترقیاتی منصوبوں کی بدولت عالمی سطح پر پنجاب کا تشخص بطور ایک رول ماڈل اجاگر ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر کسی منصوبے کو اس قدر اہم ایوارڈ ملنا اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ یہ حقیقی معنوں میں عوام کی فلاح و بہبود اور ترقی و خوشحالی میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اور ان کی ٹیم معنوں میں مبارکباد کے مستحق ہیں جو حقیقی معنوں میں صنعتکاروں، تاجروں اور عوام کی نمائندگی کا حق ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ پنجاب حکومت اپنے معاشی ویژن کو اسی طرح آگے بڑھاتی رہے گی۔

اے ڈی اے، اے ڈی ایس طلبہ کے مڈٹرم امتحانات 12 اکتوبر سے شروع ہوں گے

طلبہ و طالبات امتحانات کی بھرپور تیاری کو یقینی بنائیں اور مقررہ شیڈول کے مطابق بروقت امتحانی مرکز میں اپنی حاضری یقینی بنائیں

سوراب (نمائندہ بولان) گورنمنٹ ڈگری کالج سوراب کے اے ڈی اے اور اے ڈی ایس سیشن 2024-26 اور 2025-27 کے تمام طلبہ و طالبات کے مڈٹرم امتحانات 12 اکتوبر 2026 سے شروع ہوں گے۔ کالج انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کے مطابق تمام طلبہ و طالبات کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ امتحانات سے دو روز قبل اپنی رول نمبر سلپس لازمی وصول کریں، جبکہ اپنے تمام اسائنمنٹس، کوئزز اور دیگر تعلیمی سرگرمیوں سے متعلق مطلوبہ کام بھی بروقت جمع کروائیں۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ طلبہ و طالبات امتحانات کی بھرپور تیاری کو یقینی بنائیں اور مقررہ شیڈول کے مطابق بروقت امتحانی مرکز میں اپنی حاضری یقینی بنائیں،

اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی امیر حمزہ گراں فروشوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

کوئٹہ، کم وزن روٹی کیخلاف کارروائی کی جا رہی ہے

یو این ہیبی ٹیٹ کا اعزاز، پنجاب کے ہاؤسنگ اقدامات کی عالمی سطح پر پذیرائی

وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کی اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام پر قوم کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین نے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کو یو این ہیبی ٹیٹ کی جانب سے عالمی اعزاز ملنے پر قوم اور پنجاب کے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمان میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا یو این ہیبی ٹیٹ ایوارڈ وصول کرنا پاکستان کیلئے باعثِ فخر ہے۔ بلال یاسین نے کہا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام عالمی سطح پر پنجاب کے عوامی فلاحی ماڈل کے طور پر اجاگر ہوا ہے۔ یہ اعزاز 2 لاکھ سے زائد خاندانوں کی زندگیوں میں آنے والی مثبت تبدیلی کا اعتراف ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ اپنا گھر بنانے والے خاندانوں کی دعائیں اس اعزاز کا اصل ثمر ہیں۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام بے گھر اور کم آمدن خاندانوں کیلئے امید، سہولت اور باعزت رہائش کا ذریعہ بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پروگرام کے تحت ہزاروں خاندان اپنے گھروں کی تعمیر مکمل کر چکے ہیں، جبکہ مزید خاندانوں کو بھی اپنے گھر کی تعمیر کیلئے سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ قرض کی فراہمی کے بعد ابتدائی تین ماہ تک خاندانوں پر ادائیگی کا کوئی بوجھ نہیں ڈالا جاتا۔ بلال یاسین کا مزید کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں کم آمدن خاندانوں کیلئے اپنے گھر کا خواب حقیقت بن رہا ہے۔

پاکستان ہوٹلز ایسوسی ایشن کا قومی سطح پر سیاحت کے فروغ کا اعلان

کراچی (این این آئی) پاکستان ہوٹلز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد انور قریشی کے انتخاب کے بعد ایسوسی ایشن نے پاکستان کو عالمی سیاحتی مقام کے طور پر متعارف کرانے کیلئے قومی سطح پر سیاحت کے فروغ کا اقدام شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ ایسوسی ایشن کے مطابق وفاقی و صوبائی سیاحتی اداروں، سیاحتی بورڈز اور نجی شعبے کے تعاون سے پاکستان کے پہاڑی علاقوں، ثقافتی ورثے، تاریخی مقامات، ساحلی علاقوں، مذہبی سیاحت، ماحولیاتی سیاحت اور مہم جوئی پر مبنی سیاحت کو

نظام مصطفیٰ ہوگا تو ملک میں عدل و انصاف کا بول بالا ہوگا، ارشد کاظمی

ملک میں قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں نظام مصطفیٰ ﷺ کے نفاذ کی جدوجہد وقت کی اہم ضرورت ہے، صدر تحریک اہلسنت سندھ

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنّت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر طریقت رہبر شریعت پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ پاکستان کا قیام ایک نظریاتی مقصد کے تحت عمل میں آیا تھا، اس لیے ملک میں قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں نظام مصطفیٰ ﷺ کے نفاذ کی جدوجہد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسلامی اصولوں پر مبنی معاشرہ ہی عوام کو حقیقی معنوں میں عدل، مساوات، امن اور معاشی و سماجی انصاف فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج معاشرہ مختلف مسائل اور بحرانوں سے دوچار ہے، مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی، جرائم، ناانصافی اور معاشرتی بے حسی نے عام آدمی کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ ان حالات میں صرف سیاسی نعروں یا وقتی اقدامات سے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ حکمرانوں، سیاسی جماعتوں، مذہبی قیادت اور معاشرے کے تمام طبقات کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا۔ پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا کہ اسلام انسان کی عزت، جان، مال اور حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔ نظام مصطفیٰ ﷺ کا بنیادی تصور ہی عدل، دیانت، امانت، مساوات، اخوت اور انسانیت کی خدمت پر قائم ہے

قرآن کریم سے وابستگی امت کی کامیابی کی ضامن ہے، طارق مدنی

کراچی (این این آئی) پاکستان امن کونسل کے سربراہ اور المدنی اسلامک اکیڈمی پاکستان کے سرپرست اعلیٰ طارق محمود مدنی نے کہا ہے کہ قرآن کریم سے وابستگی اور حقوقِ قرآن کی ادائیگی ہی امت کی کامیابی کی ضامن ہے، معاشرے سے قرآن سے ناواقفیت کے خاتمے اور اس کے فہم کو عام کرنے کیلئے درسِ قرآن کے حلقے قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ ضلع کیماڑی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا آخری کلام ہے اور مسلمانوں پر اس کے بنیادی حقوق کی ادائیگی دینی ذمہ داری ہے۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
بدھ 7 اکتوبر 2026، بمطابق 24 ربیع الثانی 1448ھ

حکومت کا زرعی صنعتی صارفین کیلئے طویل مدتی ریلیف بجلی کی قیمتوں میں بڑی کمی کا امکان

ترجمان پاور ڈویژن نے نیپرا کے جائزے کو پورے ملک کے عوام کیلئے اہم سنگ میل قرار دیدیا، پاور ڈویژن اس جائزے کو وقت پر فائل کرنے اور میرٹ پر مبنی نکات نیپرا کے سامنے رکھنے پر فخر محسوس کر رہا ہے

نیپرا کا جائزہ ریگولیٹری غیر جانبداری کو مضبوط کرتا اور یہ فیصلہ حکومتی ہدایت کے تحت نہیں بلکہ اس کی اپنی خود مراجعتی دائرہ کار میں ہوا، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پاور ڈویژن نے نیپرا کے جائزے کو پورے ملک اور خاص طور پر کراچی کے عوام کیلئے ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ پاور ڈویژن اس جائزے کو وقت پر فائل کرنے اور میرٹ پر مبنی نکات نیپرا کے سامنے رکھنے پر فخر محسوس کر رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق کچھ حلقے نیپرا کے کے الیکٹرک کے ملٹی ایئر ٹیرف کے جائزے کو گمراہ کن طور پر پیش کر رہے ہیں اور ایک ریگولیٹری اصلاح کو ایک مالیاتی چال یا صارف پر بوجھ کے طور پر پیش کر رہے ہیں۔ ترجمان کے مطابق حقیقت میں اتھارٹی کے فیصلے مکمل طور پر مساوات، استحکام اور شعبے کے استحکام کے اصولوں کی روشنی میں ہوئے ہیں۔ بتایا گیا کہ یہ جائزہ کے الیکٹرک کے ٹیرف فریم ورک کو دوسری ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے فریم ورک کے مطابق لانے کے لیے کیا گیا تھا۔ نیپرا کے جائزے نے ان ٹیرف عناصر کو ختم کیا جو قومی ریگولیٹری معیار کے مطابق نہیں تھے، جن میں غیر ملکی کرنسی سے منسلک منافع، نقصانات کی اجازت وغیرہ شامل ہیں۔ نیپرا نے انہیں ختم کر کے یقینی بنایا کہ تمام کمپنیاں وصولی، کارکردگی اور شفافیت کے ایک جیسے اصولوں کے تحت ریگولیٹ ہوں، ان اقدامات سے ڈھانچے کے عدم توازن کو درست کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق جائز وصولیوں کو کم نہیں کیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ یہ حلقے دعویٰ کر رہے ہیں کہ کہ نیپرا کے فیصلے نے کراچی کے صارفین کو کسی ریلیف سے محروم کر دیا، جو کہ بالکل حقائق کے منافی اور عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے۔ اعلامیے کے مطابق حقیقت میں کے الیکٹرک کا ملٹی ایئر ٹیرف کمپنی کی اپنی آمدنی کی ضروریات سے متعلق ہے، نہ کہ صارف کے ادا کردہ حتمی ٹیرف سے، تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیاں بشمول کے الیکٹرک کے صارف سے متعلق ٹیرف حکومت پاکستان کی جانب سے قومی یکساں ٹیرف پالیسی کے تحت طے اور جاری کیے جاتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ یہ تاثر بھی بالکل غلط ہے کہ نیپرا کا یہ فیصلہ وسائل کی دوبارہ تقسیم یا حکومت کی طرف سے کراچی کے بجلی صارفین کو دی جانے والی 7 روپے فی یونٹ سبسڈی کو ختم کرنا ہے، کیونکہ یکساں ٹیرف کے تحت کے الیکٹرک کے صارفین کو سبسڈی اب بھی جاری ہے۔ یہ تشریح کہ یہ سبسڈی کی منتقلی ہے، مالیاتی بنیادی اصولوں کی غلط فہمی کو ظاہر کرتی ہے، سبسڈی میں کمی کا مطلب فنڈز کی منتقلی نہیں ہے، یہ محض حکومتی اخراجات میں کمی ہے جو کہ قومی بجٹ پر بوجھ ہوتا۔ نیپرا کا جائزہ ریگولیٹری غیر جانبداری کو مضبوط کرتا ہے اور یہ فیصلہ حکومتی ہدایت کے تحت نہیں بلکہ اس کی اپنی خود مراجعتی دائرہ کار میں ہوا، جس نے اداراتی خود مختاری اور عوامی مفاد کے عزم کی تصدیق کی۔

پاکستان مسلم لیگ کا فلسطین پر موقف واضح، سالک حسین کے خلاف جھوٹے بیانیے کی مذمت

چودھری سالک حسین کے خلاف گھناؤنا پروپیگنڈا کرنے والے پاکستان، مسلم امہ کے دشمن ہیں' صادق شیخ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کی مرکزی ایگزیکٹو کونسل کے رکن وصوبائی سیکرٹری اطلاعات محمد صادق شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ کے قائد چودھری شجاعت حسین نے ہمیشہ دو قومی نظریہ، پاکستان کی سالمیت اور فلسطین سمیت مسلم امہ کی ترجمانی کی ہے انکے فرزند مسلم لیگ کے مرکزی سینئر نائب صدر و وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اپنے دادا شہید وطن چودھری ظہور الٰہی اور والد چودھری شجاعت حسین کے نقش وقدم پر چلتے ہوئے نسل در نسل پاکستان کی وحدت اور بین الاقوامی طور مسلم امہ کی آواز بن چکے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر سمندری امور محمد جنید انور چوہدری سے ایرانی وزیر روڈ و شہری ترقی فرزانہ صادق ملاقات کر رہی ہیں

ملکی زرمبادلہ ذخائر 20 ارب ڈالر، مجموعی برآمدات میں نمایاں اضافہ

ذخائر میں 21 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا، جس سے زرمبادلہ بڑھ کر 14.36 ارب ڈالر ہو گئے، کمرشل بینکوں کے ذخائر میں 34 ملین ڈالر کا اضافہ دیکھنے میں آیا

سی فوڈ برآمدات 32.05 فیصد اضافے کے ساتھ 46 ملین ڈالر ہو گئیں تاہم فوڈ گروپ کی مجموعی برآمدات میں 23.46 فیصد کمی دیکھی گئی

اسلام آباد (جی این ایم) ملکی معیشت ترقی کی راہ پر گامزن، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے، برآمدات میں بہتری، بین الاقوامی مالیاتی انضمام اور ہمسایہ ممالک سے تجارتی تعلقات کے فروغ سے ہوتا ہے پاکستان کے مجموعی زرمبادلہ کے ذخائر 12 ستمبر 2025 تک بڑھ کر 19.73 ارب ڈالر کی شاندار سطح پر پہنچ گئے ہیں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ذخائر میں 21 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں زرمبادلہ بڑھ کر 14.36 ارب ڈالر ہو گئے جب کہ کمرشل بینکوں کے ذخائر میں 34 ملین ڈالر کا اضافہ دیکھنے میں آیا، جس کے بعد یہ 5.38 ارب ڈالر تک پہنچ گئے یہ پیش رفت مالی نظم وضبط، سرمایہ کاروں کے اعتماد، کرنٹ اکاؤنٹ میں بہتری اور موثر معاشی اصلاحات کا نتیجہ قرار دی جا رہی ہے اس اضافے سے پاکستان کو عالمی معاشی دباؤ کا بہتر مقابلہ کرنے کی صلاحیت ملی ہے اور درآمدات کی ضروریات کی تکمیل آسان ہوئی ہے۔ اقتصادی ماہرین کا کہنا ہے کہ بلند ذخائر ادائیگیوں کے توازن پر دباؤ کو کم کرتے ہیں اور پاکستانی روپے کو استحکام فراہم کرتے ہیں ذخائر میں مسلسل اضافہ نہ صرف ملک کی قرضوں کی ادائیگی کی صلاحیت کو بڑھاتا ہے بلکہ دنیا کو پاکستان کی مالی ساکھ کا مثبت پیغام بھی دیتا ہے پاکستان نے اپنے ڈیجیٹل ادائیگی نظام کو عرب مانیٹری فنڈ کے بنا پلیٹ فارم سے منسلک کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس اقدام سے بیرون ملک پاکستانیوں سے ترسیلات زر کی وصولی ممکن ہو سکے گی، تاہم اس نظام کے تحت پاکستان سے باہر رقوم کی منتقلی کی اجازت نہیں ہوگی یہ فیصلہ محفوظ اور دستاویزی ترسیلات کو فروغ دینے اور زرمبادلہ کے ذخائر کو محفوظ رکھنے کے لیے کیا گیا ہے بنا پلیٹ فارم ایک جدید سرحد پار ادائیگی کی سہولت فراہم کرتا ہے جو اسٹیٹ بینک کے مالی وژن سے ہم آہنگ ہے۔

دیوالی تقریبات: نئی دہلی دنیا کا پہلا آلودہ ترین شہر بن گیا

لاہور اور کراچی بھی آلودہ ترین شہروں میں شامل

دیوالی تقریبات، نئی دہلی کا دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلا نمبر، لاہور اور کراچی بھی آلودہ ترین شہروں میں شامل

بھارت میں دیوالی کی تقریبات کے اثرات سرحد پار بھی محسوس کیے جا رہے ہے، کئی شہروں کی فضائی آلودگی نمایاں طور پر بڑھ رہی

لاہور (این این آئی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا جبکہ لاہور بھی اس وقت خطرناک آلودگی کی لپیٹ میں ہے۔ عالمی خبر رساں اداروں کے مطابق بھارت میں دیوالی کے موقع پر آتش بازی کے باعث فضائی آلودگی خطرناک حد تک بڑھ گئی، جس کے نتیجے میں دارالحکومت نئی دہلی کا ایئر کوالٹی انڈیکس 772 تک جا پہنچا، جسے ماہرین انسانی صحت کے لیے انتہائی نقصان دہ سطح تصور کرتے ہیں۔ بھارت میں دیوالی کی تقریبات کے اثرات سرحد پار پاکستان میں بھی محسوس کیے جا رہے ہیں، جس کے باعث لاہور سمیت پاکستان کے مشرقی شہروں کی فضاء میں آلودگی نمایاں طور پر بڑھ رہی ہے۔ انڈیکس کے مطابق لاہور منگل کے روز دنیا کا دوسرا آلودہ ترین شہر رہا، جہاں علی الصبح شہر کا ایئر کوالٹی انڈیکس 245 ریکارڈ کیا گیا جبکہ دن بھر میں اوسط انڈیکس 210 سے 240 کے درمیان رہی۔ اس کے علاوہ کراچی بھی منگل کے روز فضائی معیار کے لحاظ سے دنیا کے پانچ سب سے زیادہ آلودہ شہروں میں شامل رہا۔ کراچی کا اے کیو آئی 182 رہا، جو غیر صحت مند زمرے میں آتا ہے اور یہ کویت کے دارالحکومت کے 183 کے مقابلے میں معمولی سا کم تھا، بھارت کا ممبئی پانچویں نمبر پر رہا، جہاں اے کیو آئی 169 ریکارڈ کیا گیا۔ ماہرین کے مطابق نئی دہلی کی آلودگی کے باعث لاہور میں اسموگ اور دھند میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ دھرمشالہ سے آنے والی ہوائیں گوجرانوالہ کے راستے لاہور اور فیصل آباد کی جانب بڑھ رہی ہیں، جس سے فضاء مزید مضرِ صحت بنتی جا رہی ہے۔ دریں اثنا پنجاب حکومت نے اسموگ کے تدارک کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو متحرک کر دیا ہے۔ اس دوران اینٹی اسموگ گنز کا استعمال جاری ہے جبکہ شہریوں کو ماسک پہننے اور مخصوص اوقات میں غیر ضروری طور پر باہر نکلنے سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

اسلام امن، بھائی چارے اور انسانیت کا مذہب ہے، چوہدری برجیس طاہر

مذہب کی آڑ میں ملک کی بدنامی کا باعث بننے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، سابق وفاقی وزیر

ننکانہ صاحب (این این آئی) سابق گورنر، وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ مذہب کی آڑ میں شرپسندی، احتجاج اور ملکی بدنامی کا سبب بننے والے عناصر کا دین اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ ایسے لوگ قوم کے خیر خواہ نہیں بلکہ بیرونی ایجنڈے کو تقویت دینے والے عناصر ہیں، انہیں کسی بھی قسم کی رعایت کا حق حاصل نہیں ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ حلقہ سانگلہ ہل اور گردونواح میں مکمل اور جاری تمام بڑے ترقیاتی منصوبے مسلم لیگ (ن) کے دورِ حکومت کے ہیں۔ گلی گلی سوئی گیس کی فراہمی، بجلی کی ٹرانسمیشن لائنز، گرڈ اسٹیشن کی اپ گریڈیشن، سرکاری اسکولوں اور کالجز کا درجہ بڑھانا، سڑکوں کی تعمیر، ذرائعِ مواصلات میں بہتری، حتیٰ کہ موٹروے تک رسائی جیسے بے شمار منصوبے قائد محمد نواز شریف، مسلم لیگ (ن) اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کا روشن ثبوت ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں چوہدری برجیس طاہر نے سانگلہ ہل تا ساہیانوالہ ایکسپریس وے منصوبے کے حوالے سے بتایا کہ وفاق نے اس منصوبے کے لیے اپنے حصہ کا فنڈ جاری کر دیا تھا اور اس کا مکمل ریکارڈ بھی موجود ہے۔ تاہم پنجاب حکومت نے اپنا حصہ جاری نہ کیا، جس کے باعث یہ منصوبہ فائلوں اور وعدوں تک محدود رہا۔ پنجاب حکومت اس کے لیے فنڈ جاری کر دے

خواتین میں بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی پیدا کرنے کے سلسلے میں سماجی تنظیم کی جانب سے آگاہی پروگرام کا انعقاد

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) ٹنڈو محمد خان میں خواتین میں بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی پیدا کرنے کے سلسلے میں ایک سماجی تنظیم کی جانب سے سی ایم ڈبلیو اسکول میں سات روزہ آگاہی پروگرام کے تحت ایک سیمینار منعقد کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی کمشنر ٹنڈو محمد خان دھرموں بھاوانی تھے، جبکہ پروگرام کی میزبانی ڈاکٹر غلام اظہر جکھسی، ڈاکٹر اجیت لوہانہ، ڈاکٹر غلام فاطمہ اور سرہان علی نواز ہالیپوٹو نے کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر دھرموں بھاوانی نے کہا کہ بریسٹ کینسر ایک سنگین مگر قابلِ علاج بیماری ہے، بشرطیکہ اس کی بروقت تشخیص ہو۔ خواتین کو چاہیے کہ وہ

اسرائیل نے مغربی کنارے کو ضم کیا تو امریکی حمایت کھو بیٹھے گا، ٹرمپ

مغربی کنارے کے انضمام کی قرارداد، امن معاہدے کیلئے خطرہ ہے، امریکہ

متعدد ممالک غزہ کے لیے بین الاقوامی فورس میں حصہ لینے کے لیے تیار ہیں، وزیر خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیل کو خبردار کیا ہے کہ مغربی کنارے کے علاقوں کو ضم کرنے سے باز رہے بصورت دیگر سنگین نتائج بھگتنا پڑیں گے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے واضح طور پر خبردار کیا کہ اگر اسرائیل نے مغربی کنارے کو ضم کرنے کی کوئی کوشش کی تو اسے امریکا کی مکمل حمایت سے محروم ہونا پڑے گا۔ ایک انٹرویو میں صدر ٹرمپ سے اسرائیلی حکومت کے اُن رہنماؤں کے بارے میں سوال کیا گیا جو مغربی کنارے کے مکمل یا جزوی انضمام کے حامی ہیں۔ اس پر ٹرمپ نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ نہیں ہوگا۔ یہ نہیں ہوگا کیونکہ میں نے عرب ممالک سے وعدہ کیا ہے۔ ہم نے عرب ممالک سے بڑی حمایت حاصل کی ہے اور اس وقت ایسا اقدام ممکن نہیں۔ انٹرویو میں امریکی صدر ٹرمپ نے خبردار کیا کہ اگر اسرائیل نے مغربی کنارے کو ضم کرنے کی کوشش کی تو وہ امریکا کی تمام حمایت کھو دے گا۔ امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ مقبوضہ مغربی کنارے کے انضمام کی اسرائیلی پارلیمنٹ کی قرارداد امن معاہدے کیلئے خطرہ ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ متعدد ممالک غزہ کے لیے بین الاقوامی فورس میں حصہ لینے کے لیے تیار ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ نے اپنے دورہ اسرائیل سے قبل بیان میں واضح کیا کہ اسرائیلی پارلیمنٹ کے اقدام سے امریکی صدر ٹرمپ کی کوششوں سے ہونے والی غزہ امن ڈیل کو نقصان ہو سکتا ہے۔ امریکی صدر گزشتہ ماہ اسرائیل کی جانب سے مغربی کنارے کو اسرائیل کا حصہ بنانے کی اعلان کو مسترد کرتے ہوئے کہہ چکے ہیں کہ وہ اسرائیل کو ایسا کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

آوارہ کتوں کے خاتمے اور نسل کشی کیخلاف کیس، سی ڈی اے، میونسپل کارپوریشن نے رپورٹ عدالت میں جمع کرادی

اسلام آباد ہائی کورٹ نے آئندہ سماعت پر وکیل درخواست گزار سے سی ڈی اے کی فریم ورک رپورٹ پر تجاویز طلب کرلیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں آوارہ کتوں کے خاتمے اور نسل کشی کے خلاف کیس میں سی ڈی اے اور میونسپل کارپوریشن نے فریم ورک رپورٹ اسلام آباد ہائیکورٹ میں جمع کراتے ہوئے بتایا ہے کہ 9 اکتوبر کو جس گاڑی میں مردہ کتے پائے گئے وہ سینی ٹیشن ڈیپارٹمنٹ کی گاڑی تھی۔ کوئی گاڑی مار جائے تو تب بھی انکو اٹھانا سینی ٹیشن والوں کا کام ہے، جنوری سے ستمبر تک صرف پمز اسپتال میں کتوں کے کاٹنے کے 2800 کیسز آئے، اس کا دوسرا پہلو بھی دیکھنا چاہیے

سرگودھا میں فراڈیہ نے ایف آئی اے کا اہلکار ظاہر کرکے خاتون سے 16 لاکھ روپے ہتھیا لئے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں فراڈیہ نے ایف آئی اے کا اہلکار ظاہر کر کے خاتون سے 16 لاکھ روپے ہتھیا لئے اور رفو چکر ہو گیا پولیس واردات کا مقدمہ درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر میں بلاک 15 کی خاتون نے اپنی دوست کے پاس 44 لاکھ روپے کا سونا امانتاً رکھوایا

فیصل آباد، معمولی جھگڑے پر دوست نے دوست کو گولیاں مار کر موت کے گھاٹ اتار دیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں معمولی جھگڑے پر دوست نے دوست کو گولیاں مار کر موت کے گھاٹ اتار دیا، پولیس نے نعش تحویل میں لیکر قاتل کی تلاش شروع کر دی۔ بتایا جاتا ہے کہ محلہ عثمان غنی کے رہائشی اویس ولد ذوالفقار کا اپنے دوست شعبان کو ملنے کیلئے ڈھیرہ سائیں قبرستان کے قریب بس لائن میں ملنے گیا،

پروڈکشن مانیٹرنگ سسٹمز کے نفاذ کا فیصلہ خوش آئند ہے' ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

مینوفیکچرنگ میں شفافیت، ٹیکس کی تعمیل، محصولات میں اضافے میں معاونت ملے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے سینئر رہنما چودھری امانت بشیر نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے پروڈکشن مانیٹرنگ سسٹمز کے نفاذ کا فیصلہ خوش آئند ہے جس سے مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں شفافیت، ٹیکس کی تعمیل اور محصولات میں اضافے میں معاونت ملے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے مصنوعات پر محفوظ مشین ریڈ ایبل ٹیکس اسٹامپس کے ذریعے حقیقی وقت میں نگرانی ممکن ہو سکے گی جو مصنوعات کی تصدیق اور پیداواری عمل سے ریٹیل تقسیم تک ٹریس کی سہولت فراہم کرے گا۔

پشاور، ایڈیشنل چیف سیکرٹری اکرام اللہ خان صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی اور پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

زرعی ترقی کے بغیر ملکی معیشت بحرانوں سے نجات نہیں پا سکتی، لیاقت بلوچ

کسان کو مافیا کے حوالے کر کے ملکی ریڑھ کی ہڈی پر کاری ضرب لگائی گئی، کسان کارواں سے خطاب

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) مرکزی نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ کسان روڈ کارواں اس بات کا اعلان ہے کہ کسان اب اس ظلم کے نظام کو برداشت نہیں کر سکتا، کاشت کار کیلئے پوری محنت کے باوجود اپنی زندگی کا پہیہ چلانا ناممکن ہوگیا ہے اور کسان اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں، حکومتیں زراعت کے متعلق ناکام پالیسیاں بناتی ہیں جو زراعت کی ترقی کا ذریعہ نہیں بنتی، آج دنیا میں فی ایکڑ پیداوار کہیں سے کہیں پہنچ گئی ہے لیکن پاکستان میں زراعت کا شعبہ لاوارث ہے کہیں نتیجہ خیز ریسرچ نہیں ہو رہی، کسان کو کوئی سہارا ہے نہ کوئی مددگار ہے، کسان گندم، کپاس، سبزیاں اور ہر چیز کاشت کرتا ہے لیکن ایسا نظام نہیں ہے کہ کسان کو اس کی محنت کا صلہ مل سکے جس کی وجہ سے آج پاکستان ایک بڑے غذائی بحران سے دوچار ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے حجرہ شاہ مقیم میں جماعت اسلامی کے تین روزہ کسان روڈ کارواں کے پہلے اختتامی اجتماع کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر صوبائی امیر محمد جاوید قصوری، حلقہ کے امیر ڈاکٹر محمد رفیق، حجرہ شاہ مقیم کے امیر ڈاکٹر غلام نبی ناصر و دیگر بھی موجود تھے، اپنے خطاب میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ آئی ایم ایف کے حکم پر گندم کے کاشت کار کو پہلا ٹارگٹ بنا کر مافیا کو طاقت ور بنایا گیا

لاہور، چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال محکمانہ امور بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دہلی میں آلودگی پر قابو پانے میں ناکامی، مودی حکومت کا پانی چھڑکا فراڈ بے نقاب

حکومت مصنوعی صفائی کے ذریعے اصل صورتحال کو چھپانے میں مصروف ہے، ماہرین کی تنقید

نئی دہلی (این این آئی) دہلی کی فضا خطرناک حد تک آلودہ ہونے کے باوجود بھارتی حکومت کی جانب سے عوام کو گمراہ کرنے کی ایک نئی چال سامنے آئی ہے۔ دہلی کے آنند وہار آلودگی مانیٹرنگ اسٹیشن کے اردگرد میونسپل کارپوریشن کے ٹینکرز دن رات پانی کا چھڑکا کر رہے ہیں تاکہ فضائی آلودگی کے اصل اعداد وشمار کو کم دکھایا جا سکے۔ رپورٹ کے مطابق صرف 30 میٹر کے علاقے میں درجنوں ٹرک مسلسل پانی کا چھڑکا کر رہے ہیں تاکہ مانیٹرنگ سینسرز کے قریب موجود گرد و غبار کم ہو اور ڈیٹا میں آلودگی کی شرح مصنوعی طور پر کم ظاہر ہو۔ دہلی کی عام آدمی پارٹی کے صدر سوربھ بھردواج نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک ویڈیو جاری کی جس میں پانی چھڑکا کے مناظر دکھائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا، یہ مودی حکومت کا آلودگی کنٹرول نہیں بلکہ ڈیٹا مینجمنٹ کی مثال ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بی جے پی حکومت ہر معاملے میں دھوکہ دہی کرتی ہے، آلودگی کے معاملے میں بھی عوام سے جھوٹ بولا جا رہا ہے۔ عام آدمی پارٹی کے سینئر رہنما منیش سسوڈیا نے بھی سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا، ہوا کو آلودہ کریں، اعداد وشمار کو کم کریں، پانی سے سچائی چھپائیں یہی بی جے پی کا آلودگی کنٹرول ماڈل ہے۔ دوسری جانب مرکزی آلودگی کنٹرول بورڈ کے ڈیٹا سے انکشاف ہوا ہے

تاجروں کی ادائیگیوں کو ڈیجیٹل بنانے کا راستہ مشکلات سے خالی نہیں' مدثر مسعود چودھری

آگاہی کا نہ ہونا، محدود وسائل، کمزور بنیادی ڈھانچہ اور اسی طرز کی دیگر مشکلات دور کرنا ہوں گی' سینئر وائس چیئرمین پیاف

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے سینئر وائس چیئرمین و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چودھری نے کہا ہے کہ حکومت ڈیجیٹل ادائیگیوں کے منصوبے کیلئے برق رفتاری سے پیشرفت تو کر رہی ہے لیکن سامنے آنے والے چیلنجز کے سد باب کے لئے اقدامات نہیں کئے جا رہے، دیہی علاقوں حتی کہ شہری آبادیوں میں بھی آگاہی نہ ہونا اور محدود وسائل، کمزور بنیادی ڈھانچہ جس میں ناقص انٹرنیٹ کنکٹیویٹی، نیٹ ورک کی بندشیں اور اسی طرز کی دیگر مشکلات درپیش ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو ڈیجیٹل بنانے کیلئے وسیع پیمانے پر کوششوں کے باوجود آج بھی ملک کی تجارت بڑی حد تک نقد رقم پر انحصار کرتی ہے

میرپور ماتھیلو، سی ای او زیڈ ایچ پی ایل عامر عزیز کمپنی آپریشن کا افتتاح کر رہے ہیں

سرگودھا میں گرین الیکٹرو بس کے کیپٹن نے ایمانداری کی مثال قائم کر دی

مسافر خاتون گرین الیکٹرو بس میں دوران سفر نقدی اور زیورات کا بھرا لیڈیز پرس بھول گئی جسے کیپٹن نے واپس کر دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں مسافر خاتون کا گرین الیکٹرو بس رہ جانے والا نقدی اور زیورات کا بھرا لیڈیز پرس کیپٹن نے خاتون مسافر کو واپس کر کے ایمانداری کی مثال قائم کر دی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا سے سلانوالی جانے والی گرین الیکٹرو بس کی مسافر خاتون جلدی میں اترتے ہوئے اپنا پرس سیٹ پر چھوڑ گئی جو گرین الیکٹرو بس کے کیپٹن جمیل شاہ کو مل گیا جس نے نصف گھنٹہ تک اپنے ٹرمینل پر انتظار کرتے ہوئے خاتون مسافر بس کا لیڈیز پرس اسے واپس کر کے ایمانداری کی مثال قائم کر دی

پی آئی اے کی فرانس اور برطانیہ پروازوں کی بحالی تاریخی پیش رفت ہے، میاں زاہد حسین

660 ارب کے قرض سے نجات کے بعد پی آئی اے کی نجکاری آسان ہو گئی ہے، صدر کراچی انڈسٹریل الائنس

کراچی (این این آئی) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان اور ایف پی سی سی آئی کی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین، سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کی مغربی منڈیوں کے لیے براہ راست پروازوں کی بحالی قومی تجارت کے لیے سنگِ میل اور نجکاری کے لیے فیصلہ کن پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوری 2025 میں فرانس اور اب اکتوبر 2025 میں برطانیہ کے لیے پروازوں کی بحالی خصوصاً اسلام آباد تا مانچسٹر پہلی پرواز اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت نے عالمی فضائی معیارات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا ہے۔ یہ کامیابی یورپی یونین ایوی ایشن سیفٹی ایجنسی (EASA) کی نومبر 2024 میں پابندی اٹھائے جانے اور برطانیہ کی سول ایوی ایشن اتھارٹی (CAA) کی جولائی 2025 میں بحالی کے بعد ممکن ہوئی ہے

66 ہزار حاجیوں کو 3 ارب 45 کروڑ واپس کرنے کا فیصلہ

گزشتہ سال عازمین حج کو سعودی عرب میں قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرنے کیلئے حج ناظم کی اسکیم منظور کی گئی، حاجیوں کے گروپ پر ایک ناظم مقرر کیا گیا

وزارت مذہبی امور اور حکومت کی کوشش ہوتی ہے کہ حج اخراجات کو ممکنہ حد تک کم سے کم رکھا جائے اور حج انتظامات کو بہتر بنایا جائے، وفاقی وزیر سردار یوسف

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے گزشتہ سال فریضہ حج ادا کرنے والے 66 ہزار 377 حاجیوں کو 3 ارب 45 کروڑ 65 لاکھ 85 ہزار روپے واپس کرنے کا فیصلہ کیا ہے، رقوم کی منتقلی کا عمل حاجیوں کے بینک اکاؤنٹس میں 31 اکتوبر تک مکمل کرلیا جائے گا، حج 2026ء کیلئے 40 دن کے حج پیکیج کی رقم 11 لاکھ 50 ہزار روپے جبکہ 25 دن کے شارٹ حج کا پیکیج 12 لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق جمعرات کو وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے وزارت مذہبی امور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزارت مذہبی امور اور حکومت کی کوشش ہوتی ہے کہ حج اخراجات کو ممکنہ حد تک کم سے کم رکھا جائے اور حج انتظامات کو بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال عازمین حج کو سعودی عرب میں قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرنے کیلئے حج ناظم کی اسکیم منظور کی گئی، حاجیوں کے گروپ پر ایک ناظم مقرر کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حج 2025ء کے دوران رہائشی عمارتوں، کھانے پینے، ٹرانسپورٹ سمیت دیگر معاملات میں تقریباً ساڑھے تین ارب روپے کی بچت کی گئی، یہ رقم حاجیوں کو واپس کی جا رہی ہے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور نے کہا کہ گزشتہ سال فریضہ حج ادا کرنے والے 12 ہزار 286 حاجیوں کو 12 ہزار فی کس، 13 ہزار 939 حاجیوں کو 25 ہزار، 8 ہزار 496 حاجیوں کو 48 ہزار، 20 ہزار 302 حاجیوں کو 75 ہزار، 10 ہزار 945 حاجیوں کو 90 ہزار اور 400 حاجیوں کو ایک لاکھ 10 ہزار فی کس کے حساب سے رقم واپس کی جا رہی ہے اور 31 اکتوبر تک رقوم کی واپسی کا عمل مکمل کرلیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جن حاجیوں کو رقم واپس نہیں کی گئی انہوں نے حجاز مقدس میں فراہم کی گئی تمام سہولیات سے مکمل استفادہ کرلیا تھا، جن لوگوں کو رقم واپس کی گئی ہے

راولپنڈی میں موسم کی تبدیلی، ڈینگی کے حملوں میں کمی آنے لگی، 10 نئے ڈینگی کیس رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں موسم کی تبدیلی سے ڈینگی کے حملوں میں کمی آنے لگی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں 10 نئے ڈینگی کیس رپورٹ ہوئے ہیں جس سے رواں سیزن میں ڈینگی مریضوں کی مجموعی تعداد 1232 ہوگئی۔ مختلف ہسپتالوں میں ڈینگی کے 37 سے زائد مریض زیر علاج ہیں راولپنڈی میں 19 ہزار 198 مریضوں کے ڈینگی ٹیسٹ کیے گئے۔ رواں سیزن میں 18 ہزار 783 افراد کی اسکریننگ کی گئی۔ محکمہ صحت کے مطابق راولپنڈی میں تاحال ڈینگی سے کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی۔

پاکستان کی کامیاب خارجہ پالیسی کے طفیل ہی مسئلہ کشمیر آج بھی ہر فورم پر زندہ ہے' ذیشان رفیق

بھارتی افواج کا کشمیر غاصبانہ قبضہ 78 سال گزرنے کے بعد بھی کشمیریوں، پاکستانیوں کیلئے ناقابل قبول ہے، وزیر بلدیات

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ بھارتی افواج نے اس روز سری نگر میں فوجیں اتار کر کشمیر پر جو غاصبانہ قبضہ کیا وہ 78 سال گزرنے کے بعد بھی کشمیریوں اور پاکستانیوں کے لئے ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے یوم سیاہ (27 اکتوبر) پر اپنے ایک پیغام میں کہا کہ تقسیم ہند کے وقت کشمیری عوام کو بھی حق خودارادیت دیا جانا چاہیے تھا جو انگریزوں اور بھارتی حکومت کی ملی بھگت سے غصب کر لیا گیا۔ آج پوری دنیا میں پاکستانی اور کشمیری عوام بھارتی جارحیت کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نے کشمیر کا مقدمہ ہر بین الاقوامی فورم پر نہایت موثر اور دلیرانہ انداز میں لڑا ہے۔ خود کشمیری عوام بھی بھارتی قبضے کے خلاف مسلسل برسرپیکار ہیں۔ پاکستان کی کامیاب خارجہ پالیسی کے طفیل ہی مسئلہ کشمیر آج بھی ہر فورم پر زندہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں کُل جماعتی حریت کانفرنس کے تمام سرکردہ رہنماؤں کی گرفتاری سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ بھارتی حکومت کشمیریوں کے جذبہ حریت سے خوفزدہ ہے۔ وزیر بلدیات نے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستانی عوام مقبوضہ کشمیر کی آزادی تک کشمیریوں کی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے

اقوام متحدہ کے 60 سے زائد رکن ممالک کے سائبر کرائم سے متعلق معاہدے پر دستخط

ٹیکنالوجی کمپنیوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں کی معاہدے کو ریاستی نگرانی بڑھانے کا ذریعہ قرار دے کر شدید تنقید

معاہدے کا مقصد ڈیجیٹل جرائم جیسے آن لائن فراڈ، بچوں سے متعلق فحش مواد، اور منی لانڈرنگ جیسے جرائم سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانا ہے

ہنوئی (این این آئی) ہنوئی میں اقوام متحدہ کے زیرِ اہتمام سائبر کرائم کے خلاف پہلا عالمی معاہدہ طے پایا ہے، جس پر دنیا کے 60 سے زائد ممالک نے دستخط کیے۔ تاہم ٹیکنالوجی کمپنیوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں نے اس معاہدے کو ریاستی نگرانی بڑھانے کا ذریعہ قرار دے کر شدید تنقید کی ہے۔ اس معاہدے کا مقصد ڈیجیٹل جرائم جیسے آن لائن فراڈ، بچوں سے متعلق فحش مواد، اور منی لانڈرنگ جیسے جرائم سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے معاہدے کو اہم سنگِ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ صرف آغاز ہے۔ انہوں نے کہا، روزانہ آن لائن فراڈ لاکھوں افراد کو متاثر کرتا ہے اور عالمی معیشت کو اربوں ڈالر کا نقصان پہنچاتا ہے، ہمیں متحد عالمی ردعمل کی ضرورت ہے۔ یہ معاہدہ سب سے پہلے 2017 میں روسی سفارت کاروں کی جانب سے پیش کیا گیا تھا اور کئی سال کی مذاکراتی کوششوں کے بعد گزشتہ برس اسے اتفاقِ رائے سے منظور کیا گیا۔ تاہم ناقدین کا کہنا تھا کہ معاہدے میں استعمال ہونے والی غیر واضح زبان حکومتوں کو ناقدین اور مخالفین کے خلاف سرحد پار کارروائیاں کرنے کا جواز فراہم کر سکتی ہے۔ ٹیک گلوبل انسٹی ٹیوٹ کی بانی سبحانز راشد دیا نے کہا کہ یہ معاہدہ کمپنیوں کو ڈیٹا فراہم کرنے پر مجبور کرنے کا ذریعہ بن سکتا ہے، جو صحافیوں اور انسانی حقوق کے کارکنوں کے لیے خطرناک ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک ایسی خطرناک روایت کو قانونی شکل دیتا ہے جو پہلے ہی آمرانہ ممالک میں انسانی حقوق کی پامالی کے لیے استعمال ہو چکی ہے۔ ویتنامی حکومت نے تصدیق کی ہے کہ 60 ممالک نے دستخط کے لیے رجسٹریشن کرائی ہے، لیکن ان کے نام ظاہر نہیں کیے گئے۔ ماہرین کے مطابق یہ فہرست صرف روس، چین اور ان کے اتحادیوں تک محدود نہیں

مسیحی برادری کا پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 میں اقلیتوں کے لیے مخصوص نشستیں شامل کرنے کا خیر مقدم

نشستوں پر نمائندوں کا انتخاب بالواسطہ طریقے کی بجائے براہِ راست عوامی ووٹ کے ذریعے کیا جائے، بشپ ڈاکٹر جوزف ارشد

اسلام آباد (این این آئی) مسیحی برادری نے پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 میں اقلیتوں کیلئے مخصوص نشستوں کو شامل کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتخابات انصاف، مساوات اور عوامی شمولیت کے حقیقی اصولوں پر مبنی ہوں تاکہ ملک کی مذہبی و سماجی اقلیتیں بھی مؤثر طور پر اپنی آواز بلند کر سکیں۔ آرچ بشپ اسلام آباد/ راولپنڈی ڈاکٹر جوزف ارشد نے اپنے بیان میں کہا کہ بلدیاتی نظام جمہوریت کا وہ بنیادی درجہ ہے جہاں عوام براہِ راست اپنی برادریوں کی ترقی، خدمت اور بہتری میں کردار ادا کرتے ہیں

مسلم لیگ (ن) کا ضمنی انتخابات کیلئے متعدد امیدواروں کو ٹکٹ جاری کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے آئندہ ضمنی انتخابات میں متعدد نشستوں کے لیے امیدواروں کو ٹکٹ جاری کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق این اے 96 سے بلال بدر چوہدری، این اے 104 سے راجہ دانیال ریاض، این اے 143 سے محمد طفیل جٹ، پی پی 203 سے محمد حنیف جٹ، پی پی 98 سے آزاد علی تبسم کو مسلم لیگ (ن) کا ٹکٹ جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

چینی بی اے آئی سی گروپ کی پنجاب میں مقامی گاڑیوں کی تیاری کے منصوبے میں پیشرفت

ابتدائی منصوبے کے تحت سالانہ 20,000 گاڑیوں کی پیداواری صلاحیت تجویز کی گئی ہے

لاہور (این این آئی) چین کی معروف آٹو موبائل کمپنی بی اے آئی سی گروپ نے پنجاب میں سرمایہ کاری کے منصوبے پر پیشرفت تیز کر دی ہے جو رواں سال کے آغاز میں بی اے آئی سی اور پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے درمیان ہونے والی مفاہمتی یادداشت کا نتیجہ ہے۔ پی بی آئی ٹی کے دفتر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت چیئرمین محمد منتہی اشرف نے کی جبکہ بی اے آئی سی اوورسیز انویسٹمنٹ کی چیف فنانشل آفیسر دائی رنچی نے خصوصی شرکت کی۔ پی بی آئی ٹی کے مطابق بی اے آئی سی گروپ پنجاب میں اپنی آٹو موبائل مینوفیکچرنگ آپریشنز کے قیام کے لیے تیاریوں کو حتمی شکل دے رہا ہے۔ ابتدائی منصوبے کے تحت سالانہ 20,000 گاڑیوں کی پیداواری صلاحیت تجویز کی گئی ہے، اس منصوبے کا مقصد پاکستان میں جدید آٹو موٹو ٹیکنالوجی کی منتقلی، ہنرمند روزگار کے مواقع پیدا کرنا، اور مقامی و بین الاقوامی منڈیوں کو سروس فراہم کرنا ہے۔ چیئرمین منتہی اشرف نے کہا کہ یہ تعاون پنجاب کے صنعتی منظرنامے میں سرمایہ کاروں کے بڑھتے اعتماد کی علامت ہے،

صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر کا کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر کھیل و امورِ نوجوانان پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر 1947 کا دن تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا جب بھارت نے ریاست جموں و کشمیر پر غیر قانونی طور پر قبضہ کیا۔ آج بھی کشمیری عوام اپنی آزادی اور حقِ خودارادیت کے لیے قربانیاں دے رہے ہیں

کراچی، ڈاکٹر عذرا پیچوہو جناح پوسٹ میڈیکل سینٹر کے دورہ کے دوران مریض سے سہولیات بارے دریافت کر رہی ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan روزنامہ بولان حب بلوچستان

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

امانت آخر لوٹانی ہے

یہ ان دنوں کی بات ہے جب میں موت اور مرنے سے پیچھا چھڑانے کیلئے دوڑتا رہتا تھا میں اپنی مرضی سے نہیں دوڑتا تھا، میرے کارڈیالوجسٹ نے مجھے تنبیہ کی تھی کہ میاں مٹھو، تم لگاتار دوڑتے رہو۔ جب تک دوڑتے رہو گے تب تک زندہ رہو گے۔ دوڑنا چھوڑ دو گے تو مرجاؤ گے۔ یہ دلفریب دنیا مجھے اچھی لگتی ہے۔ میں یہاں سے جانا نہیں چاہتا۔ یہاں رہنے کیلئے میں دوڑتا رہتا تھا۔ میں جس دور کی بات آپ کو سنا رہا ہوں وہ دور بڑا ہی پراسرار دور تھا۔ تب اسلام آباد کی آبادی ایک لاکھ سے کم لوگوں پر مشتمل تھی۔ مشورے دینے والے دریا دل ہمیں سورج غروب ہونے کے بعد گھر سے باہر نکلنے سے منع کرتے تھے۔ خونخوار جانوروں کا ذکر کرنے کے بعد شدومد سے سور کا ذکر کرتے تھے۔ کہتے تھے۔ سورج غروب ہوجانے کے بعد سوروں کے ریوڑ گرین بیلٹ سے نکل آتے ہیں اور اسلام آباد پر راج کرتے ہیں۔ ہماری نفسیات بڑی نرالی، عجیب وغریب ہوتی ہے۔ ہم روزہ نماز کے پابند نہ سہی، دوست احباب کیساتھ ملکر ٹن ہونے کو معیوب نہیں سمجھتے۔ رشوت دینے رشوت لینے کو ہم برا نہیں سمجھتے۔ مختلف سرکاری پروجیکٹس کا صفایا کرنے میں ہم سے بڑا ہنرمند آپ کو کائنات میں کہیں نہیں ملے گا۔ عیش وعشرت کو اپنا حق سمجھتے ہیں۔ مگر عقیدے کے حوالہ سے کچھ چیزیں ایسی ہیں جو ہم ایک لمحہ کیلئے قبول نہیں کرتے۔ خطا کار کو ہم خود پکڑتے ہیں، خود عدالت بن کر قصوروار کو سزا سناتے ہیں اور سزا پر عمل درآمد کرنے کیلئے پھانسی گھاٹ کا لیور خود چلاتے ہیں۔ بدبخت مجرم کو سرعام کوڑے مارتے ہوئے حتمی انجام تک پہنچاتے ہیں۔ اس سے ہمارے عقیدے میں ہماری روحانی کیفیت کا آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ ایسی بیہودہ باتیں ہم ایک لمحہ کیلئے برداشت نہیں کرسکتے۔ یاد کرنے کی کوشش کیجئے پچھلے دنوں ایک گستاخ فیکٹری منیجر کی وہ گت بنائی تھی کہ دنیا بھر کے لوگوں کو ہم نے ہلا کر رکھ دیا تھا۔ ناقابل برداشت چیزوں میں ایک بدبخت سور کا نام بھی آتا ہے۔ ہم ویتنام، کمبوڈیا، کوریا، چین میں کتے بلیوں اور چھچھوندر کا قورمہ تناول کرسکتے ہیں مگر سور کے گوشت کی ایک بوٹی ہم اپنی پلیٹ میں برداشت نہیں کرسکتے۔ ہم بھوکے مرجائیں، مگر سور کے گوشت کو آخری سانسوں تک ہاتھ نہیں لگا سکتے۔

ہم جانتے ہیں کہ سور باولے کتے کی طرح ہمیں کاٹ نہیں سکتا۔ شیر اور چیتوں کی طرح سور ہمیں چیر پھاڑ کر کھا نہیں سکتا۔ خونخوار جانوروں کی طرح سور گوشت خور جانور نہیں ہے۔ مگر ہم سور سے بے پناہ نفرت کرتے ہیں۔ ہم شیر اور چیتے سے نفرت نہیں کرتے ہم شیر اور چیتوں سے ڈرتے ہیں۔ ہم خونخوار جانور سے ڈرتے نہیں۔ بھیڑ، بکریوں، خرگوش، گائے، بیل اور گینڈے سے نہیں ڈرتے، ہاتھی سے نہیں ڈرتے۔ مگر جب عالموں اور دانشوروں نے ہمیں متنبہ کیا کہ سورج غروب ہونے کے بعد آپ اسلام آباد میں کسی قسم کی دوڑ دھوپ سے اجتناب کریں۔ سورج غروب ہونے کے بعد سور اسلام آباد کے راستوں اور سڑکوں پر نکل آتے ہیں۔ اور آپ کا جینا دوبھر کردیتے ہیں۔ تب سے ہم اسلام آباد میں سورج غروب ہوجانے کے بعد خود بھی غروب ہوجاتے تھے۔ ڈر کے مارے، ہم نے سورج غروب ہونے کے بعد اسلام آباد کی سڑکوں کی طرف جھانک کر بھی نہیں دیکھا تھا۔ سورج غروب ہونے تک، میں مارگلہ روڈ پر دوڑتا رہتا تھا۔ میں اپنی مرضی سے نہیں دوڑتا تھا۔ مجھے کارڈیالوجسٹ نے کہا تھا کہ بچو! جب تک دوڑتے رہو گے تب تک زندہ رہو گے۔ دوڑنا چھوڑ دو گے، مرجاؤ گے۔ یہ فریبی دنیا مجھے اچھی لگتی ہے۔ دیکھی ہوئی دنیا چھوڑ کر میں کہیں نہیں جانا چاہتا۔ مگر اب میں دوڑ نہیں سکتا۔ میرے کارڈیالوجسٹ کو بتا دیجئے۔ لگتا ہے یہ دلفریب دنیا چھوڑ جانے کی گھڑی آن پہنچی ہے۔ کبھی کبھار ایسا بھی ہوتا تھا کہ مارگلہ روڈ پر دوڑتے ہوئے مارگلہ کی سرسبز پہاڑیوں پر چڑھ جاتا تھا۔ ایک مرتبہ مارگلہ کی پہاڑیوں میں دوڑتے ہوئے مجھے ایک گیدڑ دکھائی دیا۔ وہ تھکا ہارا اور بے بس دکھائی دے رہا تھا۔ ہانپتا کانپتا گیدڑ جب میرے قریب سے گزرا میں نے اس سے پوچھا۔ مجھے تو تمہارے تعاقب میں کوئی بھیڑیا، ریچھ، چیتا دکھائی نہیں دیتا۔ تم کس سے اپنی قیمتی جان بچانے کیلئے دوڑ رہے ہو؟۔

اس نے جواب نہیں دیا۔ دوڑتا رہا۔ میں نے نرم اور گرم لہجہ میں کہا گیدڑ بھائی، میں آپ سے پوچھ رہا ہوں۔ آپ کے تعاقب میں آتے ہوئے مجھے بھیڑیئے دکھائی نہیں دیتے۔ تم کس سے جان بچانے کیلئے دوڑ رہے ہو۔ اس نے ہانپتی کانپتی آواز میں کہا۔ جان بچانے کیلئے بھاگنے والے گیدڑ نہیں ہوتے، جیسے تم۔ مجھے سمجھنے میں دیر نہ لگی۔ میں نے ہمدردی جتاتے ہوئے کہا۔ ان سی آئی ڈی والوں نے ہم عام آدمیوں کا جینا دوبھر کردیا ہے۔ گیدڑ نے کہا میں سی آئی ڈی والوں سے جان بچانے کیلئے نہیں بھاگ رہا۔ میں نے تعجب سے پوچھا تو کیا بھتہ خوروں سے بھاگ رہے ہو۔ میں ایک مرتبہ بہت بھوکا تھا۔ بھوتار سائیں نے ایک ووٹ کے عوض مجھے بریانی کھلائی تھی۔ گیدڑ نے کہا۔ جب تک بڑا بھوتار سائیں زندہ تھا، میں مفت بریانی کے عوض اسے ووٹ دیتا رہا۔ بڑے بھوتار سائیں جا بسے ہیں جنت میں، اب چھوٹا بھوتار سائیں پچاس برس پہلے کھائی ہوئی مفت کی ایک بریانی کی پلیٹ کے عوض مجھ سے ووٹ مانگ رہا ہے۔ اس نے اپنے غنڈے میرے پیچھے لگا دیئے ہیں۔ ان بدمعاشوں سے بچنے کیلئے میں بھاگتا رہتا ہوں۔ اس سے پہلے کہ میں کچھ کہتا، گیدڑ نے پوچھا تم کیوں بھاگ رہے ہو؟۔ میں نے کہا میرے پاس امانت ہے۔ وہ مجھے ہر حال میں لوٹانی ہے۔ مگر میں امانت لوٹانا نہیں چاہتا۔ اس لئے دوڑ رہا ہوں۔

آرٹیفیشل انٹیلی جنس ٹیکنالوجی

آرٹیفیشل انٹیلی جنس ٹیکنالوجی بزنس میں جس تیزی سے انقلاب لا رہی ہے، اس کا ہم اپنے ملک میں تصور بھی نہیں کرسکتے۔ لیکن دنیا میں اس کے استعمال سے جو ترقی دیکھی جا رہی ہے وہ یقیناً حیرت انگیز ہے۔ آج دنیا میں اس سے آگے بڑھ کر جنریٹیو ٹیکنالوجی کا چرچا ہے۔

پاکستان میں اس جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی بے حد ضروری ہے کہ حکومت، ادارے اور ہماری یوتھ اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ برطانیہ جو بینکنگ اور فنانشل سروسز کا حب ہے اپنی گلوبل ریچ مزید بڑھانے کے لیے نئی سے نئی ٹیکنالوجیز کا استعمال کرتا ہے جس میں آرٹی فیشل انٹیلی جنس سرفہرست ہے جب کہ جنریٹیو ٹیکنالوجی اب اسے انقلابی جہت دے رہی ہے۔ مثال کے طور پر فنانشل آٹو میشن ایک بے حد کارآمد ٹول ہے اس میں کمپوزنگ اور اسپیس کے بجائے آواز سے اکائنٹس کے لین دین یعنی ٹرانزیکشنز مکمل کی جاتی ہیں جو آسان ہے اور اس طرح سے کام بھی جلد نمٹ جاتا ہے۔ اس میں انسانی مداخلت ان معنوں میں بالکل ختم ہو جاتی ہے کہ صرف آواز کے ذریعے فنانشل پراسیس مکمل ہو جاتا ہے۔ دوسری طرف کسٹمر کو پیمنٹ ہو جاتی ہے۔

بینکنگ اور مالیاتی شعبوں میں کمپلائنس ایک بہت بڑا اور اہم ایریا ہے کیونکہ اس ہی کے ذریعے مالیاتی معاملات کو عملی شکل دی جاتی ہے۔ یہ روبوٹس رولز اور ریگولیشنز جنریٹو اے آئی سے سیکھ سکتے ہیں اور ان کا انٹرفیس، یعنی بات چیت بالکل انسانوں کی طرح ہے۔ اس میں روبوٹس رہنمائی مہیا کرتے ہیں جن سے آپ انگریزی، اردو یا کسی اور زبان میں بات کرسکتے ہیں جس سے کسٹمرز کے لیے بات سمجھنا بہت آسان ہو جاتا ہے۔ انھیں پیچیدہ سوالات کے جوابات بھی آسان زبان میں میسر ہوں گے۔ یوں ایک طرف کسٹمرز کو ماہرانہ رہنمائی ملے گی وہیں بھاری فیسز سے بھی نجات مل جائے گی۔

اس وقت پاکستان کے معاشی حالات بہت خراب ہیں۔ عوام سخت مایوس ہے، عوام معاشی مشکلات کا حل چاہتے ہیں، ایسا تب ہی ممکن ہو گا جب ملکی معیشت درست سمت میں گامزن ہو، ہماری معاشی بحالی میں آرٹی فیشل ٹیکنالوجی اور جنریٹیو ٹیکنالوجی جیسی جدید ٹیکنالوجیز کا استعمال بہت فیصلہ کن ہو گا کیونکہ یہ جلد نتائج دے سکتی ہیں۔ پاکستان کی ساٹھ فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جو زیادہ تر بے ہنرے ہیں جب کہ ان کے ہاتھوں میں 18 کروڑ اسمارٹ فونز ہیں۔ نیز حکومت بھی طلبہ کو لیپ ٹاپ فراہم کرتی ہے لیکن جب تک نوجوانوں کو ان کا درست استعمال نہیں سکھایا جائے گا، یہ مشق بے کار ہی نہیں خطرناک بھی ثابت ہو سکتی ہے۔ آرٹیفیشل انٹیلی جنس ملکی ترقی میں انقلاب لا سکتی ہے۔

بیرون ملک پاکستانیوں کے ذریعے اس ٹیکنالوجی کی منتقلی بہت آسان ہے۔ اس سلسلے میں بیرون ملک پاکستانیوں کے ذریعے تربیت اور رہنمائی مل سکتی ہے۔ ماضی میں بیڈ گورننس، مالیاتی شعبوں میں ڈسپلن کی کمی اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے فقدان کی وجہ سے پاکستانی معیشت کو تباہ کن نقصان پہنچا کہ اسٹیٹ بینک نے ان خرابیوں خاص طور پر بیڈلون کے ضمن میں اپنے کردار میں غفلت برتی۔ اس سنگین غفلت سے ملکی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا۔ لیکن اس کے باوجود بینکنگ سیکٹر کو بہت فروغ ملا۔ پاکستانی بینکوں میں جو ٹیکنالوجی استعمال کی جا رہی ہے وہ 60, 50 سال پرانی ہے۔

اسے اپ ڈیٹ کرنا بہت مشکل تھا لیکن جنریٹیو ٹیکنالوجی نے یہ بھی ممکن بنا دیا ہے۔ یہ ٹیکنالوجی سارا ڈیٹا پڑھ سکتی ہے اور پھر اس ڈیٹا کی بنیاد پر بینکس کی سروسز کو اپ ڈیٹ کرسکتی ہے۔ یہ وہ ایریا ہے جس سے ہمارے بینکنگ سیکٹر کو فوری اور بہت وسیع فائدہ ہو گا لیکن جب تک حکومت مالیاتی اداروں اور یونیورسٹیوں میں اشتراک اور تعاون نہیں ہو گا اس انٹیلی جنس سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکے گا۔ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا شور مچانا اور اسے سیاسی فائدہ کے لے استعمال کرنا، ایک بات ہے مگر اس کا مالیاتی معاملات میں ٹھوس استعمال بہت عرق ریزی، مہارت اور تجربہ مانگتا ہے۔ حوصلہ افزا بات یہ ہے کہ پاکستانی نوجوانوں کے پاس علم بھی ہے، ہنر بھی اور انھیں اس کا استعمال بھی آتا ہے۔

آرٹیفیشل انٹیلی جنس پر سب سے بڑا اعتراض پوری دنیا میں یہ کیا جا رہا ہے کہ اس سے بے روزگاری میں اضافہ ہو گا کیونکہ انسانوں کی جگہ روبوٹس لے لیں گے۔ یہ اعتراض اور تشویش بالکل درست ہے۔ پاکستان جیسے اوور پاپولیٹڈ ممالک میں یہ ٹیکنالوجی تباہ کن ہو سکتی ہے۔ ان تمام خدشات کو ترقی یافتہ ممالک میں بھی دیکھا جا رہا ہے اور ان کے حل بھی تلاش کیے جا رہے ہیں۔

اس انٹیلی جنس کے متعلق اس خدشہ کا بھی اظہار کیا جا رہا ہے کہ اس کے الگورتھم میں تبدیلی سے ریاستوں، اداروں اور افراد کے لیے خطرات اور بہت سے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ امریکا برطانیہ یورپ چین اور روس میں اس بارے میں سخت قانون سازی ہو رہی ہے لیکن ان تمام خطرات اور خدشات کے باوجود پاکستان کی معیشت کے لیے جنریٹیو آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا فوری اور وسیع پیمانے پر استعمال لازمی ہے کیونکہ اس سے مختلف مالیاتی سیکٹر اور حکومتی شعبوں میں انقلاب آ سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

تعلیمی ادارے اور بدمعاشی

دھونس ایک ایسی اصطلاح ہے جس نے حالیہ برسوں میں مقبولیت حاصل کی ہے لیکن یہ وجود انسان کے وجود سے ہی موجود ہے، اب، بدمعاشی یا بدمعاشی سے ہم دراصل کیا سمجھتے ہیں۔

دھونس ایک ایسی اصطلاح ہے جس نے حالیہ برسوں میں مقبولیت حاصل کی ہے لیکن یہ وجود انسان کے وجود سے ہی موجود ہے، اب، بدمعاشی یا بدمعاشی سے ہم دراصل کیا سمجھتے ہیں؟ یہ اینگلوسیکسن لفظ عام طبقاتی غنڈے کو حوالہ دینے کے لئے کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔

غنڈہ گردی ایک مظہر ہے اسکول کے ماحول میں ہی، متاثرہ عورت پر ہراساں کرنے، ہراساں کرنے اور/ یا زیادتی کا نشانہ بنانا، ہراساں کرنے والے کو ہراساں ہونے سے بالاتر محسوس کرنا اور اس کی تکلیف میں خوشی ہے۔ شکار کے ذریعہ بار بار اس حالت کے بے نقاب ہونے سے سنگین نفسیاتی نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔ کچھ معاملات میں، طالب علموں کو دھونس دیا گیا ہے جو خودکشی کرسکتے ہیں۔

کام کی جگہ پر ہراساں کرنے کو ہجوم کہا جاتا ہے۔ آپ ہمارے مضمون میں اس رجحان کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں: "مسبنگ: کام کی جگہ پر نفسیاتی ہراساں کرنا"

غنڈہ گردی کی وجوہات

بدمعاشی ایک ایسا رجحان ہے جو اپنے آپ کو مختلف وجوہات (ذاتی، خاندانی یا اسکول) کے لئے ظاہر کرسکتا ہے اور اسی وجہ سے یہ کسی بھی تعلیمی مرکز میں واقع ہوسکتا ہے: نجی یا عوامی۔ اسکول کے اسباب کے بارے میں، ایسا لگتا ہے کہ چھوٹے بچوں کی نسبت بڑے اسکولوں میں دھونس کا خطرہ زیادہ ہے، سابق کی نگرانی میں دشواری کی وجہ سے۔

ایک ذاتی وجہ، مثال کے طور پر، بدمعاش کی کم خود اعتمادی ہوسکتی ہے۔ پریشان کن سے برتر ہونا، خود اعتمادی کو کم کرنے کا ایک طریقہ ہوگا۔ خاندانی اسباب کے بارے میں، غنڈہ گردی کرنے والے بچوں پر تشدد کی اصل جارحانہ والد ماڈل میں پایا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ معاشی تناؤ، والدین کے مابین خراب تعلقات، حاصل شدہ اقدار، بقائے باہمی کے قواعد کی عدم موجودگی وغیرہ۔ اس رجحان کی ترقی کی ممکنہ وجوہات ہوسکتی ہیں۔

آیئے دیکھیں کہ غنڈہ گردی کے شکار افراد میں پائے جانے والے جسمانی اور ذہنی صحت پر کیا منفی اثرات پڑتے ہیں۔

1. تناؤ

غنڈہ گردی کے شکار افراد نہ صرف اسکول کے وقت بلکہ کئی سالوں کے بعد بھی دباؤ ڈالتے ہیں۔ یہ بات ٹفٹس یونیورسٹی میں کی گئی ایک تحقیق سے واضح ہے جس سے یہ بات سامنے آتی ہے متاثرہ افراد زیادہ سے زیادہ کورٹیسول چھپاتے ہیں، جو ایک ہارمون دباؤ کے احساس میں براہ راست شامل ہوتا ہے۔

اس سے ان لوگوں میں طویل مدتی صحت کے بہت سارے نتائج کی وضاحت ہوگی، مثال کے طور پر ذہنی عارضوں کی ظاہری شکل، جیسا کہ جان ہاپکنز یونیورسٹی

تحریر: عبدالحمید

کے ایک مطالعے سے اشارہ کیا گیا ہے۔

2. بے چینی اور افسردگی

دوسری تحقیق، ڈیوک یونیورسٹی سے اس معاملے میں، یہ پتہ چلا ہے کہ غنڈہ گردی کے شکار افراد ایگوروفوبیا، عام تشویش کی خرابی اور گھبراہٹ کے حملوں جیسے امراض میں مبتلا ہونے کا زیادہ امکان رکھتے ہیں۔ ان میں افسردگی اور معاشرتی تنہائی کی شرح بھی زیادہ تھی۔

3. سومیٹیجیز

وہ نفسیاتی امراض بھی پیش کرسکتے ہیں۔ اس کا پتہ 2008 میں رینڈی اور لوری سنسون کی شائع کردہ ایک رپورٹ میں ہوا تھا۔

4. خودکشی

ڈیوک میں کی گئی اسی تحقیق میں، ان لوگوں میں خودکشیوں کا زیادہ امکان پایا گیا تھا۔ غنڈہ گردی کا شکار شخص کی خودکشی کا پہلا واقعہ نوجوان ہسپانوی جوکن کا تھا جس نے 14 سال کی عمر میں ہنڈراریہ شہر میں واقع اپنے اسکول میں کئی سال کی زیادتی اور ہراسانی کے بعد اپنی زندگی ختم کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

5. سماجی اور مستقبل کے کام میں دشواری

اسکول شو میں غنڈہ گردی کے شکار افراد، خاندانی زندگی کے معیار اور اپنی بالغ زندگی میں ان کی قوت خرید کے لحاظ سے اعداد وشمار سے بدتر اشارے۔ وہ اپنی معاشرتی اور مواصلات کی مہارت میں بھی خراب کارکردگی کا شکار ہوسکتے ہیں، جیسا کہ اس مطالعے میں اشارہ کیا گیا ہے کلیئر فاکس اور مائیکل بولٹن نے اس مطالعہ میں شائع کیا برٹش سائیکولوجیکل سوسائٹی۔

غنڈہ گردی کی اقسام

لیکن دھونس کی کس قسم کا وجود ہے؟ دھونس کے خلاف نیشنل سینٹر (این سی اے بی) کے مطابق دھونس کو مختلف معیاروں کے بعد درج ذیل درج کیا جاسکتا ہے۔

1. زبانی غنڈہ گردی

زبانی غنڈہ گردی یا زبانی غنڈہ گردی کی وجہ یہ ہراساں کرنا ظالمانہ الفاظ، توہین، دھمکیوں کا اظہار کرتے ہیں، ڈرانے، لطیفے، اور شکار کی ظاہری شکل، جنسی نوعیت، نسل، نسل، یا معذوری کے بارے میں خصوصی جملے۔ بچے ان قسم کے تبصروں سے زیادہ حساس ہوتے ہیں۔

مثال: جب کوئی بچہ دوسرے بچے سے کہتا ہے: "آپ بہت، بہت موٹے اور آپ کی والدہ بھی ہیں۔"

جسمانی غنڈہ گردی

جسمانی بدعنوانی کو ہراساں کرنے والے کی طرف سے جارحانہ اور ڈرانے دھمکانے والے سلوک کی خصوصیت ہے، جس میں لات مارنا، مارنا، ٹرپ کرنا، مسدود کرنا یا شرمانا شامل ہے۔ یہ غنڈہ گردی کی سب سے مشہور شکل ہے۔

مثال: کسی دوسرے بچے کی طرف سے ایک بچے کی غنڈہ گردی کی جاتی ہے جو تفریح کے وقت اپنی پتلون نیچے کھینچتا ہے

3. معاشرتی یا رشتہ دار دھونس

اس طرح کی دھونس کا پتہ لگانا زیادہ مشکل ہے اور عام طور پر شکار کی کمر کے پیچھے ہوتا ہے۔ مقصد عام طور پر یہ ہوتا ہے کہ وہ شخص کسی گروپ میں شامل نہیں ہوتا ہے یا اس کا حصہ نہیں ہوتا ہے، ڈائننگ روم میں، ریس فٹ بال کے کھیلوں میں یا مرکز میں کسی بھی معاشرتی یا تعلیمی سرگرمی میں، شکار کو نظرانداز کیا جاتا ہے یا ان کے ساتھی انکار کرتے ہیں۔

مثال: جم کلاس میں لڑکیوں کا ایک گروپ اپنی پارٹی کے بارے میں فوٹو کھینچتا ہے جس میں کلاس کی ایک لڑکیوں کو مدعو نہیں کیا گیا تھا، اور جب وہ موجود ہوتی ہے تو وہ اس کے ساتھ ایسا سلوک کرتے ہیں جیسے وہ پوشیدہ ہے۔

4. سائبر دھونس

سائبر دھونس ایک ایسا رجحان ہے جو سوشل نیٹ ورک کے عروج کے سبب پیدا ہوا تھا۔ اس کی خصوصیات سوشل نیٹ ورکس، ٹیکسٹ میسجز اور ای میلز کے ذریعہ تیار کردہ ہراساں کرنے یا دھمکانے کی ہے۔ ڈیجیٹل میڈیم کے ذریعہ، شکاری غلط افواہوں، جھوٹ، دھمکیوں، جنسی پسندی یا نسل پرستانہ تبصروں کو پھیلاتا ہے، جس سے متاثرہ افراد میں بے حد تکلیف اور نفسیاتی اور جذباتی مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

5. جسمانی غنڈہ گردی

اس طرح کی غنڈہ گردی کا تجزیہ کرنا سب سے مشکل ہے، کیونکہ بہت سے لوگ یہ ماننے سے انکار کرتے ہیں کہ ایسے بچے بھی ہیں جو اس قسم کے سلوک کو انجام دیتے ہیں۔ اسکول میں اس طرح کی غنڈہ گردی سیکسسٹ یا فحش تبصرے کی خصوصیت، مبتلا کو مباشرت سے چھونے یا مقتول پر کوئی ایسا کام کرنے کے لئے دباؤ ڈالنا جو وہ نہیں چاہتے ہیں۔ (مثال کے طور پر، بالغ فلمیں دیکھنا)۔ اس طرح کی غنڈہ گردی سنگین نفسیاتی پریشانیوں کا سبب بن سکتی ہے اور متاثرہ افراد کے مباشرت اور پیار سے متعلق تعلقات کو ہمیشہ کے لئے نشان زد کرسکتی ہے۔

اسکول میں تشدد کا تنوع

مختلف قسم کی غنڈہ گردی کا وجود ہمیں یہ ظاہر کرتا ہے کہ دوسروں کو نقصان پہنچانے یا اس پر حملہ کرنے کا مقصد کس حد تک مختلف شکلیں اختیار کرسکتا ہے۔ لہذا، یہ بالغوں اور دیکھ بھال کرنے والوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ جسمانی یا نفسیاتی تشدد کی ان شکلوں کا پتہ لگائیں اور متاثرین کی ضروریات پر توجہ دیتے ہوئے ان کو روکیں۔

یہ بہت ضروری ہے کہ تشدد کیا ہے اور کیا ناقابل قبول رویوں کو معمول بنانا عذر کی حیثیت سے کام نہیں کرتا ہے، اگرچہ ان کو مار پیٹ یا چوٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہے، نفسیاتی نشان چھوڑ دیتے ہیں

بے جا امریکی تفاخر اور غلطیاں

امریکا اپنے اقدامات کے لیے خود کو کسی کے سامنے جواب دہ محسوس نہیں کرتا، یہی وجہ ہے کہ امریکا نے 2022 میں ایشیا پیسفک ریجن Asia Pacific Region کا نام تبدیل کر کے اسے انڈو پیسفک ریجن کہنا شروع کر دیا۔ امریکا اس ریجن کا ملک نہیں ہے۔

اس نے علاقے کے ممالک سے صلاح مشورہ کیے بغیر اپنے طور پر ریجن کو نیا نام دے دیا۔ اس طرح امریکا نے اس ریجن میں بھارت کو مرکزیت عطا کر کے ایک بہت اہم علاقائی قوت بنانے کی کوشش کی۔ امریکا یہ سب اس لیے کر رہا ہے کہ ایک تو وہ دنیا میں کسی کے سامنے اپنے آپ کو جواب دہ نہیں سمجھتا اور دوسرا وہ علاقے میں بھارت کو اہمیت دے کر چین کے خلاف ابھارنے کی کوشش میں ہے۔ امریکا یہ ضروری سمجھتا ہے کہ چین کی تیزی سے ترقی کرتی معیشت، ابھرتی فوجی قوت اور بڑھتے اثرورسوخ کے آگے بند باندھے۔

امریکا اس بات سے خائف ہے کہ چین دنیا بھر میں امریکن تسلط کے لیے سب سے بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ بھارت کو یہ مرکزی کردار دینے اور چین کو روکنے کے معاملے میں ایک طرف ڈونلڈ ٹرمپ اور دوسری طرف جو بائیڈن اور کملا ہیرس میں کوئی بڑا اختلاف نظر نہیں آتا۔ فرق ہے تو صرف زبان کے استعمال کا۔ یہ کوئی حیرت کی بات نہیں ہے کہ چین نے امریکا کی طرف سے ریجن کو دیے گئے نئے نام کو پذیرائی تو کیا، توجہ ہی نہیں بخشی۔ وہ علاقے کو مسلسل اس کے پرانے نام سے ہی پکار رہا ہے۔ پاکستان بھی علاقے کے لیے پرانا نام ہی استعمال کر رہا ہے لیکن پاکستان نے اس تبدیلی پر کوئی واضح موقف نہیں دیا۔

امریکا میں انتخابات کا موسم ہے اور امریکی رہنماں کے لیے اندرونی و بیرونی پالیسیوں پر اظہار رائے کا وقت ہے۔ ری پبلکن اور ڈیموکریٹ دونوں طرف کے صدارتی امیدواروں کے انٹرویوز کو دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ خارجہ پالیسی کے معاملات میں ہونے والی گفتگو کتنی مضحکہ خیز اور سطحی رہی ہے۔ یوں تو اس کی کئی وجوہات ہیں لیکن اصل میں امریکا دنیا کو نہیں سمجھتا اور دنیا کی پرواہ بھی نہیں کرتا۔ امریکی ریاست بہت سے معاملات میں خود کفیل ہے اور پچھلی پانچ سے زیادہ دہائیوں سے بلا شرکتِ غیرے دنیا کی واحد سپر پاور ہے۔

اس لیے امریکا کا کسی دوسرے ملک پر انحصار نہیں۔ اس خود کفالت نے امریکا کو متکبر، خودغرض اور لاپرواہ بنا دیا ہے۔ وہ ثقافتی رکاوٹوں کو عبور کرنے اور دوسرے معاشروں کے مادہ کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ دوسری عالمی جنگ جیتنے کے بعد سب سے بڑی معیشت، سب سے غالب فوجی قوت کے طور پر سامنے آنے کی وجہ سے امریکا کے اندر برتری کا احساس جاگزین ہو چکا ہے اور یہ بھی کہ امریکا کو دوسروں کو سمجھنے کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ دنیا پر لازم ہے کہ وہ امریکی پالیسیوں کی پیروی کرے۔ امریکا بہت تھوڑے سے عرصے میں ایک برطانوی نوآبادی سے سپر پاور بن گیا۔

تاریخ میں امریکا کا کبھی دوسرے ممالک سے برابری کا تعلق نہیں رہا۔ جب اس ملک نے اپنے ساحلوں سے باہر کی دنیا سے رابطہ استوار کیا تو یہ پہلے ہی ایک بڑی طاقت بن چکا تھا۔ پہلی اور دوسری عظیم جنگوں میں، اس کے محلِ وقوع کی وجہ سے اسے براہِ راست جنگ سے واسطہ نہیں پڑا اور اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ امریکیوں کو یہ یقین ہو گیا کہ ان کا نظام، ان کی اقدار اور ان کے سوچنے کا طریقہ بہترین ہے اور کامیابی کا یہی واحد راستہ ہے۔ امریکی دوسروں کو اپنے نقطہ نظر کے مطابق ڈھالنے میں حق بجانب خیال کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ان کا ہر قدم، ہر انداز اتنا پرفیکٹ ہے کہ اسے سمجھانے کی بھی ضرورت نہیں۔

ایشیا پیسفک ریجن اس وقت دنیا کا سب سے اہم، جیو پولیٹیکل، جیو اسٹریٹیجک اور جیو اکنامک تھیٹر بن چکا ہے۔ دنیا کا جیو اسٹریٹیجک نقشہ آنے والے ایک لمبے عرصے تک اس تھیٹر میں ہونے والی developments پر انحصار کرے گا۔ اس ریجن میں مشرقی ایشیا، جنوبی ایشیا، مغربی بحرالکاہل اور بحر ہند شامل ہیں اور یہاں دنیا کی آدھی سے زیادہ آبادی بستی ہے۔ اس علاقے میں دنیا کی سات بڑی افواج ہیں۔ پاکستان کی فوج بھی یہاں ہے جس کو دنیا کی چھٹی بڑی فوج مانا جاتا ہے۔

امریکا اس ریجن میں چین کو روکنے کے علاوہ ایک Rule based international order انوکھا رول نافذ کرنا چاہتا ہے لیکن یہ رول، یہ قاعدہ کوئی بین الاقوامی طور پر مانا ہوا قاعدہ نہیں۔ یہ قاعدہ ایسا قاعدہ ہے جس کے ذریعے امریکا جب چاہے اور جیسا چاہے قاعدے کو استعمال کرے، توڑ دے اور نیا قاعدہ سامنے لے آئے۔ امریکا نے نیٹو کی سرحدیں روس تک بڑھا کر روس کو مجبور کیا کہ وہ جنگ کرے۔ اسی قاعدے کے تحت امریکا نے اسرائیل کی بے جا پشت پناہی کرتے ہوئے پورے علاقے کو جنگ کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔

اسی قاعدے کے تحت امریکا انڈیا کو چین سے لڑانے کے لیے مسلح کر رہا ہے۔ اسی کے تحت امریکا نے ون چائنا پالیسی سے روگردانی کرتے ہوئے تائیوان کے ساحلوں پر اپنا نہ ڈوبنے والا ایئر کرافٹ کیریئر لا کھڑا کیا ہے۔ چین کو روکنے کے لیے QUAD اور آکس تنظیموں کی تشکیل کی گئی ہے۔ گو کہ آسیان تنظیم چین اور امریکا و مغرب کے مابین ایک بیلنس قائم رکھنے کے لیے کوشاں ہے لیکن امریکا نے اس تنظیم کے ساتھ بھی گہرے اسٹریٹیجک روابط استوار کیے ہیں تا کہ ممکنہ طور پر اس تنظیم کو بھی چین کے خلاف اپنے مقاصد کے حصول کے لیے استعمال کیا جاسکے۔

امریکا نے تھائی لینڈ، ویت نام، جنوبی کوریا اور جاپان کے ساتھ سیکیورٹی معاہدے کیے ہیں تا کہ چین کے خلاف گھیرا تنگ کر کے چین کو موجودہ سرد جنگ میں شکست دی جا سکے۔ چین کی ابھرتی قوت کے آگے بند باندھنا آسان نہیں۔ چین کبھی بھی ایک کولونیل قوت نہیں رہا۔ اس کے کوئی توسیع پسندانہ عزائم نہیں رہے۔ چین روس نہیں ہے۔

یہ ملک امریکی تسلط وچودھراہٹ کو چیلنج نہیں کر رہا بلکہ امریکا اپنے تئیں چین کی اٹھان سے خائف ہے۔ امریکا پچھلے ساٹھ ستر برسوں میں کسی دوسری قوت سے اتنا نہیں ڈرا جتنا چین سے خوفزدہ ہے۔ چین کی ڈی ڈالرائزیشن پالیسی سے امریکی معیشت، تجارت اور اس کے لاگو کردہ فنانشل سسٹم کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ اب تک امریکا دنیا کے مختلف ممالک میں اثاثوں کو ڈالر چھاپ کر خرید لیتا تھا اور پھر مختلف حیلوں بہانوں سے ان اثاثوں کو ہتھیا لیتا تھا۔ اب امریکا کے لیے ایسا کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔

امریکا نے اپنی قوت کے بل بوتے پر اپنے تفاخر کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسری اقوام سے غیر معمولی سلوک کا مطالبہ کیا۔ روس کے ساتھ سرد جنگ میں کامیابی پر اس کی عسکریت پسندی میں بے پناہ اضافہ ہوا جس سے امریکا نے اپنے فیصلوں میں کئی غلطیاں کیں۔ اس کی غلط پالیسیوں کی بدولت یوکرین تباہ و برباد ہو رہا ہے۔ اسرائیل کی غلط پشت پناہی کی وجہ سے امریکی امیج تار تار ہوتا جا رہا ہے۔

بانی پی ٹی آئی کی ضد

اتوار، 8 ستمبر کی صبح جب یہ سطور رقم کی جا رہی ہیں، راولپنڈی اور اسلام آباد کی فضائیں پی ٹی آئی جلسے کے شور سے گونج رہی ہیں۔ پی ٹی آئی کو مبینہ طور پر 40 شرائط کی بنیاد پر یہ جلسہ کرنے کی اجازت ملی ہے۔ جلسہ سنگجانی کے مشہور قصبے اور جی ٹی روڈ سے متصل ایک بڑے میدان میں ہو رہا ہے جو دراصل مویشی منڈی کے لیے مختص ہے۔ اِس کے نزدیک ہی ایک مشہور سیمنٹ فیکٹری واقع ہے۔ جی ٹی روڈ کو اسلام آباد سے ملانے والی نئی شاہراہ) مارگلہ ایونیو (اِسی کے متوازی رواں نظر آتی ہے۔ اگر آپ بذریعہ جی ٹی روڈ راولپنڈی سے ٹیکسلا کے تاریخی شہر کی جانب سفر کریں تو ٹیکسلا اور ترنول کے درمیان سنگجانی پڑتا ہے۔ اس کے مغرب میں، چند کلومیٹر کے فاصلے پر، موٹروے ہے۔ عمومی طور پر سنگجانی کی یہ مویشی منڈی ویران ہی رہتی ہے۔

عیدالاضحیٰ کے ایام میں جب قربانی کے جانور یہاں بکثرت لائے جاتے ہیں، تب سنگجانی کا یہ علاقہ بھی آباد ہو جاتا ہے۔ 22 اگست 2024 کو ترنول میں پی ٹی آئی کا مجوزہ جلسہ خود بانی پی ٹی آئی کے پراسرار حکم سے منسوخ ہوا تو سرکاری اور پی ٹی آئی کے فریقین کی جانب سے اعلان سامنے آیا تھا کہ 8 ستمبر کو پی ٹی آئی کا جلسہ ہر صورت منعقد ہوگا۔ بانی پی ٹی آئی کی جانب سے بھی مبینہ طور پر یہ اعلان سامنے آیا کہ اگر میں بھی کہوں کہ 8 ستمبر کا جلسہ منسوخ کر دیا گیا ہے تو میرے کارکنوں نے یہ بات نہیں ماننی۔

سنگجانی کا یہ علاقہ کبھی سابق ایم این اے اور سابق وفاقی وزیر، غلام سرور خان، کا انتخابی حلقہ رہا ہے۔ غلام سرور خان صاحب اِس علاقے سے کئی بار کئی سیاسی جماعتوں کے پلیٹ فارم سے صوبائی اور قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ ان کا آبائی گاؤں) پنڈ نوشہری (بھی سنگجانی ہی سے متصل ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی مرکزی حکومت میں وہ وفاقی وزیر برائے ایوی ایشن رہے اور یوں مشہور ہوئے کہ پاکستان کے نیشنل کیریئر اور اِس کے کئی پائلٹوں کی پروفیشنل زندگیاں اور روزگار داؤ پر لگا دیے۔ ان کے حیرت انگیز فیصلوں کے کارن آج تک پی آئی اے کے لیے کئی مغربی اور امریکی روٹس بند چلے آ رہے ہیں۔ راولپنڈی سے پشاور جانے والی جی ٹی روڈ کے دائیں بائیں آباد سنگجانی کا یہ علاقہ کبھی سابق وفاقی وزیر اور مشہور

تحریر: سلیم خان منگٹ

قومی سیاستدان، چوہدری نثار علی خان، کا بھی سیاسی و انتخابی حلقہ رہا ہے۔ اب یہ دونوں سیاستدان اور سابق وفاقی وزراسیاست کے مطلع سے غائب ہیں کہ دونوں 8 فروری کے انتخابات میں بری طرح شکست کھا گئے تھے۔ اِن دونوں کی جگہ اب بیرسٹر عقیل ملک صاحب نے لے لی ہے۔ برطانیہ اور امریکا کی اعلیٰ درسگاہوں کے تعلیم یافتہ عقیل ملک صاحب نے 8 فروری کے انتخابات میں یوں تو آزاد حیثیت میں ایم این اے کا الیکشن جیتا تھا مگر فتحیابی کے بعد نون لیگ میں شامل ہو گئے تھے۔

اب وہ وزیر اعظم، جناب شہباز شریف، کے مشیر برائے قانون وانصاف ہیں اور تقریباً ہر روز مختلف نجی ٹی وی چینلز پر شائستگی اور متانت سے حکومتی پالیسیوں کا دفاع کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ سنگجانی کا علاقہ بیرسٹر عقیل ملک صاحب کے انتخابی حلقے میں شامل ہے۔ ان کا ذاتی گھر بھی اِس کے قریب ہی ہے۔

یوں سنگجانی کا یہ علاقہ سیاسی اعتبار سے خاصا فعال، بیدار اور متحرک ہے۔ یہاں پہنچنا مشکل ہے نہ دشوار کہ جی ٹی روڈ بھی قریب ہے اور موٹروے بھی۔ پی ٹی آئی کے اس جلسے نے پچھلے پانچ جلسے مسلسل منسوخ ہونے کے بعد معنوی شکل اختیار کی ہے؛ چنانچہ پی ٹی آئی کی لیڈر شپ، ارکانِ اسمبلی اور کارکنان کا جوش قابلِ فہم ہے۔ اِس جوش میں بانی پی ٹی آئی کی ضِد بھی شامل ہے۔ پی ٹی آئی باطنی طور پر جس ٹوٹ پھوٹ، دھڑے بازیوں اور کشاکش کا شکار ہے، اور اِسے جن متنوع قوتوں کی مخالفتوں کا سامنا ہے، اِن کی موجودگی میں اِس جلسے کی تھوڑی کامیابی بھی بڑی خیال کی جائے گی۔ اِن سطور کے لکھتے وقت راقم نے اخبارات میں پڑھا ہے کہ سی ایم کے پی کے، جناب علی امین گنڈا پور، کی پنجاب پولیس کے متعلقہ افسروں سے خاصی بڑی تلخ کلامی بھی ہوئی ہے جو مذکورہ جلسے کا سامان، مبینہ طور پر، جلسہ گاہ میں لے جانے میں مخل ہو رہے تھے۔ گنڈا پور صاحب نے پولیس افسروں کو اپنے مشہور لہجے میں للکارا بھی ہے۔ اِس للکار سے یقیناً پی ٹی آئی کے کارکنان کی حوصلہ افزائی ہوئی ہوگی کہ ان کا شیر ڈٹا ہوا ہے۔

جیل میں قید ہونے سے قبل پی ٹی آئی کے جتنے بھی اور جہاں بھی جلسے ہوئے، بانی پی ٹی آئی کی شرکت اور خطابات سے سبھی کامیاب ہوئے۔ بانی پی ٹی آئی کی آواز سننے کے شوقین اور عشاق جوق در جوق جلسوں میں آتے تھے۔

بانی پی ٹی آئی کے پاس کہنے کو ہوتا بھی بہت کچھ تھا۔ انھوں نے ناراض ہو کر مخالف قوتوں کے خلاف جو لہجہ اور اسلوبِ گفتگو اختیار کیا تھا، بوجوہ یہ لہجہ بانی پی ٹی آئی کے چاہنے والوں کے کانوں میں رس گھولتا تھا۔ سنگجانی کے جلسے میں مگر بانی پی ٹی آئی تو موجود نہیں، پھر کون لوگ، کیوں جلسے کو بھریں گے؟ کے پی کے میں پی ٹی آئی کے بعض ذمے داران پر کرپشن کے جو شدید الزامات سامنے آئے ہیں) حتیٰ کہ ایک صوبائی وزیر کو سی ایم گنڈا پور نے نکال بھی دیا ہے (ان کی موجودگی میں ناراض اور باغی عناصر کیوں اور کیونکر پی ٹی آئی کے کسی بھی جلسے کو رونق بخشیں گے؟ خاص طور پر جب علی امین گنڈا پور بذاتِ خود جلسے کو کامیاب بنانا چاہ رہے ہوں! چند دن قبل کے پی کے میں کروڑوں روپے کا جو دوستانہ اسکینڈل منصۂ شہود پر آیا ہے) اور جسے اے این پی قیادت خوب اچھال رہی ہے (اور مبینہ جنگلات کٹائی اسکینڈل کی موجودگی میں بانی پی ٹی آئی کا کوئی بھی جلسہ بھلا عوام کے دلوں میں کیا بھونچال پیدا کرسکتا ہے؟ اِس جلسے کے انعقادی ایام میں خیبر پختونخوا میں سامنے آنے والے کرپشن اسکینڈلوں کی بھرمار سے خود بانی پی ٹی آئی اسقدر پریشان ہیں کہ انھوں نے خود خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے مقتدرین کو حکم دیا ہے کہ صوبائی کرپشن کی خبروں پر کم سے کم بات کی جائے۔

بانی پی ٹی آئی کی مبینہ ضِد تھی کہ وہ جلسہ کریں گے تو اسلام آباد میں کریں گے۔ سنگجانی مویشی منڈی میں منعقد ہونے والا یہ جلسہ مگر شہباز حکومت کے لیے یوں کامیابی ہے کہ حکومت نے پی ٹی آئی کو اسلام آباد کی حدود میں جلسہ نہیں کرنے دیا۔

عجیب لٹیرا

ہم نے سیاستدانوں کی عجب کرپشن کی غضب کہانیاں تو بہت سنی تھیں۔ کل دوپہر کو ہمیں ایک ایسے شخص کی کرپشن کہانیاں سننے کا موقع ملا جو کئی سال تک بہت سے سیاستدانوں کیلئے عجب بھی تھا اور غضب بھی تھا۔ اس شخص کا نام فیض حمید تھا۔

میرا خیال تھا کہ مجھے موصوف کے بارے میں بہت کچھ پتہ ہے لیکن کل ایک دوست کے ہاں تین ایسی شخصیات سے ملاقات ہوئی جن کی گفتگو سنکر ایسا محسوس ہوا کہ فیض حمید 2019 سے 2021 تک کسی سراغرساں ادارے کے نہیں بلکہ کسی انڈرورلڈ گینگ کے سربراہ تھے۔

فیض حمید کی لوٹ مار کے قصے سن کر مجھے اعتراف کرنا پڑا کہ ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں اور فیض کی کرپشن کا سراغ لگانے کیلئے کئی امتحاں اور بھی ہیں۔

اس محفل میں موجود ایک کاروباری شخصیت نے کوئی سنی سنائی بات نہیں کہی بلکہ وہ تو اپنی آپ بیتی سنا رہے تھے۔ 2021 میں ان صاحب پر ایک جھوٹا مقدمہ بنایا گیا اور پھر فیض حمید نے خود انہیں فون کرکے کہا کہ میرا فلاں افسر آپ کو فون کریگا اس کی بات سن لیجئے گا۔ پھر فیض کے ایک ماتحت نے اس کاروباری شخصیت کو فون کرکے کہا کہ پانچ ارب روپے کیش کا بندوبست کریں۔

اسی طرح کی کئی کہانیاں سن کر میں نے حیرانی سے پوچھا کہ فیض حمید اتنی رقم کہاں رکھتے تھے؟ محفل میں موجود ایک اور صاحب نے بتایا کہ فیض حمید نے باقاعدہ ایک ڈائری میں حساب کتاب لکھ رکھا تھا۔

اس قسم کی رقوم وہ اپنے مختلف پارٹنرز کے حوالے کر دیتے تھے اور وہ ان رقوم کو ہاؤسنگ اسکیموں یا دیگر کاروباری منصوبوں میں انویسٹ کر دیتے تھے اور اس ڈائری میں موجود تفصیلات کے مطابق فیض حمید نے مختلف کاروباری منصوبوں میں 30 ارب روپے کی سرمایہ کاری کر رکھی تھی۔ یہ رقوم کسی بینک کے ذریعے ٹرانسفر ہوئیں نہ کسی تحریری معاہدے میں انکا ذکر آیا لہذا فیض حمید کا ایک بزنس پارٹنر اب یہ چاہتا ہے کہ فیض صاحب کو ایسی سزا ہو کہ وہ اگلے دس پندرہ سال تک باہر نہ آئیں اور نہ ہی اپنے اربوں روپے کا حساب کتاب مانگیں۔

فیض حمید کی کرپشن کہانیوں کے ان عینی شاہدین کا کہنا تھا کہ نومبر 2016 میں اس وقت کے وزیراعظم نواز شریف کی مہربانی سے جنرل قمر جاوید باجوہ آرمی چیف بنے تو انکے سسر اعجاز امجد کی سفارش سے فیض حمید کو جنوری 2017 میں آئی ایس آئی کا ڈی جی کاؤنٹر انٹیلی جنس لگایا گیا۔ باجوہ نے فیض حمید کو ایک طرف سیاسی جوڑ توڑ میں

تحریر: حامد میر

استعمال کیا اور دوسری طرف اسکے ذریعے اپنے کئی ذاتی مفادات کا تحفظ بھی کیا۔

فیض حمید پر نا صرف اپنے باس کی اصلیت کھل گئی بلکہ ان پر کئی سیاستدانوں کی حقیقت بھی واضح ہوگئی جنہیں بند کمروں میں دبانا بڑا آسان تھا۔

باجوہ اور فیض نے ملکر نواز شریف کیخلاف سازش کی۔ ابتدا میں انکی کوشش تھی کہ نواز شریف کی جگہ شہباز شریف کو وزیراعظم بنایا جائے۔ جب شہباز شریف نے ان دونوں کے ہاتھوں استعمال ہونے سے انکار کردیا تو اسکے بعد انہوں نے بادلِ نخواستہ عمران خان کو ایک ایسی من پسند حکومت کا کپتان بنانے کا فیصلہ کیا جس کے ذریعے وطن عزیز میں صدارتی نظام کا راستہ ہموار کرنا تھا۔

جنرل باجوہ اور فیض کی سیاست میں کھلم کھلا مداخلت اور بلیک میلنگ کے سب سے بڑے گواہ وزیراعظم شہباز شریف ہیں۔ جب باجوہ آرمی چیف اور فیض ڈی جی آئی ایس آئی تھے تو میں نے اس وقت یہ کہنا شروع کیا تھا کہ ان دونوں نے 2018 کے انتخابات سے قبل شہباز شریف کو وزیراعظم بننے کی پیشکش کی۔

شہباز شریف کو میرے اس دعوے کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا لیکن انہوں نے کبھی تردید نہ کی۔ باجوہ اور فیض کی بلیک میلنگ کے دوسرے بڑے گواہ آصف علی زرداری ہیں۔

فیض حمید کی کوشش تھی کہ جس طرح نواز شریف کو طبی بنیادوں پر پاکستان سے باہر بھجوا دیا گیا، اسی طرح زرداری صاحب بھی پاکستان سے چلے جائیں۔ زرداری صاحب نے انکار کردیا تو انہیں گرفتار کرلیا گیا۔

باجوہ اور فیض نے ملکر 2018 کے انتخابات سے قبل بلوچستان عوامی پارٹی بنائی۔ اس پارٹی میں قومی مفاد کے نام پر سیاستدانوں کو جمع کیا گیا۔ اس پارٹی کو صوبے اور مرکز میں بہت سی نشستیں دلوائی گئیں اور پھر اسی پارٹی کو عمران خان پر دباؤ ڈالنےکیلئے استعمال کیا جاتا تھا۔ عمران خان وزیراعظم تو بن گئے تھے اور میڈیا پر باجوہ کی تعریفیں بھی بہت کرتے تھے لیکن اندر سے باجوہ کو ناپسند کرنے لگے تھے۔

23 مارچ 2019 کو عمران خان کی حکومت نے میجر جنرل فیض حمید کو ہلال امتیاز (ملٹری) دلوایا تو یہ واضح ہو چکا تھا کہ فیض حمید کو آئندہ بھی اہم کردار ملنے والا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل بننے کے بعد وہ صرف دو ماہ ایڈجوٹنٹ جنرل رہے اور پھر وہ آئی ایس آئی کے سربراہ بن گئے۔ انہوں نے بطور ڈی جی آئی ایس آئی جنرل باجوہ اور عمران خان دونوں کو اپنے ذاتی مفادات کیلئے استعمال کیا۔ ایک طرف انہوں نے اپنے سے سینئر جرنیلوں کو فارغ کرنے کیلئے باجوہ کو ایکسٹینشن دلائی اور دوسری طرف عمران خان کو اپوزیشن، عدلیہ اور میڈیا سے لڑاتے رہے۔

فیض حمید انڈرورلڈ ڈان کی طرح کام کرتے تھے۔ انکی سب سے بڑی خوبی جھوٹ، مکاری اور منافقت تھی۔ وہ خود بھی یہ کام کرتے اور دوسروں سے بھی یہی کام کراتے۔ سیاست میں فوج کی مداخلت کے کئی ناقدین سے وہ کہا کرتے تھے کہ آپ فوج پر تنقید جاری رکھیں لیکن مجھ سے دوستی کرلیں۔ مقصد یہ تھا کہ جنرل باجوہ پر تنقید کرو لیکن مجھے کچھ نہ کہو۔

آج کل آپ کو بہت سے صحافی جنرل فیض کے بارے میں تحقیقات پر تبصرے کرتے نظر آتے ہیں۔ ان میں اکثر وہ ہیں جو خلوتوں میں جنرل فیض کی خوشامد کیا کرتے تھے اور فیض اس خوشامد کی بھی خفیہ ریکارڈنگ کر لیتے تھے۔ جو صحافی قابو نہیں آتا تھا اس پر جھوٹے مقدمات بنتے اور جھوٹے الزامات لگائے جاتے۔ جھوٹے الزامات کیلئے ایک ٹی وی چینل کے دو اینکرز کا کردار ناقابل فراموش ہے۔ ان دونوں نے مجھ سمیت کئی صحافیوں، سیاستدانوں اور سول سوسائٹی کی اہم شخصیات پر بار بار توہین رسالت کا جھوٹا الزام لگایا۔

مئی 2021 میں مجھ پر پابندی لگائی گئی تو اسی چینل کا مالک مجھے کہنے لگا کہ آپ میرا چینل ٹیک اوور کرلیں۔ اس چینل کی انتظامیہ میں فیض حمید کے خاص لوگ اہم عہدوں پر فائز تھے

گلاسکو اور ڈاکٹر مجید چوہدری

میرے سامنے Royal College of Physicians and surgeons of Glasgow کے صدر کا خط پڑا ہوا ہے۔ اس حد درجے محترم ادارے کے سربراہ کا نام Michael J Mckirdy ہے جو سرجری کے پرخار اور مشکل راستے کا مستند نام ہے۔ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس مکتوب میں کیا لکھا ہوا ہے۔ دراصل مائیکل میکرڈی نے پروفیسر ڈاکٹر عبدالمجید چوہدری کو مودبانہ التجا کی ہے کہ وہ گلاسکو کی اس عظیم درس گاہ میں تشریف لائیں کیونکہ ادارے نے انھیں اعزازی ڈگری دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

یہ بھی درج ہے کہ یہ فیصلہ مجید چوہدری کی سرجری کے میدان میں حد درجہ اعلیٰ کارکردگی اور کینسر کے مریضوں کی مفت تشخیص کے اعزاز میں دیا جائے گا۔ مکتوب 24 جولائی 2024 کو مجید چوہدری صاحب کو لکھا گیا۔

میری دانست میں یہ بلند و بالا اعزاز بین الاقوامی سطح کا ہے اور کسی بھی ڈاکٹر کو عطا کیا جانا بہت بڑا اعزاز ہے۔ گزارش کروں گا کہ یہ ہمارے ملک کے ذہین اور بے لوث افراد کے لیے بھی ایک تمغہ ہے جس پر پورے ملک کو فخر کرنا چاہیے۔

میں اس طرح کے تمغوں کی بات نہیں کر رہا جو ہماری حکومت نے چند ایسے افراد کو دیے ہیں جو ناروے اور اپنے ملک میں مالی فراڈ میں ملوث ہیں۔ یہ ایک بین الاقوامی سطح کا وہ تمغہ ہے جسے حاصل کرنا ہر ایک کے خواب میں تو ہوسکتا ہے مگر مجید چوہدری صاحب نے اپنی محنت اور پیشہ ورانہ دیانتداری کی بدولت اس خواب کو ممکن بنایا۔

جب 1978 میں کنگ ایڈورڈ کالج میں داخلہ ملا تو اندازہ ہی نہیں تھا کہ کتنی قابل قدر درس گاہ میں داخل ہو رہا ہوں۔ اس زمانے میں پرنسپل ڈاکٹر سیال صاحب تھے جو گائنی کے شعبے میں حرف آخر گنے جاتے تھے۔ پچھلی صدی کی بات کر رہا ہوں۔ اس شخص کی قابلیت کا اندازہ لگائیے کہ شہنشاہ ایران کے بچوں کی ولادت ڈاکٹر سیال کی نگرانی میں ہوئی۔ رضا شاہ پہلوی بادشاہ تھا اور اس کے پاس روپے پیسے کی کوئی کمی نہیں تھی۔ وہ اپنے بچوں کی پیدائش کے لیے دنیا بھر سے ہر طرح کے ڈاکٹر بلوا سکتا تھا۔ مگر ڈاکٹر سیال جیسا قد آور ڈاکٹر اس وقت پوری دنیا میں موجود نہیں تھا۔ شاہ ایران انھیں تہران بلانے کے لیے اپنا خصوصی طیارہ بھجوایا کرتا تھا۔

تحریر: راؤ منظر حیات

اندازہ کیجیے کہ پاکستان کے ڈاکٹر اس سطح کے تھے کہ پوری دنیا میں ان کی قابلیت کا ڈنکا بجتا تھا۔ بات صرف ایک ڈاکٹر پر ختم نہیں ہوتی۔ پروفیسر ایچ مرزا ڈاکٹر اختر سرجن گردیزی سرجن رشید اور ڈاکٹر علی قلی خان جیسے نمایاں ستارے میو اسپتال میں حد درجے محدود وسائل کے ساتھ لوگوں کی خدمت کر رہے تھے۔ کئی اساتذہ کے نام فراموش کر چکا ہوں۔ اور اس گستاخی کی معافی چاہتا ہوں۔ ایم بی بی ایس کے پہلے دو سال اناٹامی کی پروفیسر طقیہ اور فیزیالوجی کی شفیق پروفیسر کے زیرسایہ گزرا۔ یہ دونوں خواتین اپنے مضامین میں یکتا تھیں۔ تیسرے سال میں جب وارڈ شروع ہوئے یعنی طالب علموں کو مریضوں کے ساتھ براہ راست رابطے میں کیا گیا۔ تو ایک چھبیلہ نوجوان جو حالیہ لندن سے پڑھ کر آیا تھا۔

سرجری کے میدان کی روح رواں نظر آیا۔ اس نوجوان کا نام ڈاکٹر مجید چوہدری تھا۔ اس وقت وہ اسسٹنٹ پروفیسر تھے۔ لیکن اپنے کئی شاگردوں سے بھی کم عمر نظر آتے تھے۔ اچھی طرح یاد ہے کہ چوہدری صاحب حد درجہ محنت سے میڈیکل اسٹوڈنٹ کو سرجری کی باریکیاں سمجھاتے تھے۔ عجیب زمانہ تھا پروفیسر ڈاکٹرز پرائیویٹ پریکٹس کو اہمیت دینے کے بجائے میو ہاسپٹل کے عام مریضوں کو توجہ سے دیکھنا افضل سمجھتے تھے۔ کیا آپ یقین کریں گے کہ اس زمانے کے نامور ترین ڈاکٹرز صبح اور شام یعنی دو وقت اپنے وارڈ کے ہر مریض کو دیکھتے تھے۔ اگر مریض کی تھوڑی سی حالت بگڑ جائے تو پروفیسر ڈاکٹر صاحبان ہاؤس آفیسرز کو اس بری طرح لتاڑتے تھے، جونیئر ڈاکٹر پوری پوری رات جاگ کر مریض کی دیکھ بھال میں جڑے رہتے تھے۔

عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ان عظیم ڈاکٹروں نے نجی پریکٹس یا دولت کا انبار اکٹھا کرنے کے بجائے انسانیت کے غریب ترین لوگوں کی مدد کرنا اپنا شعار بنائے رکھا۔ آپ ششدر رہ جائیں گے کہ پروفیسر ڈاکٹر عیص محمد نجی پریکٹس کرتے ہی نہیں تھے۔ صبح وارڈ کے مریضوں کو گھنٹوں دیکھنے کے بعد وہ شام کو طالب علموں کو دوبارہ بلا کر پڑھانا شروع کر دیتے تھے۔ میری ان سے ملاقات بہاولپور میڈیکل کالج میں بھی ہوئی۔ جہاں میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے فرائض انجام دے رہا تھا۔ ڈاکٹر عیص محمد کے غریب لوگوں کو مفت دیکھنے کے اطوار بالکل اسی طرح موجود تھے جو میں نے ان کی جوانی میں ملاحظہ کیے تھے۔

کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں جس قدر شاندار اساتذہ سے پڑھا اور سیکھا وہ بیان سے باہر ہے۔ ہمارے کالج کا انتظامی دفتر پٹیالہ بلاک تھا۔ یہ انتہائی خوبصورت عمارت ریاست پٹیالہ کے شاہی خاندان کے سرمائے سے تعمیر ہوئی تھی۔ پرنسپل صاحب کا آفس بھی اسی دیدہ زیب بلڈنگ میں تھا۔ قدیم ترین لکڑی کی بل کھاتی ہوئی سیڑھیوں سے اوپر جا کر دائیں ہاتھ پر پرنسپل صاحب کا پرشکوہ آفس تھا۔ کسی طالب علم کی ہمت تک نہیں تھی کہ وہ پرنسپل کے دفتر کے سامنے سے گزر سکے۔ پٹیالہ بلاک آج بھی اسی شان وشوکت سے موجود ہے اور اگر میں یہ کہوں کہ یہ ایک تعمیراتی شہکار ہے تو بات نامناسب نہیں ہوگی۔

ویسے عجیب بات ہے کہ اتنا خوبصورت دفتر کسی بھی وزیراعلیٰ کی نظر سے کیسے بچ گیا۔ کیونکہ ہمارے وزرائے اعلیٰ تو اچھے دفاتر پر زبردستی قبضہ کرنے کے ماہر گردانے جاتے ہیں۔

اس کی ایک مثال نوے شاہراہ قائداعظم ہے جو دراصل فری میسن ہال کی عمارت ہے۔ اس کے اندر لاہور میں موجود یہودیوں کی عبادت گاہ ہوا کرتی تھی۔ یہ بلڈنگ اپنی آب و تاب کے ساتھ آج بھی کسی انسان کو ورطہ حیرت میں ڈال دیتی ہے۔ مگر ہماری ویژن ملاحظہ فرمائیے کہ ملک کے ایک انتظامی سربراہ نے ناصرف اسے دفتر بنا کر اس کا بھرپور مذاق اڑایا۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ یہ پرشکوہ عمارت ایک عجائب گھر بنا دی جاتی جو ملکی اور غیر ملکی لوگوں کی توجہ کا باعث بنتی۔

ڈیجیٹل بینکنگ

آج کل ڈیجیٹل بینکنگ کا دور ہے لہذا میں بھی گھر بیٹھے یوٹیلٹی بل جمع کروا دیتا ہوں۔ پچھلے دنوں ایک ادائیگی کیلئے اپنے بینک کی ایپ کھولی، پاس ورڈ لگایا لیکن اسکرین پر لکھا آیا کہ ایپ نہیں کھل سکتی۔ پہلا خیال یہی آیا کہ کم پے گیا ہے۔ اس کے بعد دوبارہ کوشش کی اور حسن ظن سے کام لیتے ہوئے سوچا کہ سسٹم میں کوئی پرابلم ہوگی۔ صبح پھر ایپ کھولنے کی کوشش کی لیکن ندارد۔ کسی خیال کے تحت اے ٹی ایم کا رخ کیا، وہاں کارڈ داخل کیا تو اس نے بھی قبول کرنے سے نہ صرف انکار کیا بلکہ یہ مژدہ سنایا کہ آپ کا اکاؤنٹ بلاک کردیا گیا ہے۔ چونکہ متعلقہ بینک کی برانچ بھی اے ٹی ایم کے بغل میں تھی لہذا ان سے پوچھا کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے؟ آپریشنل منیجر صاحب نے کچھ دیر اپنے کمپیوٹر میں چیک کیا اور پھر تیکھی نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا آپ کے اکاؤنٹ میں کوئی مشکوک ادائیگی ہوئی ہے۔ یہ الفاظ اتنے خوفناک تھے کہ مجھے لگا جیسے میں پاپڑ والا ہوں۔ یقیناً کوئی بڑی رقم میرے اکاؤنٹ میں آ گئی تھی۔ خوش ہوکر پوچھا کہ کتنی رقم آئی ہے؟ انہوں نے سپاٹ لہجے میں کہا پچیس ہزار۔

یہ سنتے ہی میں نے سر کھجایا اور پوچھا کہ حضور کیا پچیس ہزار کی رقم بھی مشکوک ہوسکتی ہے؟ انہوں نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ پوچھا کہ ان پچیس ہزار میں مشکوک کیا چیز

تحریر: بشیر قریشی

ہے؟ جواب بڑا دلچسپ تھا۔ کہنے لگے سکھر سے کسی بندے نے شکایت کی تھی کہ اس نے غلطی سے کسی اور اکاؤنٹ میں پیسے بھیج دیے ہیں لہذا بینک نے پہلے سکھر کے بندے کا اکاؤنٹ بلاک کیا، پھر اس بندے کا اکاؤنٹ بلاک کیا جس میں پیسے بھیجے گئے تھے تاہم وہ بندہ بھی آگے اپنی کوئی ادائیگی کر چکا تھا لہذا اگلا اکاؤنٹ بھی بلاک کردیا گیا، یوں ایک سے دوسرے، دوسرے سے تیسرے اور کل ملا کر 11 اکاؤنٹ بلاک کردیے گئے۔ میں سب سے آخری تھا۔ حیرت سے پوچھا کہ کیا اگر میں نے بھی آگے کوئی ادائیگی کی ہوتی تو ان کا بھی اکاؤنٹ بلاک کردیا جاتا؟ جواب ملا بالکل کردیا جاتا۔ اب میں ذرا سیدھا ہوا۔ تو حضور میں نے تو اکاؤنٹ بلاک ہونے سے پہلے گاڑی کا چالان بھی اکاؤنٹ سے آن لائن بھرا تھا، ایک سپر اسٹور سے کارڈ کے ذریعے خریداری بھی کی تھی تو کیا یہ اکاؤنٹ بھی بلاک کردیے گئے ہیں؟ اس پر منیجر صاحب نے مسکراکر نفی میں سر ہلا دیا تاہم ایک خوشخبری سنائی کہ آپ کا اکاؤنٹ تو بلاک ہے، پیسے نہیں نکلوائے جاسکتے لیکن الحمدللہ آپ جتنے چاہے پیسے جمع ضرور کروا سکتے ہیں۔ بینک کی اس رحم دلی سے یقیناً میرا سینہ فخر سے چوڑا ہوگیا تاہم ایک بات کا مجھے شدید افسوس بھی ہوا۔ اگر مجھے پتا ہوتا کہ میرے اکاؤنٹ سے پیسے کسی بھی اکاؤنٹ میں بھیجنے پر وہ اکاؤنٹ بھی بلاک ہوجائے گا تو میں کم از کم سات آٹھ دشمنوں کو ہی پانچ پانچ سو بھیج دیتا۔ کچھ تو کلیجے میں ٹھنڈ پڑتی۔ لیکن اب وقت گزر چکا تھا اور خود میرا اکاؤنٹ بھی بلاک تھا۔ منیجر صاحب سے اس مصیبت سے نکلنے کا راستہ پوچھا تو فرمایا کہ پہلے آپ ایک درخواست لکھیں کہ آپ کا اس سارے معاملے سے کوئی تعلق نہیں، پھر ہیلپ لائن پر کال کریں

جابرانہ ہتھکنڈے

مقبوضہ کشمیر پہ بھارت کے جابرانہ قبضے کو 77 سال بیت گئے۔ ظلم وجبر کی ایسی کون سی مثالیں ہیں جو روا نہ رکھی گئی ہوں۔ چھوٹے سے خطے میں سات لاکھ سے زائد بھارتی فوج نے مقبوضہ کشمیر کو عملاً جیل میں تبدیل کر کے رکھ دیا ہے۔ نوجوانوں کا ماورائے عدالت قتل عام، خواتین کی عصمت دریاں، بیلٹ گنوں کا استعمال اور کالے قوانین کا جبر کشمیری عوام کے لیے سوہان روح بنا ہوا ہے۔ 27 اکتوبر کو کشمیر پہ جبری قبضے کے خلاف آج تک کشمیری عوام سراپا احتجاج ہیں۔ بھارت کے خبری قبضے کو کبھی بھی کشمیری عوام نے تسلیم نہیں کیا بلکہ اپنے حق خودارادیت کی جنگ جاری رکھی۔

دنیا کے امن کے لئے خطرہ بننے والی روئے زمین پہ دو ریاستیں بھارت اور اسرائیل دہشت گردی کو بطور ریاستی پالیسی جاری رکھے ہوئے ہیں۔

آبادی کا تناسب تبدیل کرکے اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کا اپنا ثانی نہیں رکھتیں۔ نئی بستیوں کا قیام اور جبری قبضے کو طوالت بخشنے والے یہ یہودی اور ہندو فاشسٹ نظریے کے پیروکاروں نے ظلم وجبر کی ایسی فضا قائم کی ہوئی ہے کہ دنیا اور اقوام متحدہ وسلامتی کونسل انہیں روکنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے۔

کشمیر اور فلسطین ایسے سلگتے ہوئے ایشوز ہیں جن کی چنگاریاں دنیا کے امن کو اڑا کر رکھ دیں گیں۔

تحریر: حفیظ اللہ خان نیازی

لاکھوں کشمیریوں کو شہید و زخمی کیا گیا اور ہزاروں کی تعداد میں کشمیری اس وقت بھی پابند سلاسل ہیں۔

پاکستان کے قیام کے وقت بابائے قوم نے کشمیر کو پاکستان کی شہہ رگ قرار دیا تھا اور کوئی پاکستانی کیسے اپنی شہہ رگ سے دستبردار ہوکر دشمن کے ہاتھوں میں گروی رکھ سکتا ہے؟

بابائے قوم نے اسرائیل کو بھی ایک ناجائز ریاست قرار دے کر اسے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

اسرائیل نے فلسطین پہ ظلم وجبر اور درندگی کے ایسے ریکارڈ قائم کیے ہیں کہ انسانیت بھی شرما گئی ہے اور یہی کچھ اس کا اسٹریٹجک پارٹنر بھارت مقبوضہ کشمیر میں کر رہا ہے۔ بھارت اور اسرائیل کے ہمنوا ممالک ان کے کالے کرتوتوں میں ان کی بھرپور حمایت کر رہے ہیں جس کی وجہ سے ان ایشوز کو آج تک حل نہیں کیا جاسکا۔

بھارت کا مقبوضہ کشمیر میں ظلم اور جبر دنیا کی نظروں سے پوشیدہ نہیں۔ اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل کی قراردادیں اس مسئلے پہ موجود ہیں جن میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کی بھرپور حمایت کی گئی ہے اور بھارتی قبضے کو ناجائز قرار دیا گیا ہے۔

پاکستان اور بھارت کے درمیان امن مسئلہ کشمیر کے حل سے وابستہ ہے اگر مسئلہ کشمیر پہ بھارتی ہٹ دھرمی اور ضد برقرار رہی تو یہ خطہ ہولناک جنگ کا شکار ہوسکتا ہے۔ دونوں ممالک ایٹمی قوت ہیں اس لیے اب روایتی جنگ سے معاملات آگے بڑھ سکتے ہیں۔

دنیا کشمیر اور فلسطین کے مسئلے کے حل کے لئے اپنا سنجیدہ کردار ادا کرے۔ خطے اور دنیا کے امن کو لاحق خطرات اسی صورت ختم ہو سکتے ہیں جب ان سلگتے ہوئے ایشوز کو حل کیا جائے۔

پاکستانی قوم اور حکومت اپنے کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی اور کشمیریوں کے حق خود ارادیت سے کبھی دستبردار نہیں ہوگی۔ اس سلسلے میں حکومت پاکستان عالمی برادری اور اقوام متحدہ میں کشمیر کے مسئلہ پہ اپنا مضبوط اور ٹھوس موقف رکھتی ہے۔ ظلم و جبر کی بنیاد پہ بھارت کشمیر پہ اپنے ناجائز تسلط کو برقرار نہیں رکھ سکتا۔ بالآخر اسے کشمیریوں کے حقوق اور ان کی حق خودارادیت کو تسلیم کرنا ہوگا۔

کشمیر پہ بھارتی قبضے کے 77 سال پورے ہونے پہ کشمیریوں اور پاکستانیوں نے اس دن کو یوم سیاہ کے طور پہ منایا اور بھارتی جبر ظلم اور اوچھے ہتھکنڈوں کی بھرپور مذمت کی۔ پاکستانی قوم اپنے کشمیری عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور کسی بھی موقع پہ انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی۔

آئی پی پیز سے مذاکرات

ملکی معیشت پر CEO کلب پاکستان نے اسلام آباد میں گزشتہ دنوں ایک اہم کانفرنس منعقد کی جسکے آرگنائزر CEO کلب کے بانی صدر اعجاز ناصر تھے۔ اس تقریب میں بحیثیت اسپیکر مجھے بھی مدعو کیا گیا تھا۔

کانفرنس کا موضوع معاشی ترقی کیلئے اعتماد کی فضا تھا۔ کانفرنس سے وفاقی وزرا احسن اقبال، مصدق ملک، عطا تارڑ، SIFC کے سیکریٹری ڈاکٹر جہانزیب خان، بینکنگ محتسب سراج الدین عزیز، فیڈریشن کے صدر عاطف اکرام، پرتگال، انڈونیشیا، آذربائیجان اور اردن کے سفیر، اخوت فاؤنڈیشن کے ڈاکٹر امجد ثاقب، اسٹیٹ لائف کے CEO شعیب جاوید حسین اور زاہد لطیف خان تھے۔ میں نے اپنی تقریر میں بتایا کہ قومی اسمبلی، فنانس، کامرس اور اقتصادی امور کی قائمہ کمیٹیوں کے رکن کی حیثیت سے مجھے وزیر خزانہ، وزیر تجارت، چیئرمین FBR، گورنر اسٹیٹ بینک، صدر نیشنل بینک، وفاقی سیکریٹریز، اہم اداروں کے سربراہان اور IMF کی ان کیمرہ بریفنگ سے پتہ چلا ہے کہ نہ سب کچھ ٹھیک ہے اور نہ سب غلط۔

ملکی معیشت نے کچھ سیکٹرز میں اچھی کارکردگی دکھائی ہے تو کچھ شعبوں میں ہمیں سنگین معاشی چیلنجز کا سامنا ہے۔ ہمارا سب سے بڑا چیلنج صارفین اور صنعت کو ناقابل برداشت قیمتوں پر بجلی کی سپلائی ہے جس سے

تحریر: مرزا اختیار بیگ

صنعتوں کی مقابلاتی سکت کم ہوگئی ہے، ایکسپورٹ آرڈرز میں کمی آئی ہے، بیشمار صنعتیں بند ہوگئی ہیں جبکہ باقی کم پیداواری گنجائش پر کام کر رہی ہیں جس سے ملک میں تیزی سے بیروزگاری اور غربت میں اضافہ ہو رہا ہے، معیشت سکڑ رہی ہے۔ حکومت کی کوشش ہے کہ صنعتی صارفین کا ٹیرف 15 سینٹ فی یونٹ سے کم کرکے 9 سینٹ فی یونٹ تک لایا جائے تاکہ صنعتیں مقابلاتی ہوسکیں۔ یاد رہے کہ ملک میں جاری اقتصادی بحران نے بجلی کی کھپت کو کم کردیا ہے۔ آئی پی پیز معاہدوں کی وجہ سے حکومت کو بجلی خریدے بغیر آئی پی پیز کو کیپسٹی چارجز کی مد میں اربوں روپے دینا پڑ رہے ہیں اور سرکولر ڈیٹ 6600 ارب روپے کی ناقابل برداشت حد تک پہنچ چکا ہے جس پر آئی ایم ایف کو شدید تشویش ہے اور ان معاہدوں پر نظرثانی پر زور دیا ہے۔ ان میں چین کیساتھ کیے گئے آئی پی پیز معاہدے بھی شامل ہیں جو ایک حساس مسئلہ ہے۔ آئی پی پیز معاہدوں میں ترامیم کی تجاویز میں گارنٹی منافع میں کمی، ڈالر کی شرح کی حد بندی اور کیپسٹی چارجز کی مد میں غیر استعمال شدہ بجلی کی ادائیگی نہ کرنے سمیت 24 اہم شرائط شامل ہیں جو پیشہ ورانہ انداز میں کیے جا رہے ہیں۔ آئی پی پیز معاہدوں میں تبدیلیاں باہمی رضامندی سے ہونگی۔ یہ وہی شرائط ہیں جنکا میں اپنے گزشتہ کالموں میں متعدد بار ذکر کر چکا ہوں جس میں Take & Pay ماڈل بھی شامل ہے جس میں مقابلاتی نیلامی کے ذریعے صرف خریدی جانیوالی بجلی کی ادائیگی کی جائیگی۔ معاملے کی سنگین صورتحال اور معیشت کے طالبعلم کی حیثیت سے مجھے اسکا ادراک کافی عرصے پہلے ہوگیا تھا جس کے بعد میں نے آئی پی پیز سے مذاکرات کا مطالبہ کیا تھا۔

میں نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس کے سابق سینئر نائب صدر کی حیثیت سے FPCCI کے کراچی اور اسلام آباد آفس میں گوہر اعجاز، ایس ایم تنویر اور فیڈریشن کے صدر کے ساتھ پریس کانفرنسیں کیں اور 40 چیمبرز کے صدور کے ساتھ صدر پاکستان آصف زرداری سے ملاقات کی۔ آئی پی پیز پر میں نے متعدد کالم تواتر کیساتھ لکھے اور خصوصاً قومی اسمبلی میں 5 ستمبر کو 93 آئی پی پیز کی 22000 میگاواٹ سے زائد معاہدوں کی فہرست پیش کی اور ان معاہدوں کو ملکی معیشت اور سلامتی کیلئے رسک قرار دیا اور وزیر توانائی اویس لغاری سے آئی پی پیز سے فوری مذاکرات کرنے کی درخواست کی۔

فرینڈز آف عافیہ کی امریکی صدر جو بائیڈن سے صدارتی معافی دینے کی اپیل

عافیہ کے کروڑوں سپورٹرز ان کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کا خاتمہ چاہتے ہیں: الطاف شکور

کراچی (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن کے مدت صدارت مکمل ہونے سے ایک روز قبل فرینڈز آف عافیہ کے رہنماؤں اور کارکنان نے کراچی پریس کلب کے باہر ایک پرامن مظاہرے میں ان سے بے گناہی کی بنیاد پر عافیہ کو صدارتی معافی دینے کی اپیل کی ہے۔ جبکہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے دنیا بھر میں موجود سپورٹرز آن لائن پٹیشن پر دستخط کر کے انہیں رہا کرنے کی اپیل کر رہے ہیں۔ change.org پر دستخط کرنے والوں کی تعداد 1.64 ملین سے تجاوز کر چکی ہے۔ مظاہرے میں فرینڈز آف عافیہ کے رہنماؤں و کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی جن میں سعد ہمایوں، اکرم آگریا، نرگس خان، الماس بی بی، حامد صدیقی، امداد بلوچ، اللہ دوست، فضل ربی، دلاور خان، محمد حسین، سعیدل، عبدالصمد و دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے الطاف شکور نے کہا کہ پاکستان سمیت دنیا کے کئی ممالک کے ساتھ امریکہ میں بھی ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کے لیے مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی صدر کے پاس رحم کے علاوہ صدارتی معافی کی درخواست بھی دائر کی جا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اس حکومت پاکستان کے کردار پر بات کرنا نہیں چاہتا ہے جس نے پاکستان کے عوام کو انتہائی مایوس کیا ہے۔ پاکستانی عوام سمیت دنیا بھر میں موجود ڈاکٹر عافیہ کے کروڑوں سپورٹرز گزشتہ 2 دہائیوں سے ان کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کا خاتمہ چاہتے ہیں

معیشت بچانے اور قرضوں کے جال سے نکلنے کے لئے کوششیں کرنا ہوں گی: الطاف شکور

ہر پاکستانی تین لاکھ سے زیادہ کا مقروض، حکمران مزید قرضے لینے پر تلے ہوئے ہیں

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے ملک کے بڑھتے ہوئے قرضوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو قرضوں کے جال سے نکلنے کے لیے کوششیں کرنا ہوں گی۔ ہر پاکستانی 320000 روپے کا مقروض ہے اور حکمران طبقہ قرضوں کو ختم کرنے کے بجائے مزید قرضے لینے پر تلا ہوا ہے۔ پارلیمنٹ ایک قانون پاس کرے کہ ملک اگلے دس سال تک کوئی نیا غیر ملکی قرضہ نہیں لے گا۔ زراعت واحد شعبہ ہے جو اس غلامی کی زنجیر کو توڑ سکتا ہے۔ پاکستان میں کافی زمین، وافر دھوپ اور میٹھے اور کھارے پانی کے بڑے ذخائر ہیں۔ نئے ڈیم، نہریں، شمسی توانائی، ڈی سیلینیشن اور نمکین پانی کی فصلیں خود کفیل بنانے کے لیے مددگار ثابت ہوں گی۔ چیف آف آرمی سٹاف اور وزیراعظم ایس آئی ایف سی کی طرز پر زراعت کو فروغ دینے کے لیے ایک اعلیٰ اختیاراتی ادارہ بنائیں۔ زراعت، آبپاشی، سولر پاور، ڈی سیلینیشن کو فروغ دے کر غربت اور محرومی کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔ ہمارا ملک اگلے مالی سال 2024-25 کے دوران سود کی ادائیگیوں سمیت قرض کی مد میں تقریباً 9.775 کھرب روپے خرچ کرے گا جو کہ 18.877 کھرب ٹریلین روپے کے کل بجٹ کا 51.8 روپے ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی قوم اپنے بجٹ کا 52 فیصد قرضوں اور سود پر ادا کرے تو اس کے لیے معاشی غلامی سے بہتر کوئی نام نہیں ہو سکتا۔

انسداد اسمگلنگ آپریشنز میں 30 کروڑ روپے مالیت سے زائد کی منشیات برآمد

مختلف کارروائیوں میں 318 کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا

راولپنڈی (اے ایف بی) اے این ایف نے انسداد اسمگلنگ آپریشنز میں 30 کروڑ روپے مالیت سے زائد کی منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس نے ملک کے مختلف شہروں میں اسمگلنگ کے خلاف بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 30 کروڑ 68 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 318.400 کلوگرام منشیات برآمد کر لی اور 3 مختلف کارروائیوں میں 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پہلی کارروائی لاہور میں کی گئی، جہاں ایک کوریئر آفس سے سعودی عرب بھیجے جانے والے پارسل کی تلاشی کے دوران 400 گرام آئس برآمد ہوئی۔

بلوچستان میں 85 فیصد غیر فعال اسکولوں میں تدریس کا آغاز

یہ اعداد و شمار صوبائی وزیر تعلیم کو پیش کی گئی ایک باضابطہ رپورٹ میں سامنے آئے ہیں

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان میں غیر فعال اسکولوں کی بحالی کے سلسلے میں ایک اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن (اسکولز) بلوچستان کے مطابق صوبے بھر میں اب تک 3,387 میں سے 2,864 اسکولوں کو فعال بنایا جا چکا ہے، جو کہ مجموعی تعداد کا تقریباً 85 فیصد بنتا ہے۔ باقی ماندہ 523 اسکول اب بھی غیر فعال ہیں، جنہیں جلد فعال کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ یہ اعداد و شمار صوبائی وزیر تعلیم کو پیش کی گئی ایک باضابطہ رپورٹ میں سامنے آئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اسکولوں کو فعال بنانے کا یہ عمل سیکریٹری سیکنڈری ایجوکیشن اور ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (اسکولز) کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں ممکن ہوا۔ اسکولوں کو فعال کرنے کے لیے ریشنلائزیشن، کنٹریکٹ اپائنٹمنٹس اور ایس بی کے کے تحت اساتذہ کی تعیناتی جیسے اقدامات کیے گئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق موجودہ وزیر تعلیم نے وزارت کا چارج سنبھالا، تو صوبے بھر میں 3,387 اسکول غیر فعال تھے۔

اسلام آباد: عوامی دباؤ پر میٹرو اور الیکٹرک بس کا کرایہ بڑھانے کا فیصلہ واپس

اطلاق تمام بس سروسز، بشمول اورنج لائن، گرین لائن میٹرو بس اور الیکٹرک فیڈر روٹس پر فوری طور پر ہو گا، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (اے ایف بی) اسلام آباد میں میٹرو اور الیکٹرک بسوں کے کرایوں میں اضافے پر عوامی ردعمل کے بعد سی ڈی اے نے پرانا کرایہ بحال کر دیا ہے۔ ترجمان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر کرایوں میں کیا گیا اضافہ فوری طور پر واپس لے لیا گیا ہے، اور اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق نوٹیفکیشن کا اطلاق تمام بس سروسز، بشمول اورنج لائن، گرین لائن میٹرو بس اور الیکٹرک فیڈر روٹس پر فوری طور پر ہو گا۔ خیال رہے کہ شہریوں نے کرایوں میں اضافے پر شدید احتجاج کیا تھا جس کے بعد حکومت کو فیصلہ واپس لینا پڑا۔ میٹرو بس کا کرایہ بڑھنے سے روزانہ سفر کرنے والے نوے ہزار سے زائد افراد متاثر ہو رہے تھے۔

کوہلو، پوست کی فصل کاشت کرنیوالے افغان باشندوں کو میڈیا کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے

مستند بنگلہ نژاد پاکستانیوں کو Nara رجسٹریشن کا پابند نہیں کیا جا سکتا، ڈاکٹر صالح ظہور

جعلی حکومت اب مزید ناقابل برداشت ہے، اقتدار نگرانوں کے حوالے کر کے نئے انتخابات کا انعقاد ناگزیر ہے، احتجاجی جلسے سے خطاب

کراچی (این این آئی) بنگلہ نژاد پاکستانی ملک کے محب وطن شہری ہیں۔ 1971 سے قبل یہاں مقیم جن بنگلہ نژاد شہریوں کے پاس تمام قانونی دستاویزات موجود ہیں انہیں اسپیشل برانچ انٹیلی جینس پولیس کی جانب ہراساں کیا جانا صریح زیادتی ہے۔ حکومت غیر ملکی تارکین وطن کی آڑ میں پاکستانی شہریوں کو تنگ کرنے کا نوٹس لے۔ ان کی رجسٹریشن و میپنگ قابل مذمت ناانصافی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ شیر بنگال کے قائد ڈاکٹر صالح ظہور نے گزشتہ روز اخلاص چوک، مچھر کالونی، کیماڑی میں احتجاجی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مرکزی رہنماؤں ناصر احمد منا بھائی، مامون الرشید ایڈووکیٹ، محمد الیاس، عارف ایڈووکیٹ، مظفر احمد، ابو سعید و دیگر نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر صالح ظہور نے کہا کہ مسلم لیگ شیر بنگال واضح موقف رکھتی ہے کہ غیر ملکی تارکین وطن جو پاکستان میں غیر قانونی طور پر آ کر آباد ہو رہے ہیں وہ کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں لیکن ان کی آڑ میں پاکستانی بنگلہ نژادوں کو ہراساں کرنے کا سلسلہ کسی طور پر برداشت نہیں کیا جائے گا۔ جن کے پاس پاکستانی شہری ہونے کے تمام تر ثبوت موجود ہیں اور وہ ایک طویل عرصے سے نہ صرف یہاں مقیم ہیں بلکہ ملکی معیشت میں اپنا بھرپور کردار بھی ادا کر رہے ہیں۔ انہیں NARA رجسٹریشن پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کوئی پہلا موقع نہیں ہے، ہر چند سال کے بعد اس طرح کی بے ہنگم مہم چلا کر ہمیں

مدارس کے حوالے سے منفی پراپیگنڈا بند کیا جائے' مفتی اعظم پاکستان سیمینار

حکومت کو قانون سازی کیلئے تمام سٹیک ہولڈر کی مشاورت کیساتھ آگے بڑھنا چاہیے' ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

لاہور (این این آئی) دارالعلوم جامعہ نعیمیہ کے ناظم اعلیٰ علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ مدارس کے حوالے سے منفی پراپیگنڈہ بند کیا جائے۔ حکومت کو قانون سازی کیلئے تمام سٹیک ہولڈر کی مشاورت کیساتھ آگے بڑھنا چاہیے۔ سودی نظام کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں۔ خوارج کے خاتمے کیلئے سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ سکیورٹی فورسز کی کامیابیوں کو قوم تحسین کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ پارا چنار میں امن و امان کی بحالی کے فی الفور اقدامات کئے جائیں۔ علماء کرام معاشرے کو انتشاری ماحول سے بچائیں، معاشرے میں عدم برداشت کے رویہ کے خاتمے کیلئے علماء کرام، محراب و منبر سے اسلام کی صحیح تعلیمات کو عام کریں، اسلام انسانیت کا درس دیتا ہے اور انسانی حرمت کے تقاضے بھی بڑے واضح ہیں۔ تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں ملکی مفاد کو سرفہرست رکھیں۔ سکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکار اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر ملک کی سلامتی کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں مفتی محمد حسین نعیمیؒ اور ڈاکٹر سرفراز نعیمی شہیدؒ کی دینی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں۔ ہم اکابر کے مقدس مشن کے فروغ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مفتی محمد حسین نعیمیؒ اور ڈاکٹر سرفراز نعیمی شہیدؒ کی یاد میں منعقدہ ''سالانہ مفتی اعظم پاکستان سیمینار'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار سے کی صدارت شیخ الحدیث مفتی عبدالعلیم سیالوی نے کی جبکہ تقریب سے شیخ الحدیث مفتی حافظ عبدالستار سعیدی، سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، ڈاکٹر حسیب قادری، پروفیسر میر آصف اکبر، قاضی عبدالغفار، مفتی نعیم جاوید نوری، مولانا محمد علی نقشبندی و دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ سیمینار میں مفتی انوار القادری، پیر محمد ارشد گردیزی، مفتی انتخاب احمد نوری، علامہ قاسم علوی، پروفیسر اکرم جاوید، علامہ امتیاز صدیقی، مفتی ندیم قمر، مفتی عمران حنفی، پیر رضائے مصطفیٰ نقشبندی، مفتی قیصر شہزاد نعیمی، علامہ شہزاد مجددی، ڈاکٹر عمران نظامی، حاجی امداد اللہ نعیمی، علامہ مشتاق نوری، پیر اشرف رسول، رانا احسن شرافت، مولانا نیاز احمد نعیمی سمیت نامور علماء کرام، مشائخ عظام، جامعہ نعیمیہ کے اساتذہ، طلبہ سمیت عامۃ الناس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے علماء کرام نے مزید کہا کہ سود کی حرمت قرآن اور احادیث مبارکہ سے واضح ہے۔

صوفیائے کرام کی درگاہیں فیوض و برکات کا مرکز ہیں، شاہ عبدالحق

خواجہ معین الدین چشتی نے مہذب معاشرہ کی تشکیل میں کردار ادا کیا، غریب نواز کو گئے صدیاں گزر گئیں آج بھی روحانی فیض جاری ہے

کراچی (این این آئی) جماعت اہلسنت پاکستان کراچی کے امیر علامہ شاہ عبدالحق قادری نے کہا کہ صوفیاء کرام کی درگاہیں، بارگاہیں فیوض و برکات کا مرکز اور محور اور نور محمدی ﷺ کا مظہر ہیں۔ اہل علم و فراست سے استفادہ کرنا اور انکی تعلیمات و ہدایت پر عمل کرنا حسنات و برکات کا ذریعہ ہے۔ اولیائے کاملین سے مضبوط تعلق اللہ کے قرب کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے جماعت اہلسنت و بزم رضا کے زیر اہتمام جامع میمن مسجد سے متصل آدم جی داؤد روڈ کھارادر میں حضرت سیدنا خواجہ معین الدین چشتیؒ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں منعقد ''غریب نواز سلطان الہند کانفرنس'' سے اپنے خطاب میں کہا کہ خواجہ صاحب نے ذات پات کے ظالمانہ نظام اور نسلی تفاخر میں گرفتار لوگوں کو نہایت شفقت و لطافت کے ساتھ رحمت و ہدایت کی راہ دکھائی۔ آپ نے توحید و رسالت کا پرچار کر کے برصغیر پاک و ہند میں تبلیغ دین، حسن اخلاق کے ذریعے گمراہی میں مبتلا انسانیت کو راہ مستقیم پر گامزن کیا۔

سندھ حکومت کھیلوں کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، وزیر توانائی

سندھ کے نوجوانوں میں کھیلوں کے حوالے سے بہت ٹیلنٹ موجود ہے اور باصلاحیت نوجوانوں کو ٹریننگ دے رہے ہیں، ناصر شاہ

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر توانائی، ترقی و پلاننگ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کھیلوں کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔ یہ بات اتوار کو انھوں نے سندھ بیچ گیمز کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سندھ حکومت کے محکمہ کھیل کی جانب سے سندھ بیچ گیمز کی اختتامی تقریب ساحل سمندر نشان پاکستان پر منعقد کی گئی جس میں وزیر توانائی سندھ سید ناصر حسین شاہ نے سندھ بیچ گیمز میں شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سید ناصر حسین شاہ اور سیکریٹری کھیل عبدالعلیم لاشاری نے بیچ گیمز میں 14 میڈلز کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی جنرل ٹرافی کراچی کے حوالے کی جبکہ حیدرآباد نے 4 میڈلز کے ساتھ دوسری اور سکھر نے تیسری پوزیشن حاصل کر کے ٹرافی جیتی۔ وزیر توانائی سید ناصر حسین شاہ نے بیچ گیمز کی اختتامی تقریب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ حکومت نے کھیلوں کو بہت سپورٹ کیا ہے،

ورلڈ بینک سے 137 ملین کا پروجیکٹ لائیو اسٹاک شعبے کو مزید مستحکم کرے گا، ناصر شاہ

سندھ لائیو اسٹاک ایکسپو کی اختتامی تقریب سے سید ناصر حسین شاہ، سید سردار علی شاہ اور محمد علی ملکانی کا خطاب

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر توانائی، ترقی و پلاننگ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت اس پورے ریجن میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ میں بہت ہی اچھی کارکردگی کے ساتھ چھٹے نمبر پر ہے، چیئرمین بلاول بھٹو اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ صاحب کے ویژن ہی کے تحت حال ہی میں ورلڈ بینک سے 137 ملین کا پروجیکٹ لائیو اسٹاک شعبے کو مزید مستحکم کرنے کے لیے لایا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سندھ لائیو اسٹاک ایکسپو کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ لائیو اسٹاک کو اتنا بڑا ایکسپو منعقد کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ لائیو اسٹاک ایکسپو کا دورہ کر کے احساس ہوا کہ اتنی بڑی تعداد میں لوگ آئے اور تین دنوں میں دس لاکھ سے زائد لوگوں نے مویشی نمائش دیکھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس ایکسپو کے دوران کسانوں، بریڈرس اور سرمایہ داروں کا ایک دوسرے کے ساتھ ملنا اور ایک ساتھ مل کر اس شعبے میں کام کرنے کا موقع ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری فارمز اور زمین موجود ہے جہاں پرائیویٹ فارمرز کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت دیئے جا سکتے ہیں تاکہ مقامی بریڈنگ کی نسل کی افزائش کو فروغ دیا جا سکے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پرانی خواہش تھی کہ سندھ میں ایک گرانڈ لائیو اسٹاک ایکسپو ہو، میرے پاس جب کلچر ڈپارٹمنٹ تھا تو میری خواہش تھی کہ کلچر، لائیو اسٹاک اور ایگریکلچر کا مشترکہ ایکسپو ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ 1947 میں پاکستان بنا تو ملک کا انحصار 65 فیصد فصلوں پر تھا اور 35 فیصد لائیو اسٹاک پر منحصر تھا اور آج کہانی الٹ ہو گئی ہے لائیو اسٹاک 65 اور زراعت 35 فیصد پر آ گئی ہے۔ وزیر تعلیم سندھ نے کہا کہ میں نے تینوں دن اس ایکسپو میں ایک فارمر کسان کی حیثیت سے شرکت کی لیکن بدقسمتی سے لائیو اسٹاک حکومتی ترجیحات میں نہیں رہا، ایک ملین سے زیادہ لوگ اس ایکسپو میں آئے ہیں جانور اور پرندے دیکھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 20 سال پہلے روف ٹاپ فارمنگ نہیں تھیں اب لوگ اس طرف آ رہے اور گھروں کی چھتوں پر ایک بھیڑ بکری پال رہے ہیں

دکی پولیس اور لیویز کی کارروائی، فائرنگ کے تبادلے کے بعد 3 ڈاکو گرفتار

دکی (این این آئی) ایس ایچ او دکی ہمایوں خان ناصر کی سربراہی میں پولیس نے کارروائی کر کے لورالائی نیشنل ہائی وے ڈیرہ روڈ کلی چمازہ کے مقام پر ڈاکوؤں اور لیویز کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے بعد دکی فرار ہونے والے تین ڈاکو گرفتار کر لئے۔

امریکا نے وینزویلا کے صدر کے طیارے کو تحویل میں لے لیا

میامی (اے ایف بی) امریکا نے وینزویلا کے صدر کے ڈومینیکن ریپبلک میں موجود طیارے کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ امریکی حکام کے مطابق ڈوسالٹ فالکن 900 ای ایکس نجی طیارہ فلوریڈا پہنچا دیا ہے جسے مادورو اوران کی حکومت کے ارکان استعمال کرتے تھے، امریکی محکمہ انصاف کا کہنا تھا کہ یہ طیارہ غیر قانونی طور پر خریدا گیا تھا۔

فیصل آباد، مالکان کے مبینہ تشدد سے گھریلو ملازمہ جاں بحق، ملزم اہلیہ سمیت گرفتار

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں مالکان کے مبینہ تشدد سے تیرہ سالہ گھریلو ملازمہ جاں بحق ہو گئی، ملزم کو اہلیہ سمیت گرفتار کر لیا گیا، پولیس نے چھاپہ مار کر دوسری بچی کو ملزم کے گھر سے برآمد کر لیا، 8 سالہ شمائلہ کے جسم پر بھی تشدد کے نشانات ہیں۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد میں مالک کے ہاتھوں معصوم بچی کے قتل کا ایک اور واقعہ سامنے آ گیا۔ فیصل آباد میں ملزم ذیشان کے مبینہ تشدد سے 13 سالہ عالیہ جاں بحق ہو گئی۔ ڈجکوٹ کی رہائشی مقتولہ عالیہ اور اس کی آٹھ سالہ بہن شمائلہ گزشتہ آٹھ ماہ سے فیصل آباد میں ملزم ذیشان کے گھر ملازم تھیں۔ بچی کے والد کے مطابق ملزم نے اسے فون کر کے بچی کے بیمار ہونے کی اطلاع دی۔ ملزم بچی کی لاش اور اسے ڈجکوٹ چھوڑ کر فرار ہو گیا۔ والد کی اطلاع پر پولیس نے شمائلہ کو ملزم کے گھر سے برآمد کر لیا۔

آفتاب عالم ایڈووکیٹ کا کرم واقعہ پر اظہار افسوس

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر برائے قانون آفتاب عالم ایڈووکیٹ نے کرم واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے اس میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ امن کے دشمنوں نے معصوم شہریوں کے قافلے پر حملہ کیا جو افسوسناک اور انتہائی بزدلانہ فعل ہے، شہریوں پر حملے کے ذمہ داران کو جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ آفتاب عالم ایڈووکیٹ نے کہا کہ حکومت خیبر پختونخوا زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے۔

مقامی پیداوار میں کمی، پاکستان امریکی روئی کا سب سے بڑا خریدار ملک بن گیا

پاکستان اب تک امریکا، تنزانیہ، برازیل اور افغانستان سے 15 لاکھ سے زائد روئی کی گانٹھوں کے درآمدی معاہدے کر چکا ہے

کراچی (این این آئی) موسمیاتی تبدیلیوں سے کپاس کی قومی پیداوار میں غیر معمولی کمی کے باعث ٹیکسٹائل ملوں نے وسیع پیمانے پر روئی کے درآمدی معاہدے شروع کر دیے۔ چیئرمین کاٹن جنرز فورم احسان الحق نے بتایا کہ گزشتہ سال کپاس کے نرخوں میں ریکارڈ کمی ہونے سے رواں سال کپاس کی کاشت میں کمی اور اب شدید بارشوں کے باعث کپاس کی فصل کو پہنچنے والے غیر معمولی نقصان کے باعث پاکستان میں کپاس کی پیداوار میں کمی کے ساتھ اس کا معیار بھی متاثر ہوا ہے، جس کے سبب پاکستانی ٹیکسٹائل ملوں نے بڑے پیمانے پر روئی درآمدی معاہدے کرنا شروع کر دیے ہیں۔ انہوں نے امریکی کاٹن ایکسپورٹ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ عالمی سطح پر پاکستان گزشتہ تین ہفتوں سے امریکی روئی کا سب سے بڑا خریدار ملک بن گیا ہے۔ پاکستان اب تک امریکا، تنزانیہ، برازیل اور افغانستان سے 15 لاکھ سے زائد روئی کی گانٹھوں کے درآمدی معاہدے کر چکا ہے جو تا حال جاری ہیں۔ پنجاب کے کاٹن بیلٹ میں کپاس کی پیداوار بارے پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کے اعداد و شمار میں غیر معمولی فرق پر اسٹیک ہولڈرز حیرت کا شکار ہو رہے ہیں۔ پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن کے تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق 31 اگست تک ملک بھر کی جننگ فیکٹریوں میں 60 فیصد کی کمی سے مجموعی طور پر 12 لاکھ 26 ہزار گانٹھوں کے مساوی پھٹی جننگ فیکٹریوں میں پہنچی ہے۔

اے سی چمن محمد افضل شہر میں نانبائی کی دکانوں میں پیڑوں کی وزن اور قیمت چیک کر رہے ہیں

سندھ حکومت بارش متاثرین کی مدد کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، جماعت اسلامی سندھ

حالیہ طوفانی بارشوں نے انکی نااہلی، کرپشن اور لوٹ کھسوٹ کا کچا چٹھا کھول کے رکھ دیا ہے

کراچی / گولارچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے امیر سابق رکن قومی اسمبلی محمد حسین محنتی نے کہا ہے کہ سندھ حکومت بارش متاثرین کی مدد کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، حالیہ طوفانی بارشوں نے انکی نااہلی، کرپشن اور لوٹ کھسوٹ کا کچا چٹھا کھول کے رکھ دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ اپنی نااہلی کا اعتراف کرتے ہوئے فوری طور پر مستعفی ہو جائیں، وہ بدین گولارچی کے سیلاب زدہ علاقوں کا تفصیلی دورے اور الخدمت کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے بعد گولارچی پریس کلب میں صحافیوں سے بات چیت کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بدین گولارچی میں زرعی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے، یونین کونسل احمد راجو، محمد شاہ گرہڑی، کھوروواہ، فتح آباد، گولارچی، ڈبی، کڑیو گھنور، سمیت مختلف علاقوں میں تا حال بارش کا پانی جمع ہے۔ سم نالوں کی صفائی میں بڑے پیمانے پر کی جانے والی کرپشن تباہی کی اہم وجہ ہے، سیم نالوں کی صفائی نہ ہونے کے باعث اوور فلو اور بارش کے پانی کی نکاسی نہ ہو پانے کی وجہ سے بڑی تباہی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی نمائندے محض دکھاوے اور فوٹو سیشن کے لیئے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے کے متاثرین کے زخموں پر نمک پاشی کر رہے ہیں، جبکہ بارش کو ایک ہفتہ سے زائد عرصہ گذرنے کے باوجود نکاسی کے لیئے کوئی خاطر خواہ انتظامات نہیں کیئے جا رہے۔ جبکہ گذشتہ سیلاب کے دوران متاثرین کے لیئے گھروں کی تعمیر کا بھی نام و نشان نظر نہیں آیا۔ حالانکہ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر ملنے والی امداد بھی ہڑپ کی جا چکی ہے۔

جو لوگ کام نہیں کر رہے ہیں وہ تعصب کی عینک کو اتار کر کراچی شہر کو دیکھیں، میئر کراچی

12.4 ارب روپے کی لاگت سے حب کنال کراچی لا رہے ہیں، جس سے 4 کروڑ گیلن اضافی پانی کراچی کے عوام کو ملے گا، مرتضیٰ وہاب

کراچی (این این آئی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ جو لوگ کام نہیں کر رہے ہیں وہ تعصب کی عینک کو اتار کر کراچی شہر کو دیکھیں، پیپلز پارٹی کا ہر کارکن کراچی کی بہتری، تعمیر و ترقی کیلئے مصروف عمل ہے، 12.4 ارب روپے کی لاگت سے حب کنال کراچی لا رہے ہیں، جس سے 4 کروڑ گیلن اضافی پانی کراچی کے عوام کو ملے گا، 1.7 ارب روپے کی لاگت سے کے تھری کی لائن لیاری ندی میں ایلیویٹڈ ڈالی جا رہی ہے تاکہ پانی چوری کرنے والوں کو پکڑا جا سکے، جی الانہ روڈ گزشتہ 15 سال سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھا جسے آج تعمیر کر کے شہریوں کے لیے کھول دیا گیا ہے اور کراچی کے سابق میئر غلام علی الانہ کے نام سے اس سڑک کو منسوب کیا گیا ہے، ان خیالات کا اظہار میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے اتوار کے روز سڑک کا افتتاح کرتے ہوئے کہی، ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد، وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی عثمان غنی ہنگورو، سٹی کونسل میں پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی، چیئرمین یوسی 10 لیاری محمد حنیف چھتانی ایڈووکیٹ، طاہر نذیر جیانی، عمران جوکھوئی، عبدالسمیع چھتانی، غلام علی الانہ کے خاندان کے افراد اور دیگر مقامی رہنماء بھی اس موقع پر میئر کراچی کے ہمراہ تھے، میئر کراچی نے کہا کہ فراہمی آب، سیوریج کے پمپنگ اسٹیشنز، پارک اور سڑکوں کی تعمیر کا کام کراچی میں ہو رہا ہے تو سب کو نظر آ رہا ہے، یہ سڑک جس کا آج افتتاح کیا گیا ہے



پشین، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی حاجی اصغر علی خان ترین عوامی مسائل سن رہے ہیں

نصیر آباد، تحصیلدار معظم علی جتوئی کی سربراہی میں غیر قانونی تعمیرات کیخلاف کارروائی کی جا رہی ہے

EXTENSION OF BID OPENING DATE.

The Executive Engineer, Buildings, CWPP&H Department, District Kech, has extended the bid opening date under Rule 31 of the BPPRA Rules, 2014, in the interest of ensuring healthy competition, transparency, and wider participation in the procurement process. 2. The subject procurement was advertised in leading newspapers and also hoisted on the BPPRA website under PRQ No. 1380/15-09-2026, TSE NO 2627091194393 with the bid opening date initially scheduled for 6th October, 2026.

3. It is hereby notified that the new date for opening of bids shall **be 22nd October, 2026. All other terms and conditions of the bidding documents shall remain unchanged.**

PRQ No.1747/06-10-2026

EXECUTIVE ENGINEER-BUILDINGS CWPP&H DEPARTMENT DISTRICT KECH

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

غزہ میں جنگ بندی پر عمل درآمد خوش آئند ہے مستقل امن کی طرف پیش خیمہ سمجھتے ہیں، سربراہ پاکستان سنی تحریک

اقوام متحدہ عملی طور پر فلسطین میں پائیدار امن قائم کرنے اور فلسطین کے عوام کی زندگی کی بحالی و تعمیر کیلئے کردار ادا کرے، شاداب رضا نقشبندی

کراچی (این این آئی) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی پر عمل درآمد خوش آئند ہے مستقل امن کی طرف پیش خیمہ سمجھتے ہیں، اسرائیلی وزیر اعظم بینجمن نیتن یاہو دھمکیوں سے باز رہیں معاہدے کی من و عن پاسداری کو یقینی بنایا جائے، معاہدے کے بعد بھی اسرائیلی طیاروں کی بمباری کھلی بربریت اور دہشتگردی ہے، فلسطین و کشمیر کے عوام کو حق خود ارادیت دلانے کیلئے اقوام متحدہ بلاتفریق کردار ادا کرے، فلسطین کے مسئلے کو اولین بنیادوں پر سلامتی کونسل کی قرار دادوں کی روشنی میں حل کیا جائے، طاقت کا استعمال کرنیوالے ظالم اسرائیل کے ہاتھ فلسطین کے 50 ہزار سے زائد مظلوموں کے خون سے رنگے ہیں فلسطین کے غیور نہتے مظلوم عوام نے اسرائیل کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا ظالم ہمیشہ مرعوب ہوتے رہینگے، فلسطین میں شہادت پانے والے معصوم بچوں و خواتین کی اکثریت زیادہ ہے

جمعیت علماء اسلام (آج) چمن میں ایک عظیم الشان عوامی جلسے کے ذریعے تحریک کا آغاز کریگی، دلاور خان کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ نے جاری کردہ بیان میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے صوبے کے حقوق کے تحفظ کے لیے پہلے سے زیادہ سخت موقف اپنایا ہے صوبائی ترجمان نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام آج پیر کو چمن میں ایک عظیم الشان عوامی جلسے کے ذریعے تحریک کا آغاز کرے گی۔ یہ تحریک عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے صوبے کے تمام اضلاع میں روابط کو بڑھائے گی چمن کے عوام ایک سال سے زائد عرصے سے دھرنا دیے ہوئے ہیں

دینی مدارس اسلام کے قلعے اور ترویج دین کے بنیادی انسٹیٹیوشن ہیں' ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

انتہا پسندی کے خاتمے کیلئے محراب و منبر مستعد اور علماء سرگرم عمل ہیں' سیکرٹری اوقاف کا خطاب

لاہور (این این آئی) سیکرٹری، چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے دارالعلوم جامعہ نعیمیہ کے 72 ویں سالانہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس اسلام کے قلعے اور ترویج دین کے بنیادی انسٹیٹیوشن ہیں۔ انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے محراب و منبر مستعد اور علماء سرگرم عمل ہیں۔ موجودہ حکومت اسلامی اقدار کی سربلندی پر پختہ یقین رکھتی ہے۔ دین اسلام امن کا پیغامبر اور باہمی رواداری کا امین ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلاحی معاشرے کی تشکیل کے لیے صوفیاء کے طرز زیست پر عمل پیرا ہونا لازم ہے۔ محققین، مفسرین اور محدثین کی خدمات اسلامی تاریخ کا روشن باب ہیں، ان کی بے پناہ قربانیوں سے، دین اسلام صحیح سپرٹ کے ساتھ ہم تک پہنچا۔ مدرسہ ایجوکیشن کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے سوسائٹی اور سٹیٹ اپنی ذمہ داریاں نبھا رہی ہے۔ دینی مدارس میں تحقیقی روایات کو مستحکم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ درسیات کے طلبہ روایتی علوم کے ساتھ، جدید فنون اور ماڈرن لینگویجز سیکھنے کی طرف بھی توجہ دیں

یونائیٹڈ ورکرز یونین کی بیداری مہم ملازمین کو بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، جوزف صنم

کراچی (این این آئی) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کی یونائیٹڈ ورکرز یونین واحد یونین ہے جو کہ بلاتفریق رنگ و نسل خدمات انجام دے رہی ہے۔ جس کی جڑیں ملازمین میں ہیں جو دن بدن مزید گھنی ہوتی جا رہی ہیں۔ ادارے کے ملازمین کے تمام مسائل کو حکام بالا تک پہنچانے میں یونین نے اہم کردار ادا کیا۔

صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمان کھیتران کو بارکھان کا وفد پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہا ہے

جیکب آباد، ای پی آئی اور نیشنل پروگرام پر 7 ماہ میں 1 7 لاکھ سے زائد خرچ کرنے کے باوجود نتائج صفر

چار ماہ میں پانچ پولیو کیس رپورٹ ہونے کے بعد محکمہ صحت اور ضلع انتظامیہ کی کارکردگی پر سوال اٹھنے لگے

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں ای پی آئی اور نیشنل پروگرام پر 7 ماہ میں 1 7 لاکھ سے زائد خرچ کرنے کے باوجود نتائج زیرو، چار ماہ میں پانچ پولیو کیس رپورٹ ہونے کے بعد محکمہ صحت اور ضلع انتظامیہ کی کارکردگی پر سوال اٹھنے لگے تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں ای پی آئی اور نیشنل پروگرام میں رواں مالی سال کے 7 ماہ میں 1 7 لاکھ سے زائد بجٹ سے خرچ کرنے کے باوجود نتائج زیرو ہیں چار ماہ میں پولیو کے جیکب آباد میں پانچ کیس رپورٹ ہونے کے بعد محکمہ صحت اور انتظامیہ کی کارکردگی پر سوال اٹھائے جا رہے ہیں، قومی انسداد پولیو مہم میں ضلعی حکام کے دعوے بھی پانچ کیس کے بعد مشکوک ہو گئے ہیں، ملنے والے اعداد و شمار کے مطابق ای پی آئی پروگرام کی بجٹ سے صرف جنوری میں 17 لاکھ 65 ہزار اور نیشنل پروگرام لیڈی ہیلتھ ورکر کی بجٹ سے 9 لاکھ 38 ہزار کا نکالے گئے ای پی آئی کی بجٹ سے جنوری میں فیول کی مد میں 8 لاکھ 90 ہزار، تشہیر کے نام پر 2 لاکھ 92 ہزار، ٹریولنگ الاؤنس ایک لاکھ 87 ہزار، متفرقہ خرچ ایک لاکھ 49 ہزار، ٹرانسپورٹ ایک لاکھ 49 ہزار مشینری 68 ہزار جبکہ لیڈی ہیلتھ ورکر کی بجٹ سے جنوری میں فیول کی مد میں 7 لاکھ 50 ہزار اور ٹرانسپورٹ کے نام پر ایک لاکھ 39 ہزار کا صفایا کیا گیا

پنجاب کے مختلف شہروں میں شدید دھند، راستے گم ہو گئے، نظام زندگی معطل

لاہور (این این آئی) پنجاب کے مختلف شہروں میں شدید دھند سے راستے گم ہو گئے، دھند کی وجہ سے نظام بری طرح متاثر رہا، حد نگاہ کم ہونے پر موٹر ویز متعدد مقامات سے بند رکھی گئی۔ ترجمان موٹر وے پولیس کے مطابق موٹر وے ایم 2 لاہور سے کوٹ مومن، ایم 3 لاہور سے ملتان، ایم 4 پر پنڈی بھٹیاں سے ملتان، موٹر وے ایم 5 پر ملتان سے اوچ شریف تک بند رکھی گئی۔ لاہور سیالکوٹ موٹر وے ایم 11 بھی دھند کے باعث بند رہی، قومی شاہراہوں پر حد نگاہ کم ہونے پر ٹریفک کی روانی متاثر رہی۔

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-2627101203204 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agency or authority for preparation of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as CONSULTANCY SERVICES FOR DESIGN REVIEW AND CONSTRUCTION SUPERVISION FOR CONSTRUCTION OF BRIDGE 500 RM AT HUB RIVER NEAR ABBAS GOTH DISTRICT HUB (PSDP NO 1487/Z2026.3911) HUB DISTRICT **Bid Security 2%** **Detail as under:**

S.No	Description	E/Cost
1.	CONSULTANCY SERVICES FOR DESIGN REVIEW AND CONSTRUCTION SUPERVISION FOR CONSTRUCTION OF BRIDGE 500 RM AT HUB RIVER NEAR ABBAS GOTH DISTRICT HUB (PSDP NO 1487/Z2026.3911) HUB DISTRICT	7,106,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 5,100,000 PKR Amount in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration Relevant PEC code 1201, 1203, 1206, 1215, 1222, 1226, 1231, 1232, 1235, SERVICES CODES 0501, 0506, 0507, 0511, 0516, 0518 CDR 2 percent Green Challan of RS 2000 in C02716 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The **FINANCIAL PROPOSALS** shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **19 October, 2026** till **11:00 AM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address: Phone no:** 0853363462 **Fax no:** 0853363122

Email: xenroadhub@gmail.com

Executive Engineer (Roads) Communication Works, PP&H Department District Hub

DPRQ/PRQ No.1729/6-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

کراچی میں پانی کے بحران کا خدشہ، کے فور منصوبے کے التوا کے بھی خدشات

کوٹری بیراج سے نکلنے والی نہر کے بی فیڈر کی لائننگ کا کام مقررہ وقت پر ختم نہیں ہو سکا

کراچی (این این آئی) کوٹری بیراج سے نکلنے والی نہر کے بی فیڈر کی لائننگ کا کام مقررہ وقت پر ختم نہیں ہو سکا، جس کی وجہ سے کراچی میں پانی کے بحران کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے اور ماہرین نے کے فور منصوبے کے التوا کے بھی خدشات ظاہر کر دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے فور منصوبے کو پانی کی فراہمی کے لیے کوٹری بیراج سے نکلنے والے کلری بگھاڑ فیڈر میں پانی کی استعداد بڑھانے کے لیے وفاق اور حکومت سندھ کی جانب سے مجموعی طور پر 40 ارب روپے کا منصوبہ شروع کیا گیا۔ یہ منصوبہ 36 کلومیٹر اور 190 آر ڈیز پر مشتمل اپر کے بی فیڈر پی سی ون کے مطابق 2027 تک مکمل ہو گا تاہم محکمہ آبپاشی کی جانب سے 20 دسمبر سے 13 جنوری تک 23 دن کے لیے فیڈر پانی کے لیے بند کروا دیا گیا تھا، جس کا کام تا حال مکمل نہ ہو سکا۔ رپورٹ کے مطابق ان 23 دنوں میں 45 آر ڈیز یعنی 8 کلومیٹرز تک کام مکمل کرنا تھا جو اس وقت تک صرف 25 آر ڈیز 5 کلومیٹر کا کام بھی آدھا ادھورا کیا گیا ہے اور کے فور منصوبے کے لیے فنڈنگ کے وقت ورلڈ بینک نے شرط رکھی تھی کہ کے فیڈر کی کیپیسٹی بڑھائی جائے گی۔ بی فیڈر ڈسچارج کیپیسٹی میں اس وقت تک 7 ہزار 600 کیوسک پانی کی گنجائش

اوستہ محمد چوروں کی دیدہ دلیری 15 فورس کے ناک کے نیچے چوروں نے پرچون کی دکان کا صفایا کر دیا

اوستہ محمد میں پولیس فورس میں سفارشی نہ تجربہ کار اہلکاروں کو پوسٹنگ دیکھ کر پولیس مورل کو تباہ کیا جا رہا ہے

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) اوستہ محمد چوروں کی دیدہ دلیری 15 فورس کے ناک کے نیچے چوروں نے پرچون کی دکان کا صفایا کر دیا 15 فورس ہاتھ ملتے رہ گئے تاجر برادری میں تشویش کی لہر دوڑ گئی حکام بالا اس جانب نوٹس لیں اطلاعات کے مطابق گزشتہ شب 15 فورس پولیس چوکی کے قریب قائم پرچون کی دکان پر نامعلوم چوروں نے چھت کاٹ کر ہزاروں روپے نقدی اور قیمتی اشیا چوری کر کے دیدہ دلیری کے ساتھ رفو چکر ہو گئے 15 فورس کے اہلکار تھکتے ہی رہ گئے تاجر برادری میں تشویش کی لہر دوڑ گئی واضح رہے کہ 15 فورس کے ناک کے نیچے دوسری بڑی واردات ہوئی ہے تاجر برادری نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اوستہ محمد میں پولیس فورس میں سفارشی نہ تجربہ کار اہلکاروں کو پوسٹنگ دیکھ کر پولیس مورل کو تباہ کیا جا رہا ہے

امریکا کے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ٹک ٹاک کو 90 دن کی مہلت دینے کا اعلان

واشنگٹن (اے ایف بی) امریکا کے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک اہم اعلان کیا ہے کہ وہ پیر کو عہدہ سنبھالنے کے بعد چینی ایپلیکیشن ٹک ٹاک کو ممکنہ پابندی سے بچنے کے لیے 90 دن کی مہلت دیں گے۔ صدر ٹرمپ نے امریکی نشریاتی ادارے کو دیے گئے انٹرویو میں کہا کہ 90 دن کی توسیع ایک ایسا اقدام ہے جس کا زیادہ تر امکان ہے کیونکہ یہ مناسب ہے۔ اگر میں ایسا کرنے کا فیصلہ کرتا ہوں، تو میں شاید پیر کو اس کا اعلان کروں گا۔

ٹرمپ انتظامیہ نے اقتدار کے پہلے ہی روز غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف بڑے آپریشن کی تیاری کر لی

واشنگٹن (اے ایف بی) ٹرمپ انتظامیہ نے اقتدار کے پہلے ہی روز غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف بڑے آپریشن کی تیاری کر لی، سرحدی امور کے ذمہ دار ٹام ہومین نے کہا ہے کہ لاکھوں غیر قانونی تارکین وطن کو بے دخل کرنے کے انتخابی وعدے پر عمل ہو گا۔ ٹام ہومین کا کہنا تھا کہ کوئی خود سے واپس چلا گیا تو ٹھیک ہے، ورنہ اسے ڈھونڈ کر باہر نکالیں گے۔

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Irrigation Division Jhal Magsi, invites sealed tenders forms (as per schedule B) based on composite schedule of rates 2026 Government of Balochistan from interested contractors/firms under Non Development works listed below: Tender Fee 1,000/-(Rs.) and Time of Completion 31-12-2026

S. #	Name of work	Estimated Cost (Million)	Bid Security 2% in (Rs)
1	Restoration Of Mula Perennial Channel District Jhal Magsi **TSE-2627101202743**	2.484	50,000/-

Eligibility of Bidders: Procurements shall be made under B-PPRA Rules 2014 amended up-to-date. Bid is open to all bidders who meet the following Basic Eligibility Criteria; An individual bidder having Valid PEC registration in the relevant Category or above Active registration certificates from Income Tax Authority FBR (NTN) and Balochistan Revenue Authority (BRA) The contractor has not been blacklisted earlier by any government agency or private organization. The amount of Bid Security shall be 2% of the quoted amount in the form of CDR or a Bank Guarantee issued by a Scheduled Bank in Pakistan in favour of the Employer valid for a period 28 days beyond the Bid Validity date. Submission of an application on firm letterhead signed/stamped along with Original CDR and Green Challan is mandatory to be submitted in office on or before date of Bidding. **Method of Procurement:** Single Stage-Single Envelope Procedure. The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment of bidding document fee through Green Challan in the NBP under Head of account C-03434. & The Firm download BPPRA challan their USER ID against TSE. The BPPRA Challan paid in the NBP any branch. The Bidding Documents duly filled attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail on or before 22nd **October-2026 at 11:00 AM. Tender opening:** envelopes all bids will be opened on 22nd **October-2026 at 12:00 PM. Bids Validity:** Ninety (90) days **Address:** Irrigation Quarter, Gandawah Bypass Road Jhal Magsi.

Phone & Fax No. 0838-612097 Email: xenjhalmagsi2019@gmail.com

DPRQ/PRQ No.1732/06-10-2026

Executive Engineer Irrigation Division Jhal Magsi

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

SPORTS سپورٹس

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203

ابوظہبی، ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ میں متحدہ عرب امارات اور عمان کے میچ کے دوران علی شان شارٹ شاٹ کھیل رہے ہیں

ویمن بلائنڈ ورلڈ کپ میچز کا انعقاد خطرے میں پڑ گیا

نیپال میں کشیدگی کے باعث پاکستان کے میچز کا انعقاد خطرے میں پڑ گیا، ویمنز بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستان نے اپنے میچز نیپال میں کھیلنا تھے

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال میں کشیدگی کے باعث ویمنز بلائنڈ ورلڈ کپ کے پاکستان کے میچز کا انعقاد خطرے میں پڑ گیا۔ ویمنز بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستان نے اپنے میچز نیپال میں کھیلنا تھے۔ پاکستان بلائنڈ ٹیم نے بھارت جانے سے انکار کر دیا تھا، قومی ٹیم کے انکار کی وجہ سے ہائبرڈ ماڈل کے تحت پاکستان کے میچز نیپال منتقل کر دیے گئے تھے۔ نیپال میں موجودہ حالات کی وجہ سے ویمنز بلائنڈ ورلڈ کپ میں پاکستان کے میچز سری لنکا منتقل کیے جانے کا امکان ہے۔ ورلڈ بلائنڈ کونسل کے صدر سید سلطان شاہ نے کہا کہ ورلڈ بلائنڈ کرکٹ کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس پیر کو آن لائن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں ویمنز بلائنڈ ورلڈ کپ میں پاکستان کے میچز نیپال سے کسی دوسرے ملک منتقل کرنے کا فیصلہ کیا جائے گا، پاکستان کی میچز کی تاریخ میں تبدیلی ممکن نہیں۔ پاکستان 11 سے 25 نومبر تک اپنے میچز کھیلے گا۔ پہلے ویمنز بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ کی میزبانی بھارت کے پاس تھی۔ پاکستان کے احتجاج کی وجہ سے اس ایونٹ کے پاکستان کے میچز بھارت سے نیپال منتقل کردیے گئے تھے۔

نیوزی لینڈ کے کین ولیمسن آسٹریلیا کیخلاف سیریز سے باہر

ٹیم کی نمائندگی کیلئے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کیلئے دستیاب ہوں گے

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور سٹار بلے باز کین ولیمسن آسٹریلیا کے خلاف آئندہ ٹی 20 سیریز میں شرکت نہیں کریں گے تاہم وہ ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے لیے ٹیم کی نمائندگی کرنے کے لیے مکمل طور پر دستیاب ہوں گے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ (این زیڈ سی) نے اعلان کیا ہے کہ نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور سٹار بلے باز کین ولیمسن آسٹریلیا کے خلاف آئندہ ٹی 20 سیریز میں شرکت نہیں کریں گے، کین ولیمسن، ڈیوون کونوے، فن ایلن، لاکی فرگوسن اور ٹم سیفرٹ نے عارضی معاہدوں پر دستخط کیے ہیں۔ اس معاہدے کے تحت یہ کھلاڑی بین الاقوامی فرنچائز لیگز میں حصہ لینے کے ساتھ ساتھ نیوزی لینڈ کے ہائی پرفارمنس سسٹم کا بھی حصہ رہیں گے۔ انہیں تربیت، طبی سہولیات، ذہنی فٹنس کی معاونت اور کرکٹ و فٹنس سہولیات تک مکمل رسائی حاصل ہوگی۔ یہ پانچوں کھلاڑی نیوزی لینڈ کے مرکزی کنٹریکٹ یافتہ کھلاڑیوں کی فہرست کا حصہ نہیں ہیں، جو جون میں 2025-26 سیزن کے لیے جاری کی گئی تھی۔ تاہم انہوں نے نیوزی لینڈ کے ساتھ وابستگی ظاہر کرتے ہوئے عارضی معاہدے کیے ہیں، جس کے تحت وہ ورلڈ کپ سمیت اہم سیریز میں دستیاب ہوں گے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ (این زیڈ سی) کے مطابق یہ معاہدے صرف ان کھلاڑیوں کے ساتھ کیے گئے ہیں جنہوں نے ٹی 20 ورلڈ کپ مہم میں مکمل شرکت کی یقین دہانی کرائی ہے، جس میں آسٹریلیا، انگلینڈ اور ویسٹ انڈیز کے خلاف ڈومیسٹک سیریز شامل ہے۔ اس سے قبل فن ایلن کے سیریز سے باہر ہونے کی تصدیق ہو چکی ہے، جنہوں نے حال ہی میں پاں کی سرجری کرائی ہے جبکہ کین ولیمسن نے ذاتی وجوہات کی بنیاد پر اس سیریز میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، حالانکہ وہ کسی انجری کا شکار نہیں ہیں۔ این زیڈ سی کے چیف ایگزیکٹو سکاٹ وینک کا کہنا تھا کہ ورلڈ کپ جیسے بڑے ایونٹ کے پیش نظر ہم چاہتے تھے کہ ہمارے بہترین ٹی 20 کھلاڑی مکمل طور پر تیار اور دستیاب ہوں۔ یہ عارضی معاہدے کھلاڑیوں کی نیوزی لینڈ کے ساتھ وابستگی کا مظہر ہیں۔ نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان تین ٹی 20 میچوں پر مشتمل سیریز 1 سے 4 اکتوبر کے درمیان ماونٹ مانگنوئی میں کھیلی جائے گی، جبکہ نیوزی لینڈ کی سکواڈ کا اعلان رواں ہفتے متوقع ہے۔

انگلینڈ، بی ایم ڈبلیو گولف چیمپئن شپ میں جاپان کے ہیدیکی ماتسویاما شاٹ کھیل رہے ہیں

پاک بھارت میچ میں اسپورٹس مین شپ نہ دیکھ کر انتہائی مایوسی ہوئی، چیئرمین پی سی بی

لاہور (این این آئی) ایشیا کپ 2025ء کے چھٹے میچ کے دوران بھارتی ٹیم کے نامناسب رویے پر ایشین کرکٹ کونسل کے صدر اور چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کا ردعمل بھی سامنے آ گیا۔ ایک بیان میں محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاک بھارت میچ میں اسپورٹس مین شپ نہ دیکھ کر مایوسی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ کھیل میں سیاست کو گھسیٹنا اس کی اصل روح کے خلاف ہے۔ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ امید ہے آئندہ فتوحات تمام ٹیمیں وقار اور خوش اخلاقی سے منائیں گی۔ دوسری جانب پاکستانی ٹیم منیجر نوید اکرم چیمہ نے کہا کہ بھارتی کھلاڑیوں کا ہاتھ نہ ملانا اسپورٹس مین اسپرٹ کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹاس کے وقت میچ ریفری نے کپتانوں سے ہاتھ نہ ملانے کی درخواست کی۔ واضح رہے کہ ٹی 20 ایشیا کپ 2025ء کے چھٹے میچ کے دوران پاکستان اور بھارت کی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں دوریاں رہیں۔ ایونٹ کے اہم ترین میچ کے ٹاس کے وقت بھارتی کپتان سوریا کمار یادیو نے پاکستانی قائد سلمان علی آغا سے ہاتھ نہیں ملایا۔

بھارتی ٹیم کا نامناسب رویہ پاکستان ٹیم منیجر نے باقاعدہ احتجاج ریکارڈ کروادیا

دبئی (این این آئی) بھارتی ٹیم کے نامناسب رویے پر پاکستانی ٹیم منیجر نوید اکرم چیمہ کا احتجاج، میچ ریفری کے رویے پر بھی باقاعدہ احتجاج ریکارڈ کروا دیا۔ منیجر نوید اکرم چیمہ نے کہا کہ بھارتی کھلاڑیوں کا ہاتھ نہ ملانا اسپورٹس مین اسپرٹ کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹاس کے وقت میچ ریفری نے کپتانوں سے ہاتھ نہ ملانے کی درخواست کی۔ دوسری جانب کپتان سلمان علی آغا نے بھارتی رویے کے خلاف اختتامی تقریب میں شرکت نہیں کی۔ قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن کا کہنا تھا کہ بھارتی ٹیم نے جو حرکت کی اس پر پاکستانی ردعمل فطری تھا۔

انگلش پریمیئر لیگ، مانچسٹر سٹی اور لیورپول نے اپنے میچز جیت لئے

دفاعی چیمپئن لیورپول کی ٹیم نے سخت مقابلے کے بعد برنلے کو 0-1 گول سے ہرادیا

لندن (این این آئی) مانچسٹر سٹی نے انگلش پریمیئر لیگ کے ایک میچ میں مانچسٹر یونائیٹڈ کو شکست دے دی جبکہ دفاعی چیمپئن لیورپول کی ٹیم نے سخت مقابلے کے بعد برنلے کو 0-1 گول سے ہرا دیا۔ انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ کا 34 واں سیزن انگلینڈ میں جاری ہے جس میں شائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ اتحاد سٹیڈیم مانچسٹر کے مقام پر کھیلے گئے لیگ کے اہم میچ میں مانچسٹر سٹی اور مانچسٹر یونائیٹڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں مانچسٹر سٹی کی ٹیم نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے حریف ٹیم مانچسٹر یونائیٹڈ کو با آسانی 0-3 گول سے ہرا دیا، ایرلنگ ہالینڈ نے 2 جبکہ فل فوڈن نے 1 گول کر کے اپنی ٹیم مانچسٹر سٹی کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ مانچسٹر سٹی کی لیگ میں دوسری فتح ہے اور وہ پوائنٹس ٹیبل پر 6 پوائنٹس کے ساتھ آٹھویں نمبر پر ہے۔

لیورپول، ورلڈ باکسنگ چیمپئن شپ میں سپین اور آئرلینڈ کے مابین میچ کا منظر

نواز نے دھوکہ دے دیا، تجزیہ کاروں کا ردعمل

ہماری ٹیم میں اس وقت 5 اوپنرز کھیل رہے ہیں، سابق کرکٹر باسط علی کی گفتگو

کراچی (این این آئی) ایشیا کپ 2025 میں پاک بھارت میچ میں قومی ٹیم کی شکست کے بعد سابق کرکٹرز بھی مایوس نظر آئے، باسط علی نے محمد نواز کے بارے میں کہا کہ آج نواز نے دھوکہ دے دیا۔ قومی ٹیم میں مایہ ناز بالر اور پاک افغان سیریز میں افغانستان کے خلاف شاندار ہیٹ ٹرک کر کے تاریخ رقم کرنے والے محمد نواز نے اپنے مداحوں کو افسردہ کر دیا۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان کھیلے جانے والے حالیہ ٹی 20 میچ میں محمد نواز کوئی قابل ذکر کارکردگی کا مظاہرہ نہ کر سکے۔ ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سابق کرکٹر باسط علی نے کہا کہ 50 اوورز کی ون ڈے ٹیم میں بابر اعظم اور محمد رضوان کی جگہ آٹو میٹک ہے۔ اس بار سلیکٹرز نے ان دونوں کو ٹی 20 ٹیم سے ہٹانے کا تجربہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایشیا کپ کے اختتام کے بعد ان کے حوالے سے بات کی جائے تو وہ زیادہ بہتر ہوگا۔ اس سے قبل باسط علی کا کہنا تھا کہ جو اس ٹیم میں منتخب نہیں ہوا وہ خوش نصیب ہے۔ اگر موجودہ کھلاڑیوں کو ہٹا دیں تو پھر ٹیم میں کس کو رکھیں؟ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ قومی ٹیم میں دوبارہ پرانے ہی کھلاڑی آئے ہیں۔

ایبٹ آباد، ڈسٹرکٹ ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن کے انتخابات، شاہد رفیق مغل صدر اور ماجد رفیق سیکرٹری جنرل منتخب

ایبٹ آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن ایبٹ آباد کے انتخابات میں شاہد رفیق مغل صدر اور ماجد رفیق سیکرٹری جنرل منتخب ہو گئے۔ دیگر منتخب نمائندوں میں ریجنل میونسپل آفیسر محمد افضل خان سرپرست اعلیٰ، راحیل ضیاالدین خزانچی اور شوکت حسین پریس سیکرٹری منتخب ہوئے ہیں۔ ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن ایبٹ آباد کے انتخابات میں دیگر منتخب ہونے والے عہدیداران میں شہزاد آرتھر سینئر نائب صدر، قیصر علی نائب صدر، سید عماد جائنٹ سیکرٹری، حمیرا امتیاز صدر ناری میل جبکہ شوکت حسین پریس سیکرٹری منتخب ہو گئے۔ انتخابات کے بعد نو منتخب صدر شاہد رفیق مغل نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ ایبٹ آباد میں ٹیبل ٹینس کے فروغ کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، تمام کھلاڑیوں کو بھرپور مواقع فراہم کرنے کیلئے ٹریننگ کیمپس کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ آئندہ خیبر پختونخوا گیمز کی تیاری میں مدد مل سکے۔ اس موقع پر سیکرٹری ماجد رفیق مغل نے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایبٹ آباد میں ٹیبل ٹینس کے کھیل کا بہت ٹیلنٹ ہے، اسے گراس روٹ لیول پر توجہ کی ضرورت ہے۔

پاکستان اور جنوبی افریقا کی ویمنز کرکٹ ٹیموں نے لاہور میں دوسرے روز بھی پریکٹس کی

لاہور (این این آئی) پاکستان اور جنوبی افریقا کی ویمنز کرکٹ ٹیموں نے لاہور میں دوسرے روز بھی پریکٹس کی۔ قذافی اسٹیڈیم میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے 3 گھنٹے تک بھرپور پریکٹس سیشن کیا۔ پاکستانی ٹیم نے ہیڈ کوچ محمد وسیم کی نگرانی میں بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کیں۔ پاکستان اور جنوبی افریقا کی ٹیموں کے درمیان ایک روزہ میچز کی سیریز ہے، جس کا پہلا میچ (آج) 16 ستمبر تک کھیلا جائے گا۔

بابر اعظم جیسا اسٹرائیک ریٹ آج بھی کسی کا نہیں، فواد عالم

بابر صرف اس لیے بدقسمت رہا کہ اس کو نیچے کے کھلاڑیوں سے سپورٹ نہیں ملی، انٹرویو

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے بلے باز فواد عالم نے کہا ہے کہ بابر اعظم بہت بہترین کھلاڑی ہے اس جیسا اسٹرائیک ریٹ آج بھی کسی کے پاس نہیں ہے۔ نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے فواد عالم نے کہا کہ بابر اعظم کی صلاحیتوں پر کوئی شک نہیں، جیسی شاندار کارکردگی ان جیسا اسٹرائیک ریٹ کسی کے پاس نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جو لوگ ان کیخلاف باتیں کر رہے ہیں ان کا اپنا کیا اسٹرائیک ریٹ تھا؟ بابر صرف اس لیے بدقسمت رہا کہ اس کو نیچے کے کھلاڑیوں سے کبھی سپورٹ نہیں ملی۔ ہمارے تمام بڑے کھلاڑی کامیاب اس لیے ہوئے کیونکہ ان کے نیچے شاہد آفریدی اور عبدالرزاق جیسے کھلاڑی موجود تھے لیکن بابر اعظم کے پاس ایسے کھلاڑی نہیں تھے۔ اس سے قبل بھی ایک انٹرویو میں فواد عالم کا کہنا تھا کہ بابر اعظم نے تینوں فارمیٹس میں شاندار پرفارمنس دی اور جب اس نے اتنے میچ کھیلے تو اس نے بے شمار قابل ذکر پرفارمنس دی، اب بھی اور ڈومیسٹک کرکٹ میں بھی میں نے دیکھا ہے کہ موجودہ ٹیم میں کوئی بھی ان کے قریب نہیں آتا۔ بھارت نے پاکستان کو ایشیا کپ کے گروپ میچ میں با آسانی شکست دے کر ایونٹ میں فتوحات کے سلسلے کو برقرار رکھا ہے۔ دبئی میں کھیلے گئے ہائی وولٹیج مقابلے کو بھارت نے یکطرفہ بناتے ہوئے پاکستان کو زیر کردیا۔

کامن ویلتھ بیچ ہینڈ بال چیمپئن شپ کے ڈراز کا اعلان

ایونٹ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ 18 ستمبر کو کھیلا جائے گا

کراچی (این این آئی) کامن ویلتھ بیچ ہینڈ بال چیمپئن شپ کے ڈراز کا اعلان کر دیا گیا، چیمپئن شپ 18 سے 22 ستمبر تک مالدیپ میں ہوگی۔ ایونٹ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ 18 ستمبر کو کھیلا جائے گا جبکہ 19 ستمبر کو پاکستان ٹیم سری لنکا اور مالدیپ سے مقابلہ کرے گی۔ 20 ستمبر کو پاکستان کا مقابلہ پہلے جنوبی افریقا اور پھر بنگلہ دیش سے ہوگا۔ ایونٹ کے سیمی فائنل 21 اور فائنل 22 ستمبر کو کھیلا جائے گا۔ واضح رہے کہ پاکستان ہینڈ بال ٹیم ایونٹ میں شرکت کیلئے مالدیپ پہنچ چکی ہے۔ قومی ٹیم نے گزشتہ شب مالدیپ پہنچنے کے بعد آج میزبان ٹیم سے پریکٹس میچ بھی کھیلا۔

انگلینڈ، سکائی بیٹ چیمپئن شپ میں سٹاک سٹی اور برمنگھم سٹی کے مابین فٹ بال میچ جاری ہے

SHOWBIZ شوبز

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203

سارہ عمیر نے شوہر سے طلاق کی تصدیق کردی

دونوں ایک ہی فیلڈ سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے اکثر سامنا ہو جاتا ہے، گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستانی ٹیلی ویژن کی نامور اداکارہ سارہ عمیر نے طلاق کی تصدیق کرتے ہوئے خاموشی توڑ دی۔ سارہ عمیر نے کم عمری میں ڈرامہ انڈسٹری میں قدم رکھا اور ان کا پہلا ڈرامہ 2008 میں پی ٹی وی پر نشر ہوا، انہوں نے کئی مقبول ڈراموں میں شاندار اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں۔ اس کے علاوہ سارہ نے نجی ٹی وی کے مقبول ریئلٹی شو دیسی کڑیاں کا بھی ٹائٹل اپنے نام کیا۔ سارہ عمیر نے 2014 میں مشہور ہدایتکار محسن طلعت سے شادی کے بعد شوبز انڈسٹری کو خیر باد کہہ دیا تھا تاہم حال ہی میں وہ تماشا سیزن 4 سے باہر ہونے کے بعد ایک شو میں جلوہ گر ہوئیں جہاں انہوں نے اپنی طلاق کی خبر سب کے سامنے رکھی۔ سارہ عمیر نے کہا کہ میں نے تماشا میں حصہ اس لیے لیا کہ مجھے ایک بریک کی ضرورت تھی، میں اور میرے سابق شوہر ایک ہی فیلڈ سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے اکثر سامنا ہو جاتا ہے، میں سمجھتی ہوں اب سب کو بتا دینا چاہیے کہ میری طلاق ہو چکی ہے، جو کہ تماشا میں آنے سے چند ماہ پہلے ہوئی، میں ذہنی دباؤ میں تھی اور مجھے بطور سنگل پیرنٹ کئی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔

سیلاب متاثرین کے لیے گلوکار علی ظفر نے بڑا اعلان کر دیا

علی ظفر فاؤنڈیشن کے ذریعے متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور امداد پر خرچ کی جائے گی



لاہور (این این آئی) نامور گلوکار علی ظفر نے سیلاب متاثرین کے لیے خصوصی فنڈ ریزنگ کنسرٹ کرنے کا اعلان کر دیا جو 27 ستمبر کو الحمرا میں ہوگا۔ کنسرٹ میں علی ظفر کے ساتھ دیگر ممتاز گلوکار بھی آواز کا جادو جگائیں گے، کنسرٹ سے حاصل رقم سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی کے لیے لگائی جائے گی۔ معروف گلوکار، نغمہ نگار اور صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی حاصل کرنے والے گلوکار علی ظفر نے اپنے کیریئر کے ایک ایسے خصوصی کنسرٹ کا اعلان کیا ہے جس کا مقصد ملک بھر میں حالیہ تباہ کن سیلاب سے متاثرہ افراد کی مدد کے لیے فنڈ ریزنگ کرنا ہے۔ کنسرٹ 27 ستمبر کو لاہور الحمرا کلچرل کمپلیکس میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ فنڈ ریزنگ کنسرٹ میں علی ظفر کی پرفارمنس کے ساتھ ساتھ دیگر معروف فنکاروں کی سرپرائز شمولیت بھی متوقع ہے، جن کے ناموں کا اعلان جلد کیا جائیگا۔ کنسرٹ سے حاصل تمام آمدنی علی ظفر فاؤنڈیشن کے ذریعے متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور امداد پر خرچ کی جائے گی، جنہوں نے اس آفت میں اپنے گھر اور روزگار کھو دیے ہیں۔

بالی ووڈ اداکارہ کاجول اور ٹوئنکل کھنہ پہلی بار ایک ساتھ نظر آئیں گی، نئے شو کا ٹیزر جاری

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارائیں کاجول اور ٹوئنکل کھنہ پہلی بار ایک ساتھ بطور میزبان ناظرین کے سامنے آ رہی ہیں۔ ان کا نیا چیٹ شو ٹو مچ ود کاجول اینڈ ٹوئنکل کا ٹیزر جاری کر دیا گیا ہے۔ ٹو مچ ود کاجول اینڈ ٹوئنکل بلاشبہ اس سال کے سب سے زیادہ انتظار کیے جانے والے شوز میں سے ایک ہے اور ٹیزر نے اس کی کامیابی کی بنیاد رکھ دی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ٹیزر میں کاجول اور ٹوئنکل کھنہ کو دلچسپ انداز میں ناظرین سے متعارف کرایا گیا ہے۔ ویڈیو میں جھلکیاں دی گئی ہیں کہ شو میں صرف گلیمر نہیں بلکہ کھری باتیں، حقیقت پر مبنی گفتگو اور ہلکی پھلکی گپ شپ بھی شامل ہوگی۔ یہ غیر اسکرپٹڈ سیریز معروف پروڈکشن ہاؤس بانیجے ایشیا کے بینر تلے تیار کی جا رہی ہے اور اس میں بھارتی سینما کی چند سب سے بڑی شخصیات مہمان کے طور پر مدعو کی جائیں گی۔ پروگرام میں شائقین کو صرف رسمی بات چیت نہیں بلکہ دل سے کی جانے والی باتیں، بے ساختہ قہقہے اور دلچسپ انکشافات سننے کو ملیں گے۔ پرائم ویڈیو انڈیا کے ڈائریکٹر اور ہیڈ آف اوریجنلز نکھل مدھوک نے بتایا، یہ شو عام سلیبریٹی چیٹ شوز سے ہٹ کر ہوگا۔ یہاں ناظرین کو تازگی بھری، بے ساختہ اور تفریح سے بھرپور گفتگو سننے کو ملے گی۔ کاجول اور ٹوئنکل کی متضاد مگر ایک دوسرے کو مکمل کرتی شخصیات شو کو مزید رنگین بنائیں گی۔ ٹو مچ کا مقصد صرف مہمانوں کو پیش کرنا نہیں بلکہ کاجول اور ٹوئنکل کو ایک منفرد، بے ساختہ اور بے باک انداز میں سامنے لانا ہے۔ یہ شو ان کی جستجو، ذہانت اور فطری حس مزاح کو اجاگر کرے گا اور مہمان بھی ایسے انداز میں کھل کر بات کریں گے جیسا ہم شاذ و نادر ہی دیکھتے ہیں۔ مشہور پروڈیوسر اور شاہ رخ خان کی اہلیہ گوری خان نے بھی انسٹاگرام پر شو کے پوسٹر کے ساتھ لکھا، کاجول اور ٹوئنکل کھنہ، تم دونوں اس شو میں شاندار لگو گی، دیکھنے کا بے حد انتظار ہے۔ ٹوئنکل کھنہ نے ان کے تبصرے پر دل والے ایموجی کے ساتھ جواب دیا۔ اس سوشل میڈیا تبادلے کے بعد مداحوں کا جوش مزید بڑھ گیا ہے۔ شو کی پہلی قسط 25 ستمبر 2025 کو نشر ہوگی، جبکہ اس کے بعد ہر جمعرات کو نئی قسط پیش کی جائے گی۔

ویب سیریز میں کام کرنے کا تجربہ شاندار رہا، تمنا بھاٹیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ تمنا بھاٹیا نے کہا ہے کہ ویب سیریز میں کام کرنے کا تجربہ شاندار رہا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 35 سالہ تمنا بھاٹیا نے کہا ہے کہ ان کی ویب سیریز ڈو یو وانا پارٹنر کو عوام میں شاندار پذیرائی مل رہی ہے۔ اپنی ویب سیریز کے حوالے سے بات کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ ویب سیریز کی تیاری میں 2 ڈائریکٹرز حصہ لے رہے ہیں اور دونوں بہت شاندار کام کر رہے ہیں۔ ویب سیریز میں اپنے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے تمنا نے بتایا کہ میرا کردار بہت جاندار ہے، یہ ایک ایسی پروفیشنل خاتون کا رول ہے جو اپنے کام سے بہت شدید لگاؤ رکھتی ہے مگر جذباتی بھی ہے۔

نعمان اعجاز اور سویرا ندیم کیساتھ کام کرنا شاندار تجربہ رہا، ثمر جعفری

چاہتا ہوں میرا بالی وڈ میں ڈیبیو اداکارہ عالیہ بھٹ کے ساتھ ہو، نوجوان اداکار

کراچی (این این آئی) ابھرتے ہوئے اداکار و گلوکار ثمر جعفری نے بھارتی اداکارہ عالیہ بھٹ کے ساتھ اپنے بالی وڈ ڈیبیو اور فلم کی قسم کے بارے میں بتا دیا۔ ثمر جعفری نے حال ہی میں یوٹیوب چینل نام فیضان میں شرکت کی اور اپنے پروفیشنل تجربات اور مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں کھل کر بات کی۔ انہوں نے ڈرامہ سیریل پرورش میں کام کرنے کے تجربے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ نعمان اعجاز اور سویرا ندیم کے ساتھ کام کرنا ایک شاندار تجربہ رہا۔ ان کے مطابق دونوں اداکار نہ صرف بہت اچھے انسان ہیں بلکہ ان کی اداکاری انتہائی قدرتی ہے اور ان کے ساتھ سین کرتے ہوئے محسوس ہی نہیں ہوتا کہ وہ اداکاری کر رہے ہیں۔ اداکار نے بتایا کہ وہ چاہتے ہیں کہ ان کا بالی وڈ میں ڈیبیو بھارتی اداکارہ عالیہ بھٹ کے ساتھ ہو۔ انہوں نے کہا کہ عالیہ بھٹ کے ساتھ وہ اسٹوڈنٹ آف دی ایئر 1 جیسی فلم کرنا پسند کریں گے کیونکہ انہیں کرن جوہر کی اس طرز کی فلمیں بہت پسند ہیں جن میں ہیرو کو کلاسکی رومانوی انداز میں ہیرو کے طور پر دکھایا جاتا ہے۔ اداکار نے اپنے موسیقی کے شوق کا بھی ذکر کیا اور بتایا کہ انہیں اداکاری سے زیادہ موسیقی میں دلچسپی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا خواب ہے کہ وہ دلجیت دوسانجھ اور پاکستانی میوزیکل بینڈ کاوش کے ساتھ گانا بنائیں، جس میں دلجیت دوسانجھ کے ساتھ خالص پنجابی گانا اور کاوش کے ساتھ ایک رومانوی گانا شامل ہوگا۔ ثمر جعفری نے مزید کہا کہ اگر اداکاری کے حوالے سے انہیں کسی کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملے تو وہ ماہرہ خان کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہیں، چاہے کردار کوئی بھی ہو، وہ پیچھے پردہ بھی صاف کر دیں گے۔ اداکار نے پاکستانی ڈراموں کے حوالے سے بھی بات کی اور کہا کہ وہ مشہور ڈرامہ سیریل میرے پاس تم ہو کے مداح ہیں اور یہ ان کا پسندیدہ پاکستانی ڈرامہ ہے۔



پاکستانی شارٹ فلم پرمننٹ گیسٹ ٹورنٹو فلم فیسٹیول میں پیش

فلم میں راستی فاروق، نادیہ افگن، سلمان شاہد، علی طاہر اور حیائے زہرا شامل

کراچی (این این آئی) پاکستانی شارٹ فلم پرمننٹ گیسٹ کا ورلڈ پریمیئر ٹورنٹو انٹرنیشنل فلم فیسٹیول (TIFF) میں ہو گیا۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ نادیہ افگن نے اپنے مداحوں کو خوشخبری سنائی ہے۔ ہدایت کار ثنا جعفری اور فلم کی مرکزی کاسٹ نے ٹی آئی ایف ایف کے پلیٹ فارم پر ملک کی نمائندگی کی۔ 50 سالہ ثنا جعفری پہلی پاکستانی خاتون ہیں جو ٹورنٹو انٹرنیشنل فلم فیسٹیول میں اپنی شارٹ فلم کے ساتھ ملک کی نمائندگی کر رہی ہیں۔ اداکارہ نادیہ افگن نے انسٹا پوسٹ میں اپنے جوش و خروش کا اظہار کیا اور ورلڈ پریمیئر کے دوران انٹرویوز سے لے کر فوٹو شوٹس تک کی تمام سرگرمیوں کو مداحوں کے ساتھ شیئر کیا ہے۔ انہوں نے ریڈ کارپٹ سے تصاویر شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا خواب سچ ہو گیا۔ لاہور میں فلمائی گئی شارٹ فلم پرمننٹ گیسٹ کی کہانی 26 سالہ فطین کے گرد گھومتی ہے، جو اپنی والدہ یاسمین کے ساتھ مل کر پڑوس میں ہونے والی شادی کی تیاریاں کر رہی ہے۔ فطین کے 70 سالہ ماموں شبیر کی اچانک آمد سے سب کچھ بدل جاتا ہے۔ ان کی آمد مرکزی کردار کے پرانے زخم تازہ کر دیتی ہے اور کہانی میں کشیدگی پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ فلم جنوبی ایشیائی گھرانوں میں بچپن میں ہونے والے جنسی استحصال اور ان کے دیرپا اثرات جیسے حساس موضوع پر مبنی ہے۔ فلم کی کاسٹ میں راستی فاروق، نادیہ افگن، سلمان شاہد، علی طاہر اور حیائے زہرا جیسے نامور فنکار شامل ہیں۔

شلپا شیٹی کے شوہر نے 72 ملین ڈالر کے فراڈ کے الزامات پر خاموشی توڑ دی

ممبئی (این این آئی) شلپا شیٹی کے شوہر راج کندرا نے 72 ملین ڈالر کے فراڈ کے الزامات پر ردعمل دے دیا۔ بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ شلپا شیٹی کے شوہر اور بھارتی بزنس مین راج کندرا نے اپنے خلاف دائر 6.04 ارب روپے (تقریباً 72 ملین ڈالر) کے مبینہ فراڈ کے الزامات کی تردید کر دی ہے۔ نئی دہلی میں اپنی پنجابی فلم مہر کے پروموشن کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راج کندرا نے کہا کہ انہوں نے کوئی غلط کام نہیں کیا اور سچ جلد سامنے آ جائے گا۔ کندرا کا کہنا تھا کہ ہم نے اب تک کچھ نہیں کہا کیونکہ ہمیں معلوم ہے کہ ہم بے قصور ہیں، جلد سچ سامنے آ جائے گا۔ یاد رہے کہ شلپا شیٹی اور راج کندرا پر یہ الزامات 60 سالہ بزنس مین دیپک کوٹھاری کی جانب سے لگائے گئے ہیں، دیپک نے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں ایک سرمایہ کاری کے معاہدے میں جو کہ 2015 سے 2023 کے دوران کیا گیا تھا راج کندرا اور شلپا شیٹی نے دھوکہ دیا۔ دیپک کے مطابق انہیں 2015 میں بیسٹ ڈیل ٹی وی پرائیویٹ لمیٹڈ، جس کے شریک مالکان کندرا اور شیٹی تھے، کو 12 فیصد سالانہ منافع پر 7.5 ارب بھارتی روپے قرض دینے کے لیے راضی کیا گیا تھا۔ اس دوران انہوں نے مجموعی طور پر 6.04 ارب بھارتی روپے راج کندرا کو منتقل کیے لیکن بعد میں یہ معاہدہ ایک سرمایہ کاری میں تبدیل کر دیا گیا۔ دیپک کا کہنا ہے کہ شلپا شیٹی نے اپریل 2016 میں اس معاہدے کیلئے ذاتی ضمانت دی تھی لیکن ستمبر 2016 میں اداکارہ نے کمپنی ڈائریکٹر کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ دیپک نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ اس وقت کمپنی پر دیوالیہ ہونے کے مقدمات بھی چل رہے تھے، جو مبینہ طور پر ان سے چھپائے گئے۔

فواد خان اور وانی کپور کی فلم عبیر گلال ریلیز، مداحوں کے دل جیت لیے

ممبئی (این این آئی) پاکستان کے سپر اسٹار فواد خان اور بھارتی اداکارہ وانی کپور کی فلم عبیر گلال ریلیز کر دی گئی۔ پاکستان سمیت یو اے ای اور دیگر ممالک میں ریلیز ہونے والی فواد خان اور وانی کپور کی نئی فلم عبیر گلال کو فلم بینوں کی جانب سے بے حد پسند کیا جا رہا ہے۔ اس ہلکی پھلکی رومانوی کہانی کی ریلیز کا پہلا دن کامیاب ہوتا دکھائی دے رہا ہے اور تھیٹر میں اسے مثبت ردعمل مل رہا ہے۔ عبیر گلال ایک دلچسپ رومانوی کامیڈی ہے جس کی ہدایت کاری آرتی ایس بگڈی نے کی ہے۔ اس فلم کی کہانی ایک امیر اور ضدی لڑکی کے گرد گھومتی ہے جو اپنے باپ کی مرضی کے خلاف زندگی گزارنے کا فیصلہ کرتی ہے۔ اس فلم میں وانی کپور نے ایک باغی مگر لاڈ پیار میں پلی لڑکی کا کردار ادا کیا ہے، جو لندن جا کر بالی ووڈ ڈانس ٹیچر بننے کی کوشش کرتی ہے۔ فلم میں فواد خان ایک ریسٹورنٹ کے مالک کا کردار ادا کر رہے ہیں جن سے وانی کی پہلی ملاقات تلخی اور خوش مزاجی سے بھرپور ہوتی ہے۔ دونوں کے درمیان بہترین کیمسٹری دیکھی جا سکتی ہے۔ یاد رہے کہ یہ فلم بھارت کے علاوہ پاکستان سمیت دنیا بھر کے مختلف ممالک میں دکھائی جا رہی ہے۔

عامر خان نے لال سنگھ چڈھا کے ناکام ہونیکی وجہ بتادی

میں تھوڑا زیادہ پر اعتماد ہو گیا تھا کیونکہ میں نے بیک ٹو بیک ہٹ فلمیں دی تھیں، گفتگو



ممبئی (این این آئی) سپر اسٹار عامر خان نے اپنی فلم "لال سنگھ چڈھا" کے ناکام ہونے کی اصل وجہ بتادی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان دو دہائیوں تک بلاک بسٹر فلم دیتے رہے ہیں جس کے بعد 2018 میں بننے والی فلم ٹھگز آف ہندوستان اور 2022 میں ریلیز ہونے والی فلم "لال سنگھ چڈھا" بری طرح ناکام ہوئیں۔ حال ہی میں یوٹیوب چینل کو دیے گئے انٹرویو میں اداکار نے "لال سنگھ چڈھا" کے ناکام ہونے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ میں اس فلم کو لے کر تھوڑا زیادہ پر اعتماد ہو گیا تھا کیونکہ میں نے بیک ٹو بیک ہٹ فلمیں دی تھیں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ وہ عام طور پر ہر پروڈکشن کا جائزہ "اکنامک فلٹر" کے ذریعے کرتے ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ فلم ریکارڈ توڑنے کے باوجود مالی نقصان سے دوچار نہ ہو لیکن لال سنگھ چڈھا کے ساتھ اس فلٹر کو نظر انداز کیا گیا تھا۔ واضح رہے عامر خان کی فلم ستارے زمین پر رواں سال جون کے مہینے میں ریلیز ہوئی۔ عامر خان کی تازہ ترین فلم ستارے زمین پر ایک کامیاب فلم کے طور پر ابھری جس نے دنیا بھر میں تقریباً 266 کروڑ بھارتی روپے کمائے۔

علیزے اور حمزہ کے ریسیپشن کی تقریب نے ناظرین کا دل جیت لیا

ڈرامے "مہرہ" میں پہنے گئے پنک لہنگے کی قیمت 3 لاکھ 35 ہزار پاکستانی روپے ہے

کراچی (این این آئی) ناظرین کے انٹرٹینمنٹ کے ذوق کی تسکین کیلئے جیو ٹی وی پر دکھائے جانے والے ڈرامے مہرہ کی کہانی کو بے حد پسند کیا جا رہا ہے۔ ڈرامے کی ایک ایک قسط یوٹیوب پر کئی کئی ملین ویوز حاصل کر رہی ہے اور دوسری جانب سوشل میڈیا پر بھی ڈرامے کے کلپس خاصے وائرل ہیں۔ حال ہی میں دیکھی گئی قسط میں لائبہ خان اور میکائل ذوالفقار (علیزے اور حمزہ) کے ریسیپشن کی تقریب نے ناظرین کا دل جیت لیا۔ سوشل میڈیا پر جہاں ہر طرف اس قسط کے چرچے ہیں وہیں لائبہ خان کے ڈرامے میں ریسیپشن کی تقریب میں پہنے گئے پنک لہنگے کو بھی خاصا پسند کیا جا رہا ہے۔ جیو کے ڈرامے مہرہ کی 31 ویں قسط میں لائبہ خان کا پہنا گیا پنک لہنگا Epoque برانڈ کا ہے۔ برانڈ کے ویب سائٹ پر اس لہنگے کی قیمت 3 لاکھ 35 ہزار پاکستانی روپے درج ہے۔

بقیہ نمبر 1

ورسیکیورٹی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں بلوچستان میں سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کوئٹہ انٹیگریٹڈ سیکیورٹی پروجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کوئٹہ گرین ڈیجیٹل کوریڈور کے تحت شہر میں 2,900 کیمرے نصب کیے جائیں گے، جن کے ذریعے سیکیورٹی نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا بریفنگ میں بتایا گیا کہ پروجیکٹ کے تحت کوئیک رسپانس فورس کے نئے اسٹیشنز بھی قائم کیے جائیں گے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر ردعمل کو یقینی بنایا جاسکے۔ جدید ٹیکنالوجی اور مربوط کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کے ذریعے سیکیورٹی اداروں کی استعداد کار میں اضافہ کیا جائے گا۔ اجلاس کو بلوچستان پولیس میں جاری اصلاحات اور محکمانہ خوداحتسابی کے عمل سے بھی آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ غیر حاضری اور فرائض میں غفلت کے مرتکب 871 پولیس اہلکاروں کو برطرف کیا جاچکا ہے، جبکہ مختلف شخصیات کے ساتھ تعینات 1,005 پولیس اہلکاروں کی خدمات واپس محکمہ پولیس کے حوالے کردی گئی ہیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس کا کردار انتہائی اہم ہے، پولیس اہلکار فرنٹ لائن پر ملک اور صوبے کے امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیس کو دہشت گردی کے موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید تربیت، ضروری آلات اور تمام مطلوبہ وسائل فراہم کیے جائیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس کو دہشت گردی کے خلاف میدان میں اتارا ہے تو مکمل سرپرستی بھی کریں گے۔ صوبائی حکومت اپنی بہادر پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور پولیس کی استعداد کار میں اضافے کے لیے ہرممکن تعاون فراہم کیا جائے گا، دہشت گردوں کا صفایا کرکے امن واستحکام کو یقینی بنایا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پولیسنگ کے نظام میں اصلاحات کا مقصد ادارے کو مزید مضبوط، جوابدہ اور عوام دوست بنانا ہے۔ محکمانہ نظم وضبط اور احتساب پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جبکہ فرائض میں غفلت اور غیر حاضری کی حوصلہ شکنی کے ساتھ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے محدود وسائل کو بہتر انتظام اور ترجیحات کے تحت عوامی فلاح کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ غیر ترقیاتی اخراجات پر قابو پاکر دستیاب وسائل عوام کی بنیادی ضروریات اور فلاح و بہبود پر خرچ کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ ہم نے بلوچستان کے اس عام آدمی کے لیے کام کرنا ہے جو سردی میں ٹھٹھرتا اور گرمی میں جھلستا ہے۔ حکومت کی تمام پالیسیوں اور اقدامات کا محور عام شہری کا تحفظ، سہولت اور معیار زندگی بہتر بنانا ہے

بقیہ نمبر 2

آصف زرداری سے ملاقات ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں، خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کے لانگ مارچ سے پیدا صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اپوزیشن سے مذاکرات کرنے والی کمیٹی کے ارکان نے اس موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کو بریفنگ دی۔ ذرائع نے بتایا کہ صدر اور وزیراعظم کی یہ ملاقات اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو نشان امتیاز عطا کرنے کی تقریب کے بعد ہوئی۔ صدر اور وزیراعظم نے ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی وسیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں نے اتفاق کیا کہ کسی بھی آئینی وقانونی اقدام سے قبل مشاورت کا عمل جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 3

سرپلس 48 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ ذرائع وزارت تجارت کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں امریکا کے لیے پاکستانی برآمدات 1 ارب 17 کروڑ ڈالرز رہیں، اسی دوران امریکا سے پاکستان نے 69 کروڑ ڈالرز کی درآمدات کیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کا امریکا کے ساتھ 2 ماہ جولائی اور اگست 2026 میں تجارتی سرپلس 48 کروڑ ڈالرز پر پہنچ گیا، یوں امریکا کا پاکستان کے ساتھ تجارتی خسارہ کروڑوں ڈالرز رہا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی امریکا کے لیے گزشتہ 2 ماہ میں برآمدات میں 10 اعشاریہ 46 فیصد اضافہ ہوا، جولائی، اگست 2026 میں امریکا سے پاکستان کی درآمدات میں 144 فیصد اضافہ ہوا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کا مالی سال 2025-26 میں امریکا کے ساتھ تجارتی سرپلس 2 ارب 59 کروڑ ڈالرز تھا، پاکستان کی امریکا کے لیے برآمدات 5 ارب 91 کروڑ ڈالرز تھیں۔ ذرائع وزارت تجارت کے مطابق گزشتہ مالی سال پاکستان نے امریکا سے 3 ارب 32 کروڑ ڈالرز کی درآمدات کی تھیں۔

بقیہ نمبر 4

4 کروز میزائل سسٹم کا کامیاب تجربہ کیا ہے، فتح 4 کروز میزائل کا توسیعی ورژن جدید ایوانکس اور شاندار نیوی گیشنل معاونت سے لیس ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق مقامی طور پر تیار کردہ فتح 4 گراؤنڈ لانچڈ کروز میزائل کے توسیعی ورژن کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتح 4 کروز میزائل کا توسیعی ورژن جدید ایوانکس اور شاندار نیوی گیشنل معاونت سے لیس ہے۔ یہ ویپن سسٹم وسیع رینج پر اہداف کو انتہائی درستی کے ساتھ نشانہ لگانے کی صلاحیت کا حامل ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق تجربے کا مشاہدہ پاک فوج کے سینئر افسران کے ساتھ اسے تیار کرنے والے ادارے کے سائنسدانوں اور انجینئرز نے بھی کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور سروسز چیفس نے کامیاب تجربے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت نے سائنسدانوں، انجینئرز اور دیگر حکام کی تکنیکی صلاحیت، لگن اور عزم کو سراہا۔

بقیہ نمبر 5

تلاش کرنے کی کوشش کی، ملک کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا، کشمیر چوک کشمیر کے نام سے منسوب ہے، یہی شاہراہ ایک دن سری نگر تک پہنچے گی، کشمیریوں کو آزادی اور بنیادی حقوق ملیں گے۔ وہ منگل کو یہاں کشمیر چوک انڈر پاس کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، وزیر مملکت طلال چوہدری بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک کی ترقی اور معاشی استحکام کے لیے دن رات کوشاں ہے، ہم نے اڑھائی سال کی محنت سے ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا، ملکی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نین کہا کہ ایک طرف ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری ہے اور دوسری طرف بدقسمتی سے ایک بار پھر لانگ مارچ، دھرنے اور احتجاج کی بھیانک سیاست نمودار ہورہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے باہمی مشاورت سے طے کیا کہ پی ٹی آئی کی قیادت کے ساتھ بامعنی، بامقصد اور خلوص پر مبنی بات چیت کریں تاکہ لانگ مارچ، دھرنے اور احتجاج کی سیاست کا خاتمہ کریں اور مل بیٹھ کر مسائل کا حل تلاش کریں، حکومت اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ کمیٹی نے دو دن تک اسپیکر چیمبر میں ان سے بات چیت کی، امید کی کہ بات چیت کے مثبت نتائج نکلیں گے اور دھرنوں کی سیاست ڈائیلاگ سے ختم ہوگی، دونوں جماعتوں نے سنجیدگی سے پی ٹی آئی سے بات کی تاہم دوسری طرف سے طے شدہ مسودہ کو بار بار تبدیل کیا گیا جس سے ان کا مقصد واضح تھا کہ بات چیت کو کامیاب نہیں ہونے دینا۔ وزیراعظم نے دوٹوک طور پر کہا کہ دھرنے اور احتجاج کی سیاست سے ملکی معیشت نشانہ بنے گی، برآمدات، صنعتی پیداوار متاثر ہوگی جو ملک وقوم کا نقصان ہوگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہم نے اڑھائی سال میں اجتماعی کاوش سے ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا، ملک میں معاشی استحکام آیا، میکرو اکنامک استحکام بہت مشکل سے حاصل ہوا، کیا ترقی کے پہیے کو دوبارہ جام کرنا ملک دشمنی نہیں؟ کیا اس سے پاکستان کی عالمی ساکھ کو نقصان پہنچانا مقصود ہے، انہوں نے کہا کہ ستمبر میں گزشتہ سال ستمبر اور پورے سال کے مقابلہ میں برآمدات میں اضافہ ہوا، آئی ٹی برآمدات میں اضافہ ہوا، ترسیلات زر بڑھیں، ملکی پیداوار میں اضافہ ہوا، اس کو احتجاج اور دھرنوں سے نقصان پہنچانا ملک دشمنی ہے۔ وزیراعظم نے واضح کیا کہ عوام کی جان ومال کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا، ہماری معیشت میں بہتری کا اعتراف اغیار بھی کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی ہوش کے ناخن لے، وہ احتجاج اور لانگ مارچ کے اثرات پر غور کرے کہ اس سے قوم کو فائدہ ہوگا یا نقصان پہنچے گا۔ انہوں نے پی ٹی آئی سے کہا کہ وہ احتجاج اور دھرنے سے ملک کو پہنچنے والے نقصان کا ادراک کرتے ہوئے لانگ مارچ ختم کرے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بات چیت کرکے مسائل کا حل نکالے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہر پاکستانی کی یہی خواہش ہے کہ امانت اور دیانت سے ملک ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہو۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ آج کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا گیا ہے، وزیرداخلہ نے اس کی تکمیل ایک ماہ میں کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے جس پر وزیر داخلہ اور ان کی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر چوک کشمیر کے نام سے منسوب ہے، یہی شاہراہ ایک دن سری نگر تک پہنچے گی، کشمیریوں کو آزادی اور بنیادی حقوق ملیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ترقیاتی منصوبوں کا مقصد عوام کو سفری سہولیات بہم پہنچانا ہوتا ہے، کشادہ سڑکوں اور بلارکاوٹ سفری سہولیات سے وقت کی بچت اور منزل پر بروقت پہنچنے میں معاون ہوتی ہیں، اس سے ملک کی سماجی اور معاشی ترقی کا سفر تیز ہوتا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ سینیٹر محسن نقوی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شنگھائی

تعاون تنظیم (ایس سی او) کانفرنس سے قبل وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو ایک جدید، مختلف اور مثالی خوبصورت شہر میں تبدیل کرنے کا وژن دیا ہے۔ کانفرنس کے انعقاد میں ایک سال سے بھی کم وقت رہ گیا ہے، لہذا تمام ترقیاتی منصوبوں کو دن رات کام کرکے مقررہ مدت کے اندر پایہ تکمیل تک پہنچایا جارہا ہے تاکہ پاکستان آنے والے غیر ملکی معزز مہمانوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جاسکیں اور ملک کا مثبت تشخص اجاگر ہو۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ وزیراعظم نے خصوصی ٹاسک سونپا ہے کہ کشمیر چوک انڈر پاس سمیت اہم ٹریفک اور انفراسٹرکچر منصوبے ایس سی او کانفرنس کے انعقاد سے قبل ہر صورت مکمل کیے جائیں۔ اس نئے انڈر پاس اور ایکسپریس وے کی سروس لینز کی تکمیل سے راولپنڈی اور اسلام آباد کے جڑواں شہروں کے مسافروں کو روزمرہ نقل وحرکت میں نمایاں سہولت ملے گی اور دونوں شہروں کے درمیان سفر کا دورانیہ کم ہوکر صرف 16 سے 18 منٹ رہ جائے گا۔ محسن نقوی نے دارالحکومت کے ماحول اور سیاحت کے حوالے سے اہم اعلانات کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کے ایف نائن پارک کو بین الاقوامی معیار کے جدید تفریحی مرکز میں ڈھالا جارہا ہے، اس کے علاوہ دارالحکومت میں ایشیا کا سب سے بڑا سفاری پارک بنانے کی بھی منصوبہ بندی کی گئی ہے، جو ماحولیاتی اور تفریحی شعبے میں ایک بڑا سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے مزید واضح کیا کہ ماحولیاتی تحفظ اور شہر کو سرسبز وصاف ستھرا رکھنے کی حکومتی پالیسی کے تحت 31 دسمبر تک اسلام آباد کو مکمل طور پر پلاسٹک فری سٹی بنانے کے ہدف پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا۔ اس کے علاوہ ایک دوسرا منصوبہ اسلام آباد کو کیش لیس کرنا ہے۔ ان دونوں منصوبوں کی نگرانی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کر رہے ہیں۔ قبل ازیں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا، یہ منصوبہ 1 ارب 45 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک ماہ میں مکمل ہوگا۔ اس موقع پر وزیراعظم کو کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے بارے بریفنگ دی گئی۔ منصوبے کے تحت یہاں تین رویہ انڈر پاس تعمیر ہوگا۔ اس منصوبے کی تکمیل سے سے فیض آباد، بہارہ کہو، مری، آزاد کشمیر کی ٹریفک بغیر کسی رکاوٹ کے رواں دواں رہے گی

بقیہ نمبر 6

قتصادی تعاون پروگرام میں شرکت کے لیے منگولیا کے دورے پر ہیں، نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کو سیاسی مفاہمت کو قابل عمل منصوبوں اور ٹھوس معاشی نتائج میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ازبکستان، افغانستان، پاکستان ریلوے منصوبہ وسطی ایشیا کی منڈیوں کو پاکستان کی بندرگاہوں سے ملانے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے ریلوے منصوبے کی فزیبلٹی سٹڈی جلد مکمل کرنے، کثیر ملکی اور دوطرفہ مالی معاونت کے ذرائع کی نشاندہی اور منصوبے پر عملدرآمد کیلئے واضح لائحہ عمل وضع کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان مشترکہ مالی معاونت کے لیے رابطہ کاری کا طریقہ کار قائم کرنے کی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ اس کے ذریعے ترجیحی علاقائی منصوبوں کے لیے بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ترقیاتی شراکت داروں سے مشترکہ طور پر مالی معاونت حاصل کی جاسکتی ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ازبکستان، افغانستان، پاکستان ریلوے منصوبے کو محض ریلوے منصوبے کے طور پر نہیں بلکہ ایک مربوط معاشی راہداری کے طور پر ترقی دی جانی چاہیے، جس میں ریلوے، شاہراہیں، رسد کے نظام، بندرگاہیں اور صنعتی مراکز باہم منسلک ہوں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کو سرمایہ کاری پر مبنی تجارت اور مشترکہ کاروباری منصوبوں کو فروغ دینا چاہیے، بالخصوص ٹیکسٹائل، ادویہ سازی، زراعت، معدنیات، انجینئرنگ اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان معاشی تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور موجودہ معاہدوں کو واضح مدت اور مالی معاونت کے انتظامات کے ساتھ ٹھوس منصوبوں میں تبدیل کرنے کی اہمیت پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ گوادر بندرگاہ ازبکستان اور وسطی ایشیا علاقائی اقتصادی تعاون پروگرام کے ممالک کیلئے اہم تجارتی راہداری بن سکتی ہے جبکہ پاکستان اور ازبکستان کسٹمز نظام میں ہم آہنگی اور معیاری طریقہ کار کے لیے تعاون بڑھا سکتے ہیں۔ انہوں نے مشترکہ سیاحتی پروگرام، طلبہ واساتذہ کے تبادلے اور روسی زبان کی تعلیم کے فروغ پر بھی زور دیا تاکہ پاکستانی طلبہ اور تعلیمی اداروں کے لیے روس اور وسطی ایشیا میں نئے مواقع پیدا ہوں۔

بقیہ نمبر 7

ستور سخت اور موثر ہے۔ ہیگسیتھ نے کہا کہ ایران کو درست فیصلہ کرنا اور اپنا راستہ تبدیل کرنا ہوگا۔ امریکی وزیر جنگ نے زور دے کر کہا کہ ایران کے خلاف کارروائی ماضی کی جنگوں جیسی نہیں اور یہ لامتناہی طور پر جاری نہیں رہے گی۔

بقیہ نمبر 8

، پی ٹی آئی مطالبات کیلئے واضح مینڈیٹ کے ساتھ مذاکرات کرے۔ سعد رفیق نے کہا کہ سیاسی اختلافات کو ملک میں تقسیم کا سبب نہیں بننا چاہیے، دہشت گردی سے شہری متاثر ہیں، موجودہ حالات میں اتحاد ضروری ہے، بلدیاتی نمائندوں کو صرف عہدے نہیں مکمل اختیارات بھی دینا ہوں گے، میئر، ناظم اور کونسلرز کو اپنے علاقوں میں کام کا اختیار ہو۔ انہوں ں ے کہا کہ صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، صوبوں کی تقسیم سے پہلے ایسی پارلیمنٹ ضروری ہے، جس پر سوال نہ اٹھے۔

بقیہ نمبر 9

ہے۔ منگل کو اپوزیشن کے وفد کی سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات ہوئی، اپوزیشن کے وفد میں علامہ راجا ناصر عباس، اسد قیصر، اخونزادہ حسین یوسف زئی سمیت دیگر رہنما شریک ہوئے، جے یو آئی کی جانب سے سینئر کامران مرتضیٰ سمیت دیگر قائدین بھی شریک تھے۔ ملاقات کے اپوزیشن رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں سے مختصر ملاقات ہوئی، ملک کی سیاسی صورتحال عدم توازن کا شکار ہے جبکہ حکومت کا حزب اختلاف کے ساتھ رویہ بھی ہمارے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات سیاسی لب ولہجے میں ہونے چاہئیں اور پس پردہ قوتوں کی مداخلت کے بغیر بات چیت آگے بڑھنی چاہیے۔ سربراہ جے یو آئی ف نے کہا کہ مذاکرات کچھ لینے اور کچھ دینے کی بنیاد پر ہی نتیجہ خیز ہوسکتے ہیں، حکومت کی جانب سے آل پارٹیز کانفرنس کی تجویز دی گئی ہے، جس پر وہ اپنی جماعت سے مشاورت کریں گے، اپوزیشن جماعتوں کو بھی اس تجویز پر تفصیلی غور کرنا چاہیے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ آل پارٹیز کانفرنس ہوئی تو تمام جماعتوں کی مشاورت سے مشترکہ ایجنڈا اور لائحہ عمل سامنے آنا چاہیے تاکہ ملک میں سیاسی معاملات میں میانہ روی پیدا ہو اور قومی مسائل کو مذاکرات کے ذریعے حل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب برابر کے پاکستانی ہیں، کسی کی وفاداری مشکوک قرار نہیں دی جاسکتی، ہم آئین اور ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں اور ملک کے مفاد میں آگے بڑھیں گے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ لانگ مارچ اور احتجاج سیاسی وجمہوری حق ہے، اگر پاکستان تحریک انصاف اسلام آباد آنا چاہتی ہے تو اصولی طور پر اسے اجازت ہونی چاہیے۔ دوسری جانب اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ ملکی معاشی اور امن وامان کی صورتحال بہتر نہیں ہے، سیاستدان مسائل کا حل نکالتے ہیں، ہم نے مولانا فضل الرحمان کو آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی ہے، مولانا صاحب کی طرح ہم بھی ایک متفقہ ایجنڈے کے متقاضی ہیں۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ ہم سب پاکستان کے بیٹے ہیں، وطن کی مشکلات سے لاتعلق نہیں رہ سکتے، جو ایجنڈا مشاورت سے بنے گا اس میں پورے پاکستان کے مسائل کا حل ہوگا، ہم سب مل کر مشترکہ سیاسی جدوجہد کریں گے، جہاں سیاسی عمل روک دیا جائے وہاں انتہا پسند رویے پروان چڑھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا صاحب نے کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کو مسترد کردیا ہے، مولانا کے مطابق کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی مسائل کا حل نہیں

بقیہ نمبر 10

شعبوں میں 86 اقدامات کی نشاندہی کی گئی تھی جن میں سے 65 مکمل، 8 پر کام جاری جبکہ 13 اقدامات پر مزید توجہ درکار ہے، عدالتی اصلاحات کا بنیادی مقصد بہتر انصاف کی فراہمی ہے، آزاد عدلیہ کے ساتھ ادارے کی اپنی کارکردگی کا جائزہ، خامیوں کی نشاندہی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی بھی ضروری ہے۔ پیر کو نئے عدالتی سال کے آغاز کے موقع پر فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس نے کہا کہ عدالتی اصلاحات کا بنیادی مقصد بہتر انصاف کی فراہمی ہے، آزاد عدلیہ کے ساتھ ادارے کی اپنی کارکردگی کا جائزہ، خامیوں کی نشاندہی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال عدالتی اصلاحات کے پانچ بنیادی ستون متعین کیے گئے تھے

بقیہ نمبر 11

زیر داخلہ محسن نقوی نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی طرف سے جاری دہشت گردی کے خلاف پاکستانی عوام اور سکیورٹی ادارے فولادی دیوار کی طرح کھڑے ہیں، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی۔ ڈی پی او کے مطابق ایف بی آر کے چار اہلکاروں اور ایک ٹریفک پولیس اہلکار کو دوران ڈیوٹی نشانہ بنایا گیا، ایک پولیس اہلکار شدید زخمی ہوا۔ ڈیرہ کے نواح میں واقع ابھایاپل کے قریب مسلح افراد نے ایف بی آر اہلکاروں کو دوران ڈیوٹی نشانہ بنایا، فائرنگ کے نتیجے میں ایف بی آر کے 4 اہلکار شہید ہوگئے۔ ڈی پی او کے مطابق شہید ہونے والے اہلکاروں میں 2 ایف بی آر کے مستقل ملازم اور 2 کنٹریکٹ ملازم تھے۔ دوسرے واقعے میں بنوں روڈ پر مفتی محمود چوک کے قریب نامعلوم افراد نے ٹریفک پولیس کی موبائل پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک اہلکار محمد حبیب شہید اور ایک زخمی ہوگیا۔ دونوں واقعات کے بعد ڈی آئی خان شہر اور گردونواح میں سکیورٹی سخت کردی گئی ہے واقعہ کے بعد لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا۔ دریں اثناء صدر مملکت آصف علی زرداری نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی طرف سے جاری دہشت گردی کے خلاف پاکستانی عوام اور سکیورٹی ادارے فولادی دیوار کی طرح کھڑے ہیں۔ صدر مملکت نے ڈیرہ اسماعیل خان میں فائرنگ کے واقعات میں ٹریفک اہلکار اور کسٹمز اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی طرف سے جاری دہشت گردی کے خلاف پاکستانی عوام اور سکیورٹی ادارے فولادی دیوار کی طرح کھڑے ہیں، پاکستانی عوام اس جدوجہد کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے شہید اہلکاروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے دہشت گردی کے واقعات میں زخمی ہونے والے اہلکار کی جلد صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چار کسٹم اور ایک ٹریفک اہلکار کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات باعث تشویش ہیں۔ وزیراعظم نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے چار کسٹم اہلکار اور ایک ٹریفک اہلکار کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈیرہ اسماعیل خان میں کسٹم اور ٹریفک پولیس کے اہلکاروں پر نامعلوم شرپسندوں کی فائرنگ کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے 5 اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ محسن نقوی نے شہید ہونے والے اہلکاروں کے بلندی درجات کے لیے دعا کی اور سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس کڑے اور غمزدہ وقت میں ہم شہید اہلکاروں کے اہل خانہ کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی کے ناسور سے سب سے زیادہ متاثرہ صوبہ رہا ہے جہاں فورسز اور عوام نے امن کی خاطر لازوال قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ بزدلانہ کارروائیوں اور تخریب کاری کے ذریعے دہشت گردی کے خلاف ریاست اور قوم کے پختہ عزم کو متزلزل یا کمزور نہیں کیا جاسکتا، ملک دشمن عناصر کا مکمل خاتمہ کرکے دم لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 12

چلانا پڑا تو حکومت اپنے بجٹ سے 400 سے 500 ارب روپے کم کر کے عوام پر خرچ کرے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے موٹر سائیکلوں اور چھوٹی گاڑیوں کے لئے پیٹرول کی قیمت میں 100 روپے فی لیٹر تک کمی کی ہے، اب تک 60 لاکھ سے زائد افراد اپنی موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں رجسٹر کرا چکے ہیں، تقریباً 60 لاکھ افراد کے پاس 20 سال پرانی موٹر سائیکلیں ہیں۔ علی پرویز ملک نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کو عوام کی مشکلات اور تکلیف کا احساس ہے، حکومت وہ کام نہیں کرے گی جو 2022 میں سابق حکومت نے کیا تھا۔

بقیہ نمبر 13

کے ساتھ کھڑا ہے۔ بدھ کو ایکس پر اپنے ایک بیان میں نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اس اقدام کی شدید مذمت کرتا ہے، یہ اقدام سعودی عرب کی علاقائی خودمختاری اور سالمیت کی خلاف ورزی ہے جبکہ اس سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے مذہبی جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ یہ اقدام علاقائی امن اور سلامتی کیلئے بھی خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حرمین شریفین کے تقدس وسلامتی اور زائرین، شہریوں اور رہائشیوں کے تحفظ کے لئے سعودی عرب کے عوام اور اس کی قیادت کے ساتھ کھڑا ہے

بقیہ نمبر 14

مذاکرات بدھ سے شروع ہوگئے ہیں جس کی کامیابی پر 1.2 ارب ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام کے تحت اقتصادی جائزے کے لیے آئی ایم ایف کا وفد پاکستان پہنچ گیا، قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے لیے مذاکرات 2 ہفتے جاری رہیں گے اور کامیابی کی صورت میں پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن اسٹیٹ بینک حکام کے ساتھ مذاکرات کا آغاز کرے گا۔ پہلے مرحلے میں اسٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی مذاکرات کیے جائیں گے جس میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، بنیادی شرح سود اور ایکسچینج ریٹ پر بات ہوگی جبکہ اسٹیٹ بینک حکام آئی ایم ایف وفد کو معاشی کارکردگی پر بریفنگ دیں گے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے زرمبادلہ کے ذخائر 17 ارب ڈالر سے زیادہ رکھنے کا ہدف حاصل کرلیا ہے۔ آئی ایم ایف وفد کو براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافے سے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ عالمی مالیاتی ادارے کے مشن کو یورو بانڈ کے کامیاب اجرا اور بیرونی ذرائع سے حاصل ہونے والی رقوم پر بھی بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف وفد اسٹیٹ بینک سے مذاکرات کے بعد 25 ستمبر کو اسلام آباد روانہ ہوگا، جہاں وزارت خزانہ، نجکاری، توانائی اور ایف بی آر کے ساتھ مذاکرات کیے جائیں گے۔ قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے لیے بات چیت 2 ہفتے جاری رہے گی، جبکہ عالمی مالیاتی ادارے کے مشن کو جون تک کی معاشی سرگرمیوں پر بریفنگ دی جائے گی۔ آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹرکچرل بینچ مارکس کے تحت اہداف پر بھی بات ہوگی، جبکہ پاکستان معاشی اصلاحات کے اہداف پر عالمی مالیاتی ادارے سے مذاکرات کرے گا، مذاکرات کے دوران توانائی کے شعبے میں اصلاحات کے ساتھ بجلی اور گیس کے شعبوں کے سرکلر ڈیٹ سے متعلق اہداف بھی زیر بحث آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو مجموعی طور پر 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے، جس میں ای ایف ایف کی قسط کے تحت تقریباً ایک ارب ڈالر ملنے کی توقع ہے۔ علاوہ ازیں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے پاکستان کو مزید 20 کروڑ ڈالر ملنے کا بھی امکان ہے۔

بقیہ نمبر 15

ن اور لیبیا کے دوستانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور تجارتی، تعلیمی و کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی و عالمی صورت حال، مشرق وسطی میں بدلتی صورت حال، علاقائی امن، توانائی کی فراہمی اور عالمی معیشت پر تبادلہ خیال کیا جبکہ ترقی پذیر ممالک پر مشرق وسطی کی صورت حال کے اثرات بھی زیر بحث آئے۔ لیبیا کے قائم مقام وزیر خارجہ نے علاقائی امن واستحکام کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ علاقائی چیلنجز کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہے، تمام فریق علاقائی استحکام کے لیے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی طرف واپس آئیں۔

بقیہ نمبر 16

لی صورت حال کو بعض حلقوں کی جانب سے بڑھا چڑھا کر پیش کیا جارہا ہے، مطالبات کی ایک بڑی تعداد پہلے ہی تسلیم کی جاچکی ہے اور باقی معاملات بھی بات چیت، افہام وتفہیم اور سیاسی عمل کے ذریعے حل کیے جاسکتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے حالات کو بیرون ملک جس انداز میں پیش کیا جارہا ہے، مقامی سطح پر صورت حال اس سے مختلف ہے اور نئی حکومت کے قیام کے بعد معاملات بتدریج بہتری کی طرف جائیں گے۔ آزاد کشمیر میں حالیہ احتجاج اور جانی نقصان کے حوالے سے بیرون ملک مقیم کشمیریوں میں پائی جانے والی ناراضی سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ بعض معاملات کو بیرون ملک بہت زیادہ بڑھا کر پیش کیا جاتا ہے، جبکہ مقامی سطح پر صورت حال ایسی نہیں جیسی بعض حلقے بیان کررہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ گھر کی بات ہے، اختلافات اور تلخیاں پیدا ہوسکتی ہیں، مگر ان کا حل گھر کے اندر ہی نکالا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں نئی حکومت آچکی ہے اور انہیں توقع ہے کہ معاملات بہتر سمت میں آگے بڑھیں گے۔ انہوں نے بیرون ملک مقیم کشمیریوں سے اپیل کی کہ وہ موجودہ صورتِ حال کو جذبات کے بجائے عقل اور حقیقت پسندانہ بنیادوں پر دیکھیں۔ رانا محمد قاسم نون نے کہا کہ کشمیری پاکستان کے بھائی ہیں، پاکستانیت اور کشمیریت ایک دوسرے سے جدا نہیں اور کشمیر پاکستان کے وجود کا حصہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جس طرح کسی گھر میں باپ بیٹے کے درمیان اختلاف ہوسکتا ہے، اسی طرح سیاسی اور انتظامی معاملات میں تلخی پیدا ہوسکتی ہے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ بنیادی تعلق ختم ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر پاکستان کے لیے ایک بنیادی اور نامکمل قومی ایجنڈا ہے اور ان کے بقول جب تک کشمیر کا مسئلہ حل نہیں ہوتا، جنوبی ایشیا میں مستقل امن اور استحکام ممکن نہیں۔ رانا قاسم نون نے کہا کہ پاکستان نے کشمیر کے معاملے پر ہمیشہ سیاسی، اخلاقی اور سفارتی سطح پر کشمیریوں کی حمایت کی ہے اور آئندہ بھی یہ حمایت جاری رہے گی۔ عوامی ایکشن کمیٹی کے مطالبات اور حالیہ صورتِ حال کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ان کے مطابق مجموعی طور پر بڑی تعداد میں مطالبات سامنے آئے تھے جن میں سے بیشتر تسلیم کیے جاچکے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ کچھ عناصر اس معاملے کو ضرورت سے زیادہ ہوا دے رہے ہیں اور بیرونی سطح پر بھی اس صورتِ حال کو پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ان کے بقول پاکستان کا مخالف ملک آزاد کشمیر کے داخلی معاملات کو اپنے مفادات کے لیے exploit کرنے کی کوشش کررہا ہے۔ رانا محمد قاسم نون نے کہا کہ آزاد کشمیر کے معاملات اور بھارت کے زیر انتظام جموں وکشمیر کی صورتِ حال کا آپس میں موازنہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے زیر انتظام کشمیر میں بڑی تعداد میں فوج تعینات ہے اور وہاں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے حوالے سے دنیا آگاہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کا تنازع جب تک حل نہیں ہوگا، جنوبی ایشیا میں پائیدار امن قائم نہیں ہوسکتا۔ پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات سے متعلق سوال پر رانا محمد قاسم نون نے کہا کہ سیاسی مسائل کا حل بات چیت میں ہے۔ انہوں نے کہا، ڈائیلاگ ہونے چاہئیں، ایشوز کو ریزولو ہونا چاہیے، ڈائیلاگ ہی واحد حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے اندر سیاسی اختلافات ہوں یا آزاد کشمیر کے معاملات، دونوں صورتوں میں محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات، افہام وتفہیم اور سیاسی عمل کو ترجیح دی جانی چاہیے۔

بقیہ نمبر 17

ist Figure چوتھی صدی عیسوی سے تعلق رکھتی ہے جبکہ پینٹیس Terracotta Fertility Figures ہیں جو کہ دو ہزار سات سو سے تین ہزار قبل مسیح سے تعلق رکھتی ہیں۔ قونصل جنرل نے کہا کہ چرائی گئی نوادرات کی قانونی واپسی مستقبل کی نسلوں کو تہذیب سے آگاہی کا موقع دے گی۔

بقیہ نمبر 18

ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے مطابق تمام موبائل آپریٹرز کو موبائل ٹاورز پر چوری اور توڑ پھوڑ کے واقعات کی بروقت ایف آئی آر درج کرانے کی ہدایت کردی گئی ہے، جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مقدمات کی مؤثر پیروی اور منطقی انجام تک پہنچانے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔ موبائل ٹاورز اور انٹرنیٹ سے متعلق مسائل کے حل کے لیے وزارت قانون، پی ٹی اے اور وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے درمیان مشاورت جاری ہے، جبکہ ٹیلی کام کمپنیوں سے بھی مسائل کے حل کے لیے تجاویز طلب کی گئی ہیں۔ پی ٹی اے کے مطابق ٹیلی کام سائٹس کے لیے خصوصی بجلی کے ٹاورز اور اسمارٹ گرڈ نظام پر کام شروع کردیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں نیپرا، پاور ڈویژن اور بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں سے ٹیلی کام سائٹس کو صنعتی بجلی کے نرخوں پر فراہمی کے لیے مذاکرات جاری ہیں۔ ٹیلی کام سائٹس پر لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لیے سیکریٹری وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کی سربراہی میں کمیٹی قائم کردی گئی ہے، جو ایکسپریس فیڈرز اور اسمارٹ ٹرانسفارمرز کے ذریعے موبائل ٹاورز کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کے اقدامات کرے گی

بقیہ نمبر 19

رہا ہے، فوجی شہدا کی بات تو رہنے دیں، کیا کسی ایک سویلین شہید کے گھر بھی فاتحہ کے لیے گئے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی بانی پی ٹی آئی لے کر آئے، اسمبلی کی تقاریر اور میڈیا کا ریکارڈ اس بات کا گواہ ہے، ٹی وی پر ان سے اس معاملے پر مناظرہ بھی کیا جاسکتا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ مرکز سے اقتدار جانے کے بعد خیبر پختونخوا کے ہروز یراعلی نے وفاق پر حملہ کیا، جبکہ 9 مئی اس کے علاوہ ہے، ان کا الزام تھا کہ خیبر پختونخوا کی قیادت سرکار کا مال خود بھی لوٹتی ہے اور دہشت گردوں کو بھتے کی صورت میں حصہ دیتی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ آپ دہشت گردوں کے پارٹنر ہیں اور خیبر پختونخوا میں بہنے والے خون سے آپ کے ہاتھ بھی رنگے ہیں، قوم بھی آپ سے حساب لے گی اور خدا بھی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ اسلام آباد ہمارے وطن کی وحدت اور وفاق کی علامت ہے، جبکہ یہ 25 کروڑ پاکستانیوں کی شناخت ہے، شہدا اپنے مقدس خون سے اس کی آبیاری کرتے ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان نے ایک سال قبل اپنے ازلی دشمن کا غرور مٹی میں ملایا، جبکہ پاکستانی عوام اور بہادر افواج اندرونی وبیرونی دشمنوں سے ٹکرانے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 20

قاد عالمگیر، ڈاکٹر عارف خان، ڈاکٹر اختر علی بندیشہ اور ڈاکٹر علی عارف میڈیکل ٹیم کا حصہ تھے۔ رپورٹ کے مطابق میڈیکل بورڈ نے بانی پی ٹی آئی کا ایزائی لیول تھری پلس قرار دیا تھا، میڈیکل بورڈ نے بلڈ پریشر اور ایزائی لیول کنٹرول کرنے کے لیے روزانہ ایک گھنٹہ واک کی سفارش کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو فیملی سے ملاقات، اخبار، ٹی وی اور کتابیں فراہم کرنے کی بھی سفارش کی گئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق میڈیکل بورڈ نے بانی کی اہلیہ سے ملاقاتوں میں اضافے کی سفارش بھی کی تھی، ڈاکٹر فرقاد عالمگیر کا نام بانی پی ٹی آئی کے علاج کے لیے حالیہ مذاکراتی عمل میں بھی سامنے آیا۔ رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنہ کے لیے میڈیکل بورڈ وفاقی حکومت نے تشکیل دیا تھا۔

بقیہ نمبر 21

کہا ہے کہ دنیا کی تقریباً 900 بندرگاہوں کی درجہ بندی میں پاکستان 34 ویں نمبر پر آگیا ہے جبکہ کراچی پورٹ کی عالمی بحری رابطہ کاری میں بھی نمایاں بہتری آئی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی پورٹ کا پورٹ لائنر شپنگ کنیکٹیویٹی انڈیکس اسکور 343 تک پہنچ گیا ہے، جو عالمی تجارت سے پاکستان کے مضبوط بحری انضمام کی عکاسی کرتا ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ بہتر بحری رابطہ کاری سے پاکستانی برآمد کنندگان کے لیے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور ملک کی عالمی تجارتی پوزیشن مزید مستحکم ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بندرگاہوں کی ترقی اور تجارتی سہولت کاری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اس سلسلے میں بحری شعبے میں بہتری کے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 22

انتظامی یونٹس اور صوبوں کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے۔ عائشہ منزل پر ایم کیو ایم پاکستان ڈسٹرکٹ سینٹرل کے استقبالیہ کیمپ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے اعلان کیا کہ اتوار کو عائشہ منزل سے مزار قائد تک تاریخی ''قومی ریلی'' نکالی جائے گی، جس کا مقصد عوام کے حقوق اور نئے انتظامی یونٹس وصوبوں کے قیام کے لیے جدوجہد کرنا ہے۔ ان کے ہمراہ سینئر رہنما نسرین جلیل، اراکین سندھ اسمبلی جاوید حنیف، خواجہ اظہار الحسن اور دیگر مرکزی رہنما بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان اپنی آزادی کے 80 ویں سال میں داخل ہو رہا ہے، تاہم ملک بالخصوص سندھ میں بدترین کرپشن، بدانتظامی اور وڈیرانہ تسلط نے عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے۔ گزشتہ 18 سال سے عوام بااختیار بلدیاتی نظام، تعلیم، صحت اور روزگار کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 140 اے کی مسلسل خلاف ورزی کی جارہی ہے، جبکہ شہری اداروں، تھانوں اور ڈپٹی کمشنر دفاتر تک کو مبینہ طور پر فروخت کیے جانے کی باتیں سامنے آتی رہی ہیں۔ ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ جب حکمرانی کا نظام ناکام ہوجائے تو اختیارات اور اقتدار نچلی سطح پر منتقل کرنا ناگزیر ہوجاتا ہے، اسی لیے ایم کیو ایم ''تمہارا بھی صوبہ، ہمارا بھی صوبہ'' کے منشور کے تحت نئے انتظامی یونٹس کے قیام کی بات کررہی ہے۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ عوام کو اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا ہوگی۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے تمام زبانیں بولنے والے شہریوں، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ اتوار کی قومی ریلی میں بڑی تعداد میں شرکت کریں۔

بقیہ نمبر 23

نب سے صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے یہ اقدام شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بہتر ماحول کی فراہمی کے عزم کا اظہار ہے۔ ان کی ہدایت پر شہر میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ شہریوں کے روزمرہ مسائل اور بنیادی ضروریات پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے شہر حب میں صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے سے گلی محلوں میں کچرے کو منظم انداز میں جمع کرنے اور بروقت اٹھانے میں مدد ملے گی، جس سے شہری ماحول کو صاف رکھنے اور عوام کو صحت مند ماحول فراہم کرنے میں بہتری آئے گی میر علی حسن زہری کی عوامی خدمت کا دائرہ صرف بڑے ترقیاتی منصوبوں تک محدود نہیں بلکہ شہریوں کو درپیش بنیادی مسائل کے حل تک وسیع ہے۔ صفائی، سیوریج، سڑکوں، پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات اسی عوامی خدمت کے تسلسل کا حصہ ہیں۔ میر علی حسن زہری کی ہدایت پر گاربیج کنٹینرز کی فراہمی کا یہ سلسلہ حب کو ایک صاف، منظم اور خوبصورت شہر بنانے کی جانب ایک عملی قدم ہے۔ صاف شہر، صحت مند معاشرہ اور بہتر شہری سہولیات کسی بھی ترقی یافتہ معاشرے کی بنیادی ضرورت ہیں اور حب میں ان سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات جاری رکھنا خوش آئند امر ہے شہری حلقوں کی جانب سے بھی اس اقدام کو سراہا جارہا ہے اور امید ظاہر کی جارہی ہے کہ آنے والے دنوں میں صفائی کے نظام کو مزید وسعت دی جائے گی، تاکہ شہر کے مختلف علاقوں میں کچرے کے مسائل پر مؤثر انداز میں قابو پایا جاسکے اس موقع پر چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی، وائس چیئرمین محمد عظیم سیاں، میر علی حسن زہری کے ترجمان منور علی خاصخیلی، پیپلز یوتھ ونگ کے صدر اسحاق ریکی، کونسلر وہاب رند، ممتاز لہڑی سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے اس موقع پر موجود معززین نے شہر میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے گاربیج کنٹینرز کی فراہمی کے اقدام کو اہم قرار دیا اور کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کے لیے ایسے عملی اقدامات کا تسلسل ضروری ہے

بقیہ نمبر 24

سے تعلق رکھتی ہو آج اپنی عوام قوم کی سرحدوں کے تحفظ کیلئے سب کو اکٹھا ہونا پڑے گا، ہمیں بطور قوم ملکی قیادت کے پیچھے کھڑا ہونا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ میرے منہ میں خاک آج اتنی فکر ہے کہ کہیں ہم اپنی چھوٹی سیاست کیلئے کہیں ملک وریاست کو کوئی ایسا نقصان نہ پہنچا دیں جس سے اگلی نسل کے آگے شرمندہ ہونا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے افسران اور جوان دہشتگردی کا مقابلہ کررہے ہیں اور شہادتیں دے رہے ہیں، ان کی قربانیوں کو مقدم کرکے عسکری قیادت کے ساتھ مل کر ملک کو آگے لے کر بڑھائیں، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے تہیہ کررکھا ہے پاکستان کو ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھنے کے لئے جس حد تک ریاست کو قدم اٹھانے پڑے ہم ملکی وقار کیلئے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ قوم کو آج خطے کی جنگ سے چیلنجز درپیش ہیں اس سے تحفظ دینے کے لئے بھی ذمہ دارانہ انداز میں جو گنجائش نکال سکیں وہ نکالیں گے، حکومت کی طرف سے یقین دہانی کراتا ہوں کہ مشکل ترین حالات میں جب وحیثیت سے بڑھ کر عام آدمی کے تحفظ کے لئے جو قدم اٹھانا پڑا اٹھائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشتگردی نے بھی خطے کو لپیٹ میں لیا ہوا ہے، حوثیوں نے ریاض کے پاس تیل کی تنصیبات پر حملہ کیا ہے، یمن باب المندب پر کشتیوں کی گزرگاہ پر رکاوٹ ڈالنے کے لئے کارروائی کی گئی، مکہ معاہدہ کرنے والے شراکت دار پاکستان نہ صرف ان اقدامات کی بلندترین آواز میں مذمت کرتا ہے بلکہ ترکیہ کے ساتھ مل کر سعودی عرب کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے اگلے ہفتے سعودی عرب جانے کی ذمہ داری سونپی ہے سعودی توانائی کے وزیر سے ملاقات کرکے ان کا شکریہ ادا کروں گا۔

بقیہ نمبر 25

ہات کے باعث تفصیلات فراہم کرنے سے گریز کیا تاہم انہوں نے بتایا کہ یہ معاہدہ بغیر پائلٹ فضائی نظام (Unmanned Aerial Systems) سے متعلق ہے۔ خبررساں ایجنسی کے مطابق فوجی اور صنعتی استعمال کے لیے فضائی اور بحری ڈرونز فراہم کرنے والی کمپنی پاورس جلد ہی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دو بیٹوں کی حمایت یافتہ ایک پبلک ٹریڈڈ کمپنی اوریس گرین وے ہولڈنگز کے ساتھ ضم ہونے والی ہے۔ دونوں کمپنیوں نے کہا ہے کہ انہیں توقع ہے کہ یہ انضمام اکتوبر کے اوائل میں مکمل ہو جائے گا۔ امریکی ریگولیٹری دستاویزات کے مطابق ٹرمپ کے بیٹے ڈونلڈ ٹرمپ جونیئر اور ایرک ٹرمپ امریکن وینچر زنامی سرمایہ کاری فنڈ کے ذریعے اوریس میں حصہ داری رکھتے ہیں۔ پاورس کے بانی اور چیف ایگزیکٹو اینڈریو فاکس نے کہا کہ پاکستان کا نجی دفاعی شعبہ ابھر رہا ہے لیکن ابھی تک پختہ نہیں ہوا ہے جس کی وجہ سے امریکی کمپنیوں کے لیے اس مارکیٹ میں تیزی سے آگے بڑھنے کی گنجائش موجود ہے۔ بریٹ ویلیکوچ نے کہا کہ ان کا ہدف امریکا کی بہترین ٹیکنالوجی کو پاکستان کی بہترین ٹیکنالوجی کے ساتھ جوڑنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاورس پاکستان میں ممکنہ طور پر ٹیکنالوجی تیار کرنے کے طریقوں کا جائزہ لے رہی ہے۔ اینڈریو فاکس نے ان قیاس آرائیوں کو مسترد کردیا کہ کمپنی کی ترقی ٹرمپ کے بیٹوں کی شمولیت سے منسلک ہے، تمام ٹھیکے خالصتاً میرٹ پر دیے گئے ہیں اور ٹرمپ خاندان کا کمپنی کے کاروباری معاملات میں کوئی عمل دخل نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 26

جس میں علاقے کی صورتحال اور مقامی مسائل پر تفصیلی بریفنگ لی گئی۔ نواز شریف کو موٹروے سمیت ناران کے قدرتی حسن کو پہنچنے والے نقصان، سڑکوں کی خراب صورتحال اور دیگر مسائل سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر نواز شریف نے ناران کے مسائل کے حل کے لیے وزیراعظم شہباز شریف سے بات کرنے کا اعلان کیا۔

بقیہ نمبر 27

ام اٹھاتے ہوئے ایک مخصوص واٹس ایپ گروپ تشکیل دیا گیا ہے۔ اس گروپ کو بنانے کا بنیادی مقصد روزانہ کی بنیاد پر پرنٹ ہونے والے اخبارات کی تصاویر کو باقاعدگی سے شیئر کرنا اور اس امر کو یقینی بنانا ہے کہ کون سے اخبارات واقعی باقاعدہ طور پر پرنٹ ہو رہے ہیں۔ اس اقدام سے نہ صرف اخبارات کی حق تلفی کا خاتمہ ہوتا ہے بلکہ اس بات کی بھی مکمل مانیٹرنگ کی جاتی ہے کہ آیا ریجنل اور نیشنل اخبارات روزانہ کی بنیاد پر شائع ہو رہے ہیں یا نہیں۔ گروپ کے تحت روزانہ کی بنیاد پر پرنٹ شدہ اخبار کی تصویر لازمی شیئر کی جاتی ہے، جس سے غیر مطبوعہ اخبارات سے متعلق میڈیا کا تاثر بالکل واضح اور شفاف ہو جاتا ہے۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے تمام اخبارات کی باقاعدہ جانچ پڑتال ممکن ہو رہی ہے۔ پی آئی ڈی کی تاریخ میں اس طرح کی تاریخی سہولت پہلی مرتبہ فراہم کی گئی ہے

بقیہ نمبر 28

ایکشن پلان پر عملدرآمد نہیں کرنا چاہتی۔ انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کے معاملے پر پی ٹی آئی کی مذاکراتی ٹیم کے پی کے ٹیم سے مایوس ہوئی۔ داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ دہشت گردی کی جنگ پاکستان کے استحکام کی جنگ ہے، اس میں تعاون کریں۔

بقیہ نمبر 29

ملاقات میں دونوں ملکوں کے تعلقات پر بھی بات چیت کی گئی یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب یمنی حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملوں میں اضافہ ہوا ہے دریں اثنا یمن کی حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ نے سعودی عرب میں ڈرونز اور میزائلوں سے حملے کا دعویٰ کیا ہے۔ حوثیوں کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کے علاقے خمیس مشیط میں ایئر بیس کو نشانہ بنایا ہے یمن کی حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ کے مطابق خمیس مشیط کا شمار سعودی عرب کے بڑے ایئر بیسوں میں ہوتا ہے

بقیہ نمبر 30

کا دہشت گردی میں معاونت کا اعتراف، افغان شہریوں سے متعلق سیکیورٹی خدشات مزید بڑھ گئے، امریکی ایلین ٹیررسٹ ریموول کورٹ کے پہلے مقدمے میں 47 سالہ افغان خاتون نزیرہ حاجی زادہ کو ملک بدر کردیا گیا، امریکی محکمہ انصاف کے مطابق نزیرہ حاجی زادہ نے عدالت میں خود کو غیر ملکی دہشت گرد تسلیم کیا

بقیہ نمبر 31

یب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ پاکستان میں 15 کروڑ نوجوان 30 سال سے کم عمر ہیں، یہ ہمارے لیے بڑا چیلنج ہے، اب فیصلہ کرنا ہوگا کہ اس نوجوان آبادی کو ملک کے لیے فائدہ مند بنانا ہے یا بوجھ۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جس معاشی بحران سے گزر رہا ہے اس کی بنیادی وجہ تجارتی خسارہ ہے، جبکہ آج پاکستان کی واحد قابل برآمد چیز ایسے نوجوان ہیں جن کی عالمی دنیا کو ضرورت ہے۔ پاکستان میں معیاری تعلیم اور تربیت فراہم کرنا مشکل کام ہے، سندھ کے شہری علاقوں کے لوگوں کو تعلیم دینا بھی مشکل ہے کیونکہ پالیسی رکاوٹ بن جاتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جدید دور اور دنیا کے ساتھ ہم آہنگ ہونے کے لیے ضروری ہے کہ اضافی بوجھ ختم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 90 فیصد طالبات طبی کالجوں میں زیر تعلیم ہیں، اگر انہیں تعلیم کے بعد گھر بیٹھنا پڑا تو ملک ایک نئے بحران کی طرف بڑھ سکتا ہے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ بچیوں کے ہاتھ میں چمٹا تھمانے کے لیے ان کے ہاتھ سے قلم واپس نہیں لینا چاہیے۔

بقیہ نمبر 32

عہدیداران بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ تین دہائیوں بعد آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل کا پاکستان کا دورہ خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آئی ایل او کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ پاکستان آئی ایل او کے سہ فریقی نظام اور سماجی مکالمے کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور جنیوا میں آئی ایل او کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آئی ایل او کی گورننگ باڈی میں ڈپٹی ممبر کی حیثیت سے دوبارہ فعال کردار ادا کرنے کا خواہاں ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے 2022 کے آئی ایل او انتخابات میں بھی گلبرٹ ایف ہونگبو کی حمایت کی تھی اور اگر آئندہ انتخابات میں حمایت طلب کی گئی تو پاکستان ان کی دوبارہ انتخاب کے لیے حمایت کرے گا۔ انہوں نے گلبرٹ ایف ہونگبو کی قیادت میں آئی ایل او کی اہم کامیابیوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ گلوبل کولیشن فار سوشل جسٹس میں 400 سے زائد شراکت دار شامل ہوچکے ہیں، جبکہ پاکستان روزگار، ہنرمندی اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں اس عالمی اقدام میں فعال کردار ادا کرے گا۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم ورکرز کے حقوق کے تحفظ کے لیے آئی ایل او کنونشن نمبر 193 اہم پیش رفت ہے۔ پاکستان کی بڑی فری لانس اور ڈیجیٹل ورک فورس کو مناسب مزدور تحفظ فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ محفوظ، منصفانہ اور باوقار امیگریشن پاکستان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ منصفانہ بھرتی، مزدوروں کی نقل مکانی اور کارکنوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے آئی ایل او کے ساتھ تعاون جاری رکھا جائے گا۔ پاکستان روزگار کے فروغ، ہنرمندی اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے آئی ایل او کے ساتھ تعاون کو مزید بڑھانے کا خواہاں ہے۔ ملاقات کے دوران پاکستانی افرادی قوت کو عالمی معیار کے مطابق ہنرمند بنانے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تربیت فراہم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ آئی ایل او کی جانب سے پاکستانی افرادی قوت کی مہارتوں میں بہتری اور عالمی روزگار کی منڈی میں پاکستانی ورکرز کے لیے بہتر مواقع پیدا کرنے میں تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ اس موقع پر آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے کہا کہ آئی ایل او پاکستان کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے آئی ایل او میں ہمیشہ مثر اور فعال کردار ادا کیا ہے اور آئی ایل او کے پلیٹ فارم سے کامیاب سفارت کاری اور تعاون کو فروغ دیا ہے۔ گلبرٹ ایف ہونگبو نے پاکستانی ورکرز کے لیے عالمی روزگار کی منڈی میں مواقع بہتر بنانے، مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ ملاقات کے اختتام پر وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے مزدور نمائندگان میں مختلف گرانٹس کے چیکس تقسیم کیے۔ اس موقع پر مزدور یونینز کے نمائندگان میں میرج گرانٹ، ڈیتھ گرانٹ اور تعلیمی وظائف کے چیکس بھی تقسیم کیے گئے۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو کو یادگاری شیلڈ اور تحائف بھی پیش کیے۔

بقیہ نمبر 33

سکیل پر 4.2 ریکارڈ کی گئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ زلزلے کی زیر زمین گہرائی 172 کلومیٹر تھی جبکہ اس کا مرکز کوہ ہندوکش کا پہاڑی سلسلہ تھا

بقیہ نمبر 34

ے کے امور، کارکردگی اور اپنی ذمہ داریوں سے متعلق بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر 35

تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلی کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ نے صوبائی مشیر بلدیات کو پارٹی کارکنوں کو درپیش مسائل اور ان کے حل سے متعلق آگاہ کیا۔ صوبائی مشیر بلدیات ودیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ بلوچستان حکومت چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق عوامی خدمت اور صوبے کی ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ پارٹی کارکن پیپلز پارٹی کا اثاثہ ہیں، انہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی کابینہ میں شامل پاکستان پیپلز پارٹی کے وزراء اور مشیران کے دروازے کارکنوں کیلئے ہروقت کھلے ہیں، کارکن اپنے مسائل اور تجاویز سے قیادت کو آگاہ کریں۔ حکومت عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 36

ایک انٹرویو میں عاصم افتخار احمد نے کہا کہ پاکستان مشرق وسطی میں تنازع کے خاتمے میں کردار ادا کررہا ہے، ہماری کوشش ہے کہ تنازع کا پرامن اور بین الاقوامی، یو این قوانین کے تحت حل نکلے۔ انہوں نے کہ ہم چاہتے ہیں کہ سیز فائر ہو، کشیدگی کم ہو اور لوگوں کو مذاکرات کی میز پر لائیں، سکیورٹی کونسل کا چارٹر تنازعات کو جنگ نہیں مذاکرات کے ذریعے حل کرنا ہے۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ مکہ معاہدے میں تینوں ممالک شامل ہیں، مکہ معاہدے میں ہم اضافی ذمہ داری لے رہے ہیں، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ صورتحال منفی سمت کی جانب جارہی ہے، ہمیں اس کا ادراک ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد خطے میں امن و استحکام ہے، ایران امریکا تنازع کو دنیا دیکھ رہی تھی کہ کیا ہوگا، ایران امریکا تنازع میں جن ممالک نے کردار ادا کیا اس میں پاکستان سرفہرست ہے۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ فلسطین، کشمیر کے تنازعات کو سکیورٹی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کرنا ہے، یہ کہنا درست نہیں کہ اقوام متحدہ امن میں کردار ادا نہیں کر رہا۔

بقیہ نمبر 37

گاں جلود میں 100 سے زائد اسرائیلی آبادکاروں نے حملہ کردیا، جس کے دوران فلسطینی عمارتوں اور گاڑیوں کو آگ لگائی گئی جبکہ اسرائیلی سکیورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپوں میں تین اہلکار معمولی زخمی ہوگئے۔ واقعے پر اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے بھی غیر معمولی طور پر حملے کی مذمت کی ہے۔ اسرائیلی فوج کے مطابق آبادکاروں نے سڑکیں بند کیں، ٹائر جلائے اور سکیورٹی اہلکاروں پر پتھراؤ کیا۔ فوج کا کہنا تھا کہ حملے کے دوران فلسطینی خاندان کے گھروں اور گاڑیوں کو بھی آگ لگائی گئی، جس کے باعث اس خاندان کی اپنے گھر واپسی کا منصوبہ ناکام ہوگیا۔ پولیس نے ایک شخص کو گرفتار جبکہ دو کم عمر افراد کو پوچھ گچھ کے لیے حراست میں لیا۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب اسرائیلی فوج ایک فلسطینی خاندان کو اس کے گھر واپس پہنچانے کی کوشش کر رہی تھی۔ خاندان کو تقریباً دو ماہ قبل آبادکاروں کے حملوں کے بعد اپنا گھر چھوڑنا پڑا تھا۔ فوج کی نگرانی میں خاندان کی واپسی شروع ہوئی، تاہم گھر پہنچنے کے کچھ ہی دیر بعد 100 سے زائد آبادکار وہاں جمع ہوگئے اور صورتحال کشیدہ ہوگئی۔ رپورٹس کے مطابق آبادکاروں نے خاندان کے دو گھروں کو نقصان پہنچایا اور انہیں آگ لگائی۔ اسرائیلی فوج نے بتایا کہ جھڑپوں کے دوران تین بارڈر پولیس اہلکار معمولی زخمی ہوئے اور سکیورٹی فورسز کی ایک گاڑی کو بھی نقصان پہنچا۔ فوج نے دو آبادکاروں کی گرفتاری اور واقعے کی تحقیقات شروع کرنے کی تصدیق کی ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے واقعات سکیورٹی فورسز کے کام میں رکاوٹ بنتے ہیں اور آبادکار برادری کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ اسرائیلی صدر اسحاق ہرزوگ نے بھی واقعے کو قانون کی حکمرانی اور اسرائیلی معاشرے کی بنیادی اقدار کے خلاف قرار دیا۔ جلود کے علاوہ مغربی کنارے کے ایک اور فلسطینی گاں المغیر میں بھی آبادکاروں کے حملے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جہاں گاڑیوں کو آگ لگانے اور املاک کو نقصان پہنچانے کی رپورٹس ہیں۔ مغربی کنارے میں آبادکاروں کے تشدد کے واقعات پر حالیہ عرصے میں بین الاقوامی سطح پر تشویش اور تنقید میں اضافہ ہوا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق رواں سال کے پہلے نصف میں مغربی کنارے میں فلسطینیوں کے خلاف آبادکاروں کے حملوں میں مارپیٹ، توڑ پھوڑ اور آتش زنی جیسے واقعات شامل رہے اور اوسطاً روزانہ تقریباً چھ حملے رپورٹ ہوئے۔ دوسری جانب مغربی کنارے میں فلسطینی حملوں میں اسرائیلی شہریوں کے متاثر ہونے کے واقعات بھی رپورٹ ہوتے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 38

قیادت بھارتی فورسز نے 5 اگست 2019 سے مقبوضہ جموں وکشمیر میں گرفتاریوں، تشدد اور جائیدادوں کی ضبطی میں تیزی لائی ہے

بقیہ نمبر 39

اتار کر برہنہ کرنے، کپڑے پھاڑنے اور موبائل فون سے ویڈیو بنانے کے مقدمے میں نامزد چاروں ملزمان کو ایک گھنٹے کے اندر گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ ٹیری کے نواحی علاقے کرغ بانڈہ کے ایک شہری نے رپورٹ درج کرائی کہ خالد عثمان ولد طارق عثمان، نوید اقبال، جمشید اللہ پسران شادی رحمٰن اور نبی اللہ ولد نورشاد خان ساکنان کرغ بانڈہ نے اسے زبردستی موٹر سائیکل سے اتارا، کپڑے پھاڑ کر برہنہ کیا اور موبائل فون سے ویڈیو بنائی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کرک عمران خان نے نوٹس لیتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ ٹیری کو ملزمان کی فوری گرفتاری کے احکامات جاری کیے جس پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چاروں نامزد ملزمان کو گرفتار کرکے حوالات منتقل کردیا جبکہ مبینہ طور پر واقعے میں استعمال ہونے والا موبائل فون بھی برآمد کرلیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق مدعی اور ملزمان کے درمیان سابق لڑائی جھگڑے کے معاملے پر اختلافات چلے آرہے تھے۔

بقیہ نمبر 40

لوٹی یونٹ حب کے صدر فیاض احمد شیدی یونٹ چیئرل آباد حب کے صدر عبدالکریم شیدی نصیب اللہ شیدی اور محمد سلیم موجود تھے اس موقع پر سولنگی برادری کے وڈیرہ استاد مختیار سولنگی غلام حسین ابڑو بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 41

جائزے میں کہا کہ مشرق وسطی میں جاری تنازع کی شدت بڑھنے کے باعث پہلے ہی بلند عالمی اجناس کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوا ہے

بقیہ نمبر 42

میں وزارت سے رابطہ کریں، شکایت کے ساتھ متعلقہ ثبوت بھی فراہم کرنا ضروری ہوگا۔ وزارت مذہبی امور نے کہا کہ پرائیویٹ حجاج اپنی شکایات 20 اکتوبر سے قبل لازمی جمع کروائیں، شکایت نہ ہونے کی صورت میں پرفارمنس گارنٹی واپس کرنے کا سلسلہ 20 اکتوبر کے بعد شروع ہوجائے گا۔ وزارت کے مطابق شکایت بذریعہ ڈاک یا ای میل سیکشن افسر مانیٹرنگ کو بھجوائی جاسکتی ہے، 20 اکتوبر 2026 کے بعد موصول ہونے والی شکایات پر کارروائی نہیں ہوگی۔ وزارت مذہبی امور نے کہا کہ 20 اکتوبر کے بعد حج منظم کمپنیوں کا معاملہ حتمی طور پر نمٹا دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 43

ولد طاہر عرف بوڑھا ساکن تورڈھیر کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر پولیس ٹیم فوری طور پر اطلاع کے مطابق جائے وقوعہ پر پہنچی تو اشتہاری مجرم نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کردی، جس پر پولیس کی جانب سے بھی جوابی فائرنگ کی گئی۔ فائرنگ کا تبادلہ رکنے کے بعد پولیس نے علاقے کو سرچ کیا تو اشتہاری مجرم زخمی حالت میں پاکر گرفتار کرلیا۔ یہ کارروائی ایس ایچ او تھانہ تورڈھیر عامر خان نے معہ پولیس ٹیم انجام دی، جنہوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مطلوب اشتہاری مجرم کو قابو کرلیا۔ گرفتار ملزم پولیس کو پولیس پارٹی پر فائرنگ، اقدام قتل، منشیات فروشی سمیت 10 مختلف مقدمات میں مطلوب تھا۔ مذکورہ ملزم جرائم پیشہ سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے باعث علاقے میں ایک خطرناک عنصر سمجھا جاتا تھا، جبکہ اس کے خلاف مقامی سطح پر متعدد شکایات بھی موصول ہو رہی تھیں۔ زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے، جبکہ اس کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے

بقیہ نمبر 44

ہم ملاقات کی ملاقات کے دوران نصیر آباد ڈویژن سمیت مختلف اضلاع میں پارٹی کی تنظیمی صورتحال، پارٹی امور اور کارکنان سے رابطوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی تنظیم کو مزید فعال اور مضبوط بنانے، تنظیمی ڈھانچے کو مؤثر بنانے اور کارکنان کو درپیش مسائل متعلقہ فورمز پر اجاگر کرنے کے حوالے سے مشاورت کی گئی رہنماؤں نے بالخصوص ضلع صحبت پور میں پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں اور کارکنان سے رابطہ کاری کا جائزہ لیا اور مقامی سطح پر پارٹی پروگرام کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے سے متعلق امور پر غور کیا ملاقات میں آئندہ کی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں، پارٹی پروگرام اور کارکنان سے رابطوں کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی زیر غور آئیں، جبکہ پارٹی امور سے متعلق دیگر اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر رہنماؤں نے پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے اور باہمی رابطے ومشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا

بقیہ نمبر 45

کے ناموں کا اعلان کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر گوہر اعجاز نے نومنتخب عہدیداروں اور مرکزی وزونل مینجنگ کمیٹیوں کے ارکان کو مبارکباد پیش کی۔

بقیہ نمبر 46

ھند فائرنگ کر کے لیسکو کے ایکسین انجینئر مہر رب یار کو قتل کر دیا۔ ایکسین مہر رب یار اپنی سرکاری گاڑی پر مرید کے آفس سے لاہور جارہے تھے کہ گھات لگائے ملزمان نے اندھا دھند فائرنگ کردی جس سے وہ موقع پر دم توڑ گئے جبکہ حملہ آور موقع سے فرار ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس افسران اور لیسکو اہلکار موقع پر پہنچ گئے۔ ڈی ایس پی مرید کے کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کیلئے علاقہ کی ناکہ بندی کردی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 47

شہری کو قتل کردیا، لواحقین کا لاش روڈ پر رکھ کر احتجاج، قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ، پولیس اور مظاہرین کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد احتجاج ختم کردیا گیا اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ پیر اور منگل کی درمیان شب پولیس تھانہ حب سٹی کے علاقے چڑھائی میں واقع ایک گھر میں نامعلوم مسلح افراد نے گھس کر ایک شہری کو قتل کردیا، جس کی شناخت حاکم علی ولد یار محمد کے نام سے ہوئی مقتول کے لواحقین نے لاش مین آر سی ڈی شاہراہ پر رکھ کر شاہراہ عام ٹریفک کے لئے بند کرکے احتجاج کیا، جس کے باعث شاہراہ کے دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، مقتول کے لواحقین نے مطالبہ کیا کہ قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ہماری کسی کے ساتھ کوئی دشمنی نہیں نامعلوم افراد گھر کی دیوار کو پھلانگ کر گھر میں گھسے اور حاکم علی کو 6 گولیاں مار کر فرار ہوگئے اس حوالے سے پولیس سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ چڑھائی کے مقام پر پیش آنے والا افسوس ناک واقعہ ابتدائی معلومات کے مطابق بظاہر دشمنی کا لگ رہی ہے، جبکہ واقعہ کے حوالے سے تمام پہلوؤں کا جائزہ اور تحقیقات کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے، قبل ازیں ایس ایچ او حب سٹی تھانہ عبدالصمد زہری اور مقتول کے لواحقین کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد شاہراہ کو عام ٹریفک کے لئے کھول دیا گیا۔

بقیہ نمبر 48

رمالی معاونت کرنے والے ممالک کی تعداد 54 ہے۔ روسی سفیر نے کہا کہ مغربی پابندیاں روسی معیشت کو تباہ کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ روس مخالف پابندیوں کے نتیجے میں یورپی یونین کو ایک سے 1.6 ٹریلین یورو تک نقصان اٹھانا پڑا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ مغربی ممالک بین الاقوامی بحری قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ روسی سفیر نے کہا کہ روس یوکرینی بحران کے سیاسی اور سفارتی حل کے لیے مذاکرات دوبارہ شروع کرنے پر آمادہ ہے۔

بقیہ نمبر 49

جام رہنے پر میونسپل کارپوریشن حب کے عملے اور ٹریفک پولیس کی مدد سے تجاوزات کے خلاف کارروائی عمل میں لائی اس موقع پر حب انتظامیہ نے ہیوی مشینری کی مدد سے مین آر سی ڈی روڈ کے کنارے رکھی گئی کیبنوں کو ہٹالیا گیا اور کھڑی ریڑھیوں کو ضبط کرلیا گیا اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم جان لکھی کا کہنا تھا کہ ناجائز تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا دکانداران رضا کارانہ طور اپنے دکانوں کے سامنے سے تجاوزات خاتمہ کریں بصورت دیگر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ شہر میں ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیئے ہرممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے

بقیہ نمبر 50

کرادی گئی ہے۔ اس درخواست کے منظور ہونے کی صورت میں بجلی کی قیمت میں 1 روپے 73 پیسے فی یونٹ اضافہ ہوسکتا ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) کی جانب سے دائر درخواست پر نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) 29 ستمبر کو سماعت کرے گی۔ اس مجوزہ اضافے کا اطلاق کے الیکٹرک کے صارفین پر بھی ہونے کا امکان ہے۔ سی پی پی اے کے مطابق اگست میں ڈسکوز کو 14 ارب 46 کروڑ 40 لاکھ یونٹس بجلی فراہم کی گئی، جبکہ ڈسکوز کو فراہم کی جانے والی بجلی کی لاگت 8 روپے 82 پیسے فی یونٹ رہی۔ اگست میں پانی سے 37.84 فیصد بجلی پیدا کی گئی ہے۔ سی پی پی اے کے مطابق مقامی کوئلے سے 10.88 فیصد جبکہ درآمدی کوئلے سے 15.59 فیصد بجلی پیدا ہوئی۔ اعداد وشمار کے مطابق اگست میں فرنس آئل سے 2.15 فیصد بجلی پیدا کی گئی، جبکہ مقامی گیس سے بجلی کی پیداوار کا حصہ 7.04 فیصد اور درآمدی ایل این جی سے 8.48 فیصد رہا۔ سی پی پی اے کے مطابق فرنس آئل سے بجلی کی پیداواری لاگت 45.25 روپے فی یونٹ جبکہ درآمدی ایل این جی سے بجلی کی پیداواری لاگت 45.92 روپے فی یونٹ رہی۔

بقیہ نمبر 51

نے کہا کہ وزیراعلی مریم نواز کے بروقت اقدامات کی وجہ سے فالج زدہ 336 مریضوں کی جانیں بچائی گئی ہیں۔ پنجاب میں 40 پرائمری سٹروک سینٹرز مکمل طور پر فعال ہوچکے ہیں، جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب نے مزید 17 سٹروک سینٹرز دسمبر تک فعال کرنے کی ڈیڈلائن مقرر کردی ہے۔ وزیر اطلاعات نے بتایا کہ تمام فعال سٹروک سینٹرز میں فالج کے مریضوں کے لیے 710 ٹی این کے انجیکشنز دستیاب ہیں، جس سے مریضوں کو بروقت علاج کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ عظمٰی بخاری نے کہا کہ اب فالج کے کسی متاثرہ مریض کو علاج کے لیے بڑے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز پنجاب کے شہریوں کو ان کی دہلیز پر بہترین طبی سہولیات فراہم کر رہی ہیں اور صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی جانب سے صحت کے شعبے میں عوام کو معیاری اور مفت سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ پنجاب کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات فراہم کی جارہی ہیں جبکہ تمام ٹیسٹ بھی مفت کیے جارہے ہیں۔ عظمٰی بخاری نے کہا کہ پنجاب میں صحت کے شعبے میں ہونے والے اقدامات کا دائرہ مسلسل وسیع کیا جارہا ہے، یہی وجہ ہے کہ دوسرے صوبوں سے بھی لوگ علاج کے لیے پنجاب آتے ہیں۔

بقیہ نمبر 52

منصوبے پر تعینات سینٹرل انڈسٹریل سیکیورٹی فورس کے کیمپ میں پیش آیا جہاں اہلکاروں کے درمیان جھگڑا ہوا تھا۔ جھگڑا بڑھنے پر ہیڈ کانسٹیبل اودیش کمار سنگھ نے دفتر میں داخل ہوکر اپنی سرکاری اے کے 47-رائفل سے اندھا دھند فائرنگ کردی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہلاک ہونے والوں میں اسسٹنٹ کمانڈنٹ انکت کمار پانڈے، سب انسپکٹر لکشمن سنگھ، کانسٹیبل رفیق احمد اور کانسٹیبل سندیپ کمار شامل ہیں۔ سینٹرل انڈسٹریل سیکیورٹی فورس کے مطابق حملہ آور اہلکار کے پاس 150 گولیاں تھیں، واقعے کے بعد اس کی سرکاری رائفل قبضے میں لے لی گئی ہے۔ فائرنگ سے زخمی ہونے والے 4 اہلکاروں کو ہماچل پردیش کے قومی پن بجلی کارپوریشن کے اسپتال منتقل کیا گیا تاہم متاثرہ اہلکار زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر اودیش کمار سنگھ کو گرفتار کرلیا ہے، حکام واقعے کے محرکات اور دیگر حالات کی تحقیقات کررہے ہیں۔

بقیہ نمبر 53

ان سمیت سیکرٹری رفاقت علی سوہل اور اکاؤنٹس آفیسر رانا محمد عمیر نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 54

کے حوالے سے پاکستان کا واضح مقف قابل تحسین ہے۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ پاک فوج کے ترجمان کا بیان پاکستانی عوام اور عالم اسلام کے جذبات کی ترجمانی کرتا ہے، ارض حرمین شریفین کی حرمت، سلامتی اور دفاع پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی اہم معاملہ ہے۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے مزید کہا کہ حرمین شریفین کی حرمت اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، جبکہ ارض حرمین شریفین کا دفاع پوری امت مسلمہ کی ذمہ داری ہے، مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سلامتی پوری امت مسلمہ کے لیے باعث تشویش ہے

بقیہ نمبر 55

۔ اعلامیے کے مطابق ٹیکس دہندگان اپنے انکم ٹیکس گوشوارے 15 اکتوبر تک جمع کرواسکتے ہیں۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق ستمبر میں ٹیکس وصولی کا 100 فیصد ہدف حاصل کیا گیا ہے۔ اس ماہ میں مجموعی ٹیکس وصولی ایک ہزار 390 ارب روپے رہی۔

بقیہ نمبر 56

یہ مکمل اور حتمی کامیابی حاصل نہیں ہوگی، تمام ریاستی ادارے مکمل الرٹ اور یہ آپریشن جاری رہے

بقیہ نمبر 57

سے تبدیل کرکے ڈائریکٹر صنعت وتجارت تعینات کردیا گیا ہے۔ سرمد رضوان الشاہ خان، ڈائریکٹر صنعت وتجارت بی پی ایس-19، کو تبدیل کرکے ڈائریکٹر صنعت وتجارت کی خالی آسامی پر تعینات کیا گیا ہے۔ سید سرفراز حسین کاظمی کو تبدیل کرکے ڈپٹی کمشنر ضلع باغ تعینات کردیا گیا ہے۔ مرزا فیصل منیر، جو ڈپٹی کمشنر ضلع جہلم ویلی کے عہدے پر تعینات تھے، کو تبدیل کرکے ڈپٹی کمشنر ضلع میرپور مقرر کردیا گیا ہے۔ منیر احمد قریشی، ڈپٹی کمشنر ضلع مظفرآباد، کو تبدیل کرکے ڈپٹی سیکرٹری محکمہ ہائر ایجوکیشن تعینات کردیا گیا ہے۔ ممتاز عفت اعظم، جو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے عہدے پر تعینات تھیں، کو تبدیل کرکے ڈپٹی کمشنر ضلع جہلم ویلی مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح سردار عاصم خالد اعوان، ڈپٹی کمشنر ضلع باغ، کو تبدیل کرکے ڈپٹی کمشنر ضلع مظفرآباد تعینات کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 58

بنیادی ترجیح حاصل ہونی چاہیے۔ شہریوں کو پانی، بجلی، صحت، تعلیم، روزگار، صاف ماحول اور امن وامان جیسی بنیادی سہولیات کی فراہمی ریاست اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ عوامی مسائل کے حل کے لیے محض اعلانات کے بجائے عملی اور مستقل اقدامات ضروری ہیں۔ پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا کہ معاشرے میں انصاف کا فروغ اس وقت ممکن ہے جب قانون سب کے لیے یکساں ہو، میرٹ کو اہمیت دی جائے اور سرکاری ذمہ داریوں کو امانت سمجھ کر ادا کیا جائے۔ اداروں میں شفافیت اور جوابدہی کا نظام مضبوط ہونا چاہیے تاکہ شہریوں کا اعتماد بحال ہو۔ انہوں نے کہا کہ کراچی سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں شہری بنیادی مسائل کا سامنا کررہے ہیں۔ پانی، صفائی، سڑکوں، سیوریج اور دیگر شہری سہولیات کی بہتری کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا ہوں گی۔ عوامی خدمت کو سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہوکر انسانی اور شہری ضرورت کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر نے کہا کہ نظام مصطفیٰ ﷺ کے تصور کو معاشرتی سطح پر سمجھنے کے لیے عدل، دیانت، امانت، رواداری، خدمت خلق اور کمزور طبقات کے حقوق جیسے اصولوں کو عملی زندگی میں فروغ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ علماء، مشائخ، سماجی رہنماؤں، تعلیمی اداروں اور شہریوں کو معاشرے کی اخلاقی وسماجی اصلاح کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط اور پُرامن معاشرہ صرف قوانین سے نہیں بلکہ ذمہ دار شہریوں، دیانت دار اداروں اور انصاف پر مبنی اجتماعی رویوں سے تشکیل پاتا ہے۔ عوام اور ادارے اپنی اپنی ذمہ داریاں سمجھیں تو معاشرتی مسائل میں کمی لانے اور فلاحی ماحول قائم کرنے کی راہ ہموار ہوسکتی ہے

بقیہ نمبر 59

مطابق ضلع ویسٹ کے تھانے گلشن معمار کی حدود عمر بروہی گوٹھ میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلہ ہوا۔ ترجمان ضلع ویسٹ پولیس کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو زخمی ملزمان سمیت 3 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ زخمی ملزمان کی شناخت عبدالقادر ولد نیاز علی اور محمد نادر ولد کریم بخش کے نام سے ہوئی جبکہ عبدالسلام ولد عبدالستار کو بھی گرفتار کرکے تھانے منتقل کیا گیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 2 غیر قانونی پستول بمعہ ایمونیشن، چلیدہ خول، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔ پولیس کے مطابق زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا جبکہ تیسرے ملزم کو تھانے منتقل کیا گیا۔ ملزمان کا سابقہ کریمنل ریکارڈ بھی چیک کیا جارہا ہے۔ دوسری کارروائی نیو کراچی کے سیکٹر L-11 میں سروس روڈ، پرانے آئیڈیل شادی ہال کے قریب ہوئی، جہاں پولیس اور موٹر سائیکل سوار 2 مسلح ملزمان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران ایک ملزم کاشف ولد شاہد زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جبکہ اس کا ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی عمر تقریباً 30 سے 32 سال ہے اور اس کے قبضے سے 30 بور پستول، لوڈ میگزین اور گولیاں برآمد ہوئی ہیں۔ زخمی ملزم کو عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا جبکہ فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ علاوہ ازیں سمن آباد پولیس نے ڈی سی پی کچا پکا روڈ، بلاک 19 کے قریب دوران گشت مشکوک موٹر سائیکل سوار ملزمان کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی۔ پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک ملزم عبید اللہ خان ولد سلام خان زخمی حالت میں گرفتار جبکہ اس کا ساتھی فرار ہوگیا۔ پولیس نے گرفتار ملزم کے قبضے سے 30 بور پستول، 4 زندہ راؤنڈز اور موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا جبکہ فرار ملزم کی گرفتاری اور گرفتار ملزمان کے سابقہ کریمنل ریکارڈ کی جانچ سمیت مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 60

تعطل کے بعد کارڈیک سرجری سروس دوبارہ بحال ہونے کے بعد صرف دو ماہ کے دوران دل کے 50 کامیاب آپریشنز مکمل کرلیے گئے ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق کارڈیک سرجری سروس کی بحالی کے بعد ماہر امراض قلب اور کارڈیک سرجنز کی خدمات حاصل کی گئیں اور یونٹ میں ضروری طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ انتظامیہ نے مستقبل قریب میں کارڈیک سرجری کو مزید جدید بنانے اور ایڈوانسڈ لیول کی کارڈیک سرجری سروسز شروع کرنے کا بھی اعلان کیا ہے۔ ایل آر ایچ کارڈیک سرجری یونٹ کے سربراہ ڈاکٹر ناصر اسلام خٹک نے بتایا کہ ہسپتال میں 22 مئی سے کارڈیک سرجری سروس پوری طرح فعال کرکے دل کے مریضوں کو جدید طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے دو ماہ کے دوران 50 کامیاب آپریشنز کی تکمیل کو یونٹ کی اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی ماہر ڈاکٹروں، نرسنگ اسٹاف، پیرامیڈیکس اور دیگر متعلقہ شعبہ جات کی مشترکہ محنت اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کارڈیک سرجری سروس کی بحالی میں تعاون پر ہسپتال انتظامیہ اور بالخصوص بورڈ آف گورنرز کے چیئرمین پروفیسر نوشیروان خان برکی کا شکریہ ادا کیا۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق آپریشنز میں تمام مریضوں کو صحت کارڈ سہولت کے تحت مفت علاج فراہم کیا گیا جبکہ نجی مریضوں کے لیے بھی کارڈیک سرجری کی سہولت دستیاب ہے۔ انتظامیہ نے کارڈیک سرجری سروس کی بحالی کو خیبر پختونخوا کے عوام بالخصوص مستحق مریضوں کیلئے اہم پیشرفت قرار دیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق 50 کامیاب دل کے آپریشنز کی تکمیل ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکل اسٹاف، ہسپتال انتظامیہ اور دیگر متعلقہ شعبہ جات کی مربوط کوششوں کا نتیجہ ہے۔

بقیہ نمبر 61

نے ایک قرارداد کو مسترد کردیا جس کے تحت ٹرمپ انتظامیہ کو مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینیوں کے خلاف اسرائیلی حملوں اور امریکی شہریوں کے خلاف تشدد سے متعلق رپورٹ پیش کرنا ہوتی ہے تاہم، قرارداد کے خلاف 51 اور حق میں 47 ووٹ پڑے جسے سینیٹرز نے اسرائیل سے متعلق پالیسی پر رائے میں نمایاں تبدیلی قرار دیا۔ سینیٹرز نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ جنوری 2024 میں انہوں نے غزہ میں اسرائیل کی جانب سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی تحقیقات کے لیے ووٹنگ کرائی تھی جس کی حمایت صرف 11 سینیٹرز نے کی تھی، ویسٹ بینک میں اسرائیل کے اقدامات کی تحقیقات سے متعلق ملتی جلتی قرارداد کے حق میں 47 سینیٹرز نے ووٹ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی عوام کی آواز سنیں، اسرائیل کو مزید فوجی امداد نہیں دی جانی چاہیے۔

بقیہ نمبر 62

اثاثوں کی مجموعی مالیت 51 کروڑ 80 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ نیب حکام کا کہنا تھا کہ کوہستان میگا اسکینڈل میں یہ ایک اور اہم ریکوری ہے جبکہ اس سے قبل بھی کیس میں اربوں روپے کی ریکوری کی جاچکی ہے جو خیبر پختونخوا حکومت کے حوالے کی گئی ہے۔ نیب خیبر پختونخوا کا کہنا تھا کہ کوہستان میگا اسکینڈل میں مالی بدعنوانی کے خلاف کارروائیاں اور غیر قانونی طور پر حاصل کیے گئے اثاثوں کی ریکوری کا عمل جاری ہے۔

بقیہ نمبر 63

طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے پاک فوج کی جانب سے مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ میں پاک فوج کے ماہر ڈاکٹروں اور طبی عملے نے مجموعی طور پر 555 مقامی مریضوں کا مفت معائنہ کیا۔ راولاکوٹ میں فسادی جتھے کے احتجاج کے باعث شہریوں کو علاج معالجے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، مریضوں کو مفت طبی معائنہ، علاج اور طبی مشاورت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ شہریوں نے مشکل حالات میں مفت طبی سہولیات کی فراہمی پر پاک فوج کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 64

منظوری سے متعلق اپنا مقف واضح کردیا

بقیہ نمبر 65

عملدرآمد سے متعلق قائمہ کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی صاحب خان کی زیر صدارت اسمبلی سیکرٹریٹ گلگت میں منعقد ہوا

بقیہ نمبر 66

جن میں ٹیکنالوجی کے ذریعے خدمات کی بہتری، انصاف تک رسائی اور شفافیت میں اضافہ، قانونی وضابطہ جاتی فریم ورک کو مضبوط بنانا، قومی وبین الاقوامی وسائل سے استفادہ اور نظام انصاف سے منسلک اداروں کی فعالیت شامل تھی۔ چیف جسٹس نے بتایا کہ اصلاحاتی ایجنڈے کے تحت 8 شعبوں میں 86 اقدامات کی نشاندہی کی گئی، جن میں سے 65 مکمل ہو چکے ہیں، 8 اقدامات پر پیش رفت جاری ہے جبکہ 13 اقدامات پر مزید توجہ درکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کاغذ پر انحصار کرنے والے نظام سے بتدریج ڈیجیٹل نظام کی جانب بڑھ رہی ہے، تمام زیر التوا اور نئے دائر ہونے والے مقدمات، جیل درخواستوں کے علاوہ، ڈیجیٹل کیے جارہے ہیں،

مزدور معاشرے کی ترقی و خوشحالی کی بنیاد ہوتے ہیں، چوہدری سالک

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین سے آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو کی

پاکستان اور آئی ایل او کے درمیان تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (بولان بیورو) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین سے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن) آئی ایل او(کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیر مملکت برائے سمندر پار پاکستانیز وانسانی وسائل کی ترقی محمد عون چوہدری، وفاقی سیکرٹری ندیم اسلم چوہدری، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد اور مزدور یونین اور ایمپلائرز کی نمائندہ تنظیموں کے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7پر)

لورالائی۔ اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم ہسپتال کارڈیالوجی وارڈ میں مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں

شرح سود 11.5 فیصد پر برقرار، جون 2027 تک مہنگائی 5 سے 7 فیصد لانے کا ہدف

مانیٹری پالیسی کمیٹی کے 10 میں سے 7 ارکان نے شرح سود برقرار رکھنے کے حق میں فیصلہ دیا

مشرق وسطیٰ کی صورتحال سے معاشی غیریقینی میں اضافہ، مالی سال 2027 میں شرح نمو 3.5 سے 4.5 فیصد رہنے کی توقع

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی نے پالیسی ریٹ 11.5 فیصد کی سطح پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ 10 رکنی کمیٹی کے 7 ارکان نے شرح سود میں کوئی تبدیلی نہ کرنے کے حق میں فیصلہ دیا۔ کمیٹی کے مطابق موجودہ زری پالیسی مؤقف درمیانی مدت میں مہنگائی کو 5 سے 7 فیصد کے ہدف تک لانے کیلئے موزوں ہے، تاہم مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کی شدت کے باعث عالمی اجناس کی قیمتوں اور ملکی معیشت کے حوالے سے غیر یقینی میں اضافہ ہوا ہے۔ مانیٹری پالیسی کمیٹی نے اپنے (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

پرائیویٹ حج کمپنیوں کے خلاف اعتراضات جمع کروانے کا آخری موقع

گزشتہ سال کے پرائیویٹ حجاج کسی شکایت کی صورت میں وزارت سے رابطہ کر سکتے ہیں، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے گزشتہ سال کے پرائیویٹ حجاج کو پرائیویٹ حج کمپنیوں کے خلاف شکایات اور اعتراضات 20 اکتوبر 2026 سے قبل جمع کروانے کی ہدایت کر دی۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق گزشتہ سال کے پرائیویٹ حجاج کسی شکایت کی صورت (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

لاہور، خاتون مسافر کا نمبر سوشل میڈیا پر شیئر کرنیوالا رکشہ ڈرائیور گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور میں تلخ کلامی پر خاتون مسافر کا نمبر سوشل میڈیا پر شیئر کرنے والے رکشہ ڈرائیور کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق سفر کے دوران خاتون اور ڈرائیور میں بحث ہوئی، جس کے بعد رنجش پر ملزم نے خاتون کا موبائل نمبر سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کردیا۔

صوابی، پولیس تھانہ تورڈھیر نے مقابلے کے دوران ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا

صوابی (این این آئی) پولیس تھانہ تورڈھیر نے مقابلے کے دوران ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ ذرائع کے مطابق دوران گشت پولیس کو مجرم اشتہاری ذیشان عرف شانے (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

نظریاتی کارکن پیپلز پارٹی کا قیمتی سرمایہ ہیں، صادق عمرانی

صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی صحبت پور کے صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ کی ملاقات

ملاقات کے دوران نصیر آباد ڈویژن سمیت مختلف اضلاع میں پارٹی کی تنظیمی صورتحال، پارٹی امور اور کارکنان سے رابطوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

چھتر (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و صوبائی وزیر آبپاشی بلوچستان میر محمد صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ اور پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری شان ثاقب ابڑو نے عمرانی ہاؤس کوئٹہ میں ا(بقیہ 44 صفحہ 7پر)

اسد شفیع پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین منتخب

نوید احمد سینئر وائس چیئرمین، خواجہ انیس وائس چیئرمین، احمد شفیع کو وائس چیئرمین (ویلیو ایڈڈ) منتخب کرلیا گیا

محمد صدیق بھٹی چیئرمین نارتھ زون اور فیضان عرفان چیئرمین ساؤتھ زون منتخب ہوگئے، سالانہ اجلاس عام

لاہور (این این آئی) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں اسد شفیع کو چیئرمین کو منتخب کرلیا گیا جبکہ نوید احمد سینئر وائس چیئرمین، خواجہ محمد انیس وائس چیئرمین، احمد شفیع وائس چیئرمین (ویلیو ایڈڈ)، محمد صدیق بھٹی چیئرمین نارتھ زون اور فیضان عرفان چیئرمین ساؤتھ زون منتخب ہوگئے۔ آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن کے 67ویں سالانہ جنرل اجلاس میں نئے عہدیداروں (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

مریدکے، نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے لیسکو کے ایکسین کو قتل کردیا

مریدکے (این این آئی) مریدکے جی ٹی روڈ منوں آبادی سی ڈی اور تھانہ صدر کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے اندھا د(بقیہ 46 صفحہ 7پر)

بی آر اے کی ٹیکس نادہندگان کے خلاف کارروائی تیز

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) نے ٹیکس قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے ٹیکس کی عدم ادائیگی کرنے والے تمام افراد، اداروں اور سروس پرووائیڈرز کے خلاف کارروائی کا عمل مزید تیز کردیا ہے۔

حب میں نامعلوم افراد نے گھر میں گھس ایک شہری کو قتل کردیا

لواحقین کا لاش روڈ پر رکھ کر احتجاج، قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ

حب (نمائندہ بولان) حب میں نامعلوم افراد نے گھر میں گھس ایک (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے چینی وفد ملاقات کررہا ہے

حوثی ملیشیا کے مفتی کا حرمین شریفین پر حملے کا اعلان تشویشناک ہے' طاہر اشرفی

حرمین شریفین کی حرمت اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا' چیئرمین پاکستان علماء کونسل

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے حوثی ملیشیا کے مفتی کی جانب سے ارضِ حرمین شریفین پر حملے کے اعلان پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ پر حملے کا اعلان حوثیوں کے عزائم کو واضح کرتا ہے جس پر شدید تشویش ہے، ارضِ حرمین شریفین پر حملے کے اعلان کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف اسرائیل کے ساتھ حوثیوں کے مبینہ روابط اور معاہدوں کی اطلاعات سامنے آ رہی ہیں، جبکہ دوسری جانب حوثی مملکت سعودی عرب کو حملوں کا نشانہ بنا رہے ہیں، سعودی عرب پر حوثی حملوں (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7پر)

نجی میڈیکل کالجز کو سرکاری اداروں سے زیادہ نشستیں دینے کا تاثر درست نہیں، پی ایم ڈی سی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں نشستوں کی (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

پاکستان میں 5G کی اوسط ڈاؤن لوڈ سپیڈ 127.74 ایم بی پی ایس ریکارڈ

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں فائیو جی رول آؤٹ سے متعلق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی رپورٹ سامنے آگئی،

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع کردی گئی

ستمبر میں ٹیکس وصولی کا 100 فیصد ہدف حاصل، اس ماہ میں مجموعی ٹیکس وصولی ایک ہزار 390 ارب روپے رہی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس فائلر بننے کیلئے گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع کردی۔ ایف بی آر اعلامیے کے مطابق انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر مقرر کی گئی تھی جس میں 15 روز کی توسیع کی گئی ہے(بقیہ 55 صفحہ 7پر)

یمنی مسلح افواج کی حوثیوں کیخلاف کارروائیاں تیز، 700 حوثی جنگجو ہلاک

جب تک یہ منصوبہ مکمل اور حتمی کامیابی حاصل نہیں ہوگی، تمام ریاستی ادارے مکمل الرٹ اور یہ آپریشن جاری رہے گا

یمن کے دارالحکومت صنعا سمیت ملک کے شمال مغربی حصے کے بیشتر علاقے اس وقت حوثیوں کے کنٹرول میں ہیں

صنعا (این این آئی) یمن کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ اور سعودی حمایت یافتہ حکومت (صدارتی کونسل) کے صدر رشاد العلیمی نے حوثیوں کے زیر قبضہ تمام علاقوں کو واپس لینے کے لیے بڑے فوجی آپریشن کا اعلان کر دیا ہے جبکہ یمنی فورسز نے حوثیوں کے خلاف مختلف کارروائیوں میں کم از کم 700 حوثی جنگجوں کی ہلاکت کا بھی دعویٰ کیا ہے۔ اتوار کو ٹیلی ویژن پر قوم سے خطاب کرتے ہوئے سعودی حمایت یافتہ حکومت کے سربراہ رشاد العلیمی نے اعلان کیا کہ حکومتی فورسز پورے ملک میں ریاست اور اس کے اداروں کی رِٹ بحال کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ یمن کی مسلح افواج، سیکیورٹی فورسز اور تمام اتحادی فوجی دھڑوں کو ہدایت کردی گئی ہے کہ وہ یمن کے تمام علاقوں کو حوثیوں کے کنٹرول سے آزاد کروانے تک کارروائیاں جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک یہ منصو(بقیہ 56 صفحہ 7پر)

حب۔ اسسٹنٹ کمشنر مہیم خان لچکی، چیف آفیسر نجم الدین کے ہمراہ تجاوزات کے خلاف کارروائی کی نگرانی کررہے ہیں

سوات و گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا

زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 4.2 ریکارڈ کی گئی

پشاور (این این آئی) سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس سے شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت ریکٹر ا(بقیہ نمبر 33 صفحہ 7پر)

گورنر خیبر پختونخوا سے نئے تعینات ڈی جی آڈٹ خیبر پختونخوا ذوالفقار خان کی ملاقات

فیصل کریم کنڈی کی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد، نیک خواہشات کا اظہار

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے نئے تعینات ڈی جی آڈٹ خیبر پختونخوا ذوالفقار خان نے گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ڈی جی آڈٹ نے گورنر کو ادار(بقیہ 34 صفحہ 7پر)

کارکن پیپلز پارٹی کا اثاثہ ہیں،، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق عوامی خدمت اور صوبے کی ترقی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں،

سید اقبال شاہ کی قیادت میں کارکنوں سے ملاقات و گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ کی قیادت میں پارٹی کارکنوں پر مشتمل وفد نے جھالاوان ہاؤس میں صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سیاسی و علاقائی امور سمیت محکمہ بلدیات کے زیر انتظام جاری ترقیاتی منصوبوں پر (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

بھارت نے جموں وکشمیر کو اس کے باشندوں کیلئے جہنم بنا دیا ہے، حریت کانفرنس

بی جے پی حکومت پر زور دیا گیا کہ وہ بھارت اور مقبوضہ علاقے کی مختلف جیلوں میں نظر بند تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کرے

بھارتی فورسز اور ایجنسیاں مقبوضہ علاقے میں ہر عمر اور ہر جنس سے تعلق رکھنے والے کشمیریوں بالخصوص نوجوانوں کو نشانہ بنا رہی ہیں

سرینگر (این این آئی) غیرقانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے علاقے کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی فورسز اور ایجنسیاں مقبوضہ علاقے میں ہر عمر اور ہر جنس سے تعلق رکھنے والے کشمیریوں بالخصوص نوجوانوں کو نشانہ بنا رہی ہیں، کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنماؤں نے سرینگر میں ایک اجلاس کے دوران کہا کہ کشمیریوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جارہا، انہیں مختلف بہانوں سے طلب کیا جارہا اور تذلیل کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی حکومت اور لیفٹیننٹ گورنر کی زیر(بقیہ 38 صفحہ 7پر)

منیر احمد سومرو کے وفات پر ان کے بھائی امیر علی سومرو سے فاتحہ خوانی

اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ ہے دے اور سوگواران کو صبر کرنے کی توفیق عطا فرمائے، نور محمد شدی

حب (پ ر) شیدی نیشنل پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر نور محمد شدی کی سربراہی میں ایک وفد نے سید جمن شاہ محلہ چیزل آباد حب جا کر منیر احمد سومرو کے وفات پر ان کے بھائی امیر علی سومرو سے فاتحہ خوانی کی اور کہا کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ ہے دے اور سوگواران کو صبر کرنے کی توفیق عطا فرمائے، دکھ کی اس گھڑی میں ایس این پی آپ کے ساتھ برابر کی شریک ہے وفد میں اکرم کا(بقیہ 40 صفحہ 7پر)

کرک، شہری کو برہنہ کر کے ویڈیو بنانے کے الزام میں 4 ملزمان گرفتار

کوہاٹ (این این آئی) کرک کی تحصیل بانڈہ داؤدشاہ کے تھانہ ٹیری پولیس نے ایک شہری کو مبینہ طور پر زبردستی موٹر سائیکل سے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور بین الاقوامی مزدوروں کی تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہنگبو سے اسلام آباد میں ملاقات کررہے ہیں

یوکرین اور مغربی ممالک روس کے خلاف ہائبرڈ جنگ میں ملوث ہیں، روسی سفیر کا دعویٰ

روس یوکرینی بحران کے سیاسی اور سفارتی حل کے لیے مذاکرات دوبارہ شروع کرنے پر آمادہ ہے، البرٹ خوریف

اسلام آباد (این این آئی) روسی سفیر البرٹ خوریف نے دعویٰ کیا ہے کہ یوکرین روس کے خلاف مکمل پیمانے کی ہائبرڈ جنگ کر رہا ہے اور یوکرین کے مغربی سرپرست بھی اس میں ملوث ہیں۔ اسلام آباد میں میڈیا بریفنگ کے دوران روسی سفیر نے کہا کہ کیف حکومت نے روسی شہریوں کو خوف زدہ کرنے کیلئے دہشت گردانہ حکمت عملی اپنائی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ 2022 سے 2025 کے دوران یوکرین کو فراہم کی جانے والی مغربی فوجی امداد 160 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے، جبکہ یوکرین کی فوجی او(بقیہ 48 صفحہ 7پر)

اسسٹنٹ کمشنر حب کی قیادت میں تجاوزات کے خلاف کارروائی

روڈ کے کنارے سے ریڑھیوں اور کیبنز کو ہیوی مشینری کی مدد سے ہٹا کر ٹریفک کی روانی کو بہتر بنایا گیا

حب (نمائندہ بولان) اسسٹنٹ کمشنر حب کی قیادت میں تجاوزات کے خلاف کارروائی، روڈ کے کنارے سے ریڑھیوں اور کیبنز کو ہیوی مشینری کی مدد سے ہٹا کر ٹریفک کی روانی کو بہتر بنایا گیا، منگل کے روز اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان لچکی نے ڈی ایس پی ٹریفک گل حسن محمد حسنی اور چیف آفیسر نجم الدین خان کے ہمراہ حب شہر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے اور ٹریفک (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

پنجاب بار کونسل کا دنیا کے مختلف ممالک کی قانونی برادری سے روابط بڑھانے کا فیصلہ

نئی عمارت کی تعمیر، طبی سہولیات میں اضافے، گروپ انشورنس، مہنگے امراض کے علاج کیلئے بجٹ مختص کرنیکی منظوری

وکلاء کے حقوق کا تحفظ، جمہوریت کا فروغ، انصاف کی فراہمی اولین ہے' سینئر وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے جنرل ہاؤس کے اجلاس میں وکلاء کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ مسائل کے حل، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور بار کونسل کے انتظامی امور سے متعلق متعدد اہم قرار دادیں منظور کر لی گئیں جبکہ پنجاب بار کونسل سے ملحقہ پلاٹ پر نئی عمارت کی تعمیر، وکلاء اوران کے اہل خانہ کیلئے طبی سہولیات میں اضافے، گروپ انشورنس، موذی و مہنگے امراض کے علاج کیلئے سہولیات اور بجٹ مختص کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ پنجاب بار کونسل کے جنرل ہاؤس کا اجلاس وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ارشد علی ہنجرا کی زیرصدارت منعقد ہوا جس میں پنجاب بار کونسل کے 75 ممبر(بقیہ نمبر 53 صفحہ 7پر)

لاہور، کوئٹہ سول سروس اکیڈمی بلوچستان کے افسران الحمراء کے دورے کے دوران موسیقی سن رہے ہیں

آزاد کشمیر میں الیکشن کمیشن کی پابندی اٹھنے کے بعد 7 انتظامی افسران کے تبادلے

تمام تقرریاں فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی، محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن

مظفر آباد (این این آئی) حکومت آزاد جموں و کشمیر نے الیکشن کمیشن کی جانب سے انتخابات کے دوران سرکاری ملازمین کی تقرریوں اور تبادلوں پر عائد پابندی اٹھائے جانے کے بعد ایڈمنسٹریٹو سروس کے 7 افسران کے تبادلے اور تقرریاں کردی ہیں۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق تمام تقرریاں فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق آزاد جموں و کشمیر ایڈمنسٹریٹو سروس کے بی پی ایس-19 افسر چودھری محمد طارق کو ڈپٹی کمشنر ضلع میر پور کے عہدے (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

جامعہ تربت میں آگاہی سیمینار میں طالبات شریک ہیں

عدل و انصاف پر مبنی معاشرہ ہی حقیقی فلاح کی بنیاد ہے، پیر ارشد کاظمی

نظام مصطفیٰ ﷺ کے بنیادی اصول بھی انسان کو عدل و انصاف، امانت اور مخلوقِ خدا کی خدمت کی تعلیم دیتے ہیں

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنّت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ ایک فلاحی معاشرے کی بنیاد عدل، امانت، دیانت، مساوات، عوامی خدمت اور حقوق العباد کے احترام پر قائم ہوتی ہے، نظامِ مصطفیٰ ﷺ کے بنیادی اصول بھی انسان کو عدل و انصاف، امانت اور مخلوقِ خدا کی خدمت کی تعلیم دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی نظام میں عوامی فلاح کو (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7پر)

مکہ معاہدے کے تحت پاکستان اضافی ذمہ داری سنبھال رہا ہے، عاصم افتخار

ہمارا مقصد خطے میں امن و استحکام ہے، ایران امریکا تنازع کو دنیا دیکھ رہی تھی کہ کیا ہوگا

، ایران امریکا تنازع میں جن ممالک نے کردار ادا کیا اس میں پاکستان سرفہرست ہے

نیویارک (این این آئی) پاکستان کے سینئر ترین سفارتکار عاصم افتخار نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے میں ہم اضافی ذمہ داری لے رہے ہیں، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ صورتحال منفی سمت کی جانب جا رہی ہے، ہمیں اس کا ادراک ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں کردار ادا کرنا ہوگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل تقریب سے خطاب کررہے ہیں

مغربی کنارے میں 100 سے زائد اسرائیلی آبادکاروں کا فلسطینی گاؤں پر دھاوا

شرپسندوں نے کئی مکانوں کو آگ لگادی، اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کی بھی غیر معمولی طور پر حملے کی مذمت

مغربی کنارہ (این این آئی) مقبوضہ مغربی کنارے کے فلسطینی (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

حب۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور ترجمان آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی ہدایت پر کچرا کنڈیوں پر گاربج کنٹینرز فراہمی کا سلسلہ شروع کیا جارہا ہے اس حوالے سے چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی، وائس چیئرمین محمد عظیم سیاں، میر علی حسن زہری کے ترجمان منور علی خاصخیلی تفصیلات بتارہے ہیں اس موقع پر پیپلز یوتھ ونگ کے صدر اسحاق ریکی، کونسلر وہاب رند، ممتاز لہڑی موجود ہیں

بجلی صارفین کیلئے بری خبر، بجلی 1 بار پھر مہنگی ہونے کا امکان

پیٹرول کے بعد بجلی کا جھٹکا' ملک بھر کے صارفین بجلی مزید مہنگی ہونے کا امکان

سی پی پی اے نے اگست کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کے تحت فی یونٹ قیمت میں اضافے کی درخواست جمع کرادی

اسلام آباد (اے ایف بی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے بعد ملک بھر کے لیے بجلی مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے اگست کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی مہنگی ہونے کا امکان ہے، جس کے لیے باقاعدہ درخواست جمع (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7پر)

پنجاب میں پہلی مرتبہ صوبے بھر میں سٹروک سینٹرز قائم کیے جا رہے ہیں' عظمیٰ بخاری

مریم نواز کے بروقت اقدامات سے فالج زدہ 336 مریضوں کی جانیں بچائی گئیں

40 پرائمری سٹروک سینٹرز مکمل فعال، مزید 17 دسمبر تک فعال کرنے کی ڈیڈ لائن مقرر

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کینسر کے علاج کے ساتھ ساتھ سٹروک اور فالج کے علاج معالجے کے لیے بھی فیصلہ کن اقدامات کر رہی ہیں، پنجاب میں پہلی مرتبہ صوبے بھر میں سٹروک سینٹرز قائم کیے جارہے ہیں تاکہ فالج کے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز کے قریب فراہم کی جا سکیں۔ عظمیٰ بخاری (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

سری نگر میں اہلکار کی فائرنگ سے افسر سمیت 4 ساتھی ہلاک

پولیس نے موقع پر پہنچ کر او دیش کمار سنگھ کو گرفتار کرلیا، مزید تحقیقات جاری ہیں، بیان

سری نگر (این این آئی) جموں وکشمیر کے ضلع کٹھوعہ میں سینٹرل انڈسٹریل سیکیورٹی فورس کے ایک اہلکار نے جھگڑے کے بعد فائرنگ کر کے افسر سمیت اپنے 4 ساتھی اہلکاروں کو ہلاک کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق واقعہ گزشتہ شام پونے 7 بجے بسوہلی کے ماشکا گاؤں میں واقع سیوا 2 پن بجلی (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

لاہور، یومیہ اجرت پر کام کرنیوالے مزدور گاہکوں کا انتظار کررہے ہیں

صاحب خان کی زیر صدارت گلگت بلتستان میں نجی سکولوں کی فیسوں اور ریگولیٹری نگرانی کا جائزہ اجلاس

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان اسمبلی کی قانونی اصلاحات، ماتحت قانون سازی اور سرکاری یقین دہانیوں پر (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

خیبر پختونخوا کے سرکاری سکولوں کے اوقات کار تبدیل کر دیئے گئے

کوہاٹ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے سرکاری ہائی، مڈل اور پرائمری سکولوں کے اوقات کار آج یکم اکتوبر سے تبدیل کر دیے گئے ہیں۔ محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم خیبر پختونخوا نے اس حوالے سے نیا اعلامیہ جاری نہیں کیا

مشیر کھیل تاج محمد خان ترند سے سیکرٹری کھیل و امورِ نوجوانان محمد آصف کی ملاقات

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر کھیل تاج محمد خان ترند سے سیکرٹری کھیل و امورِ نوجوانان محمد آصف نے ملاقات کی اس موقع پر نوجوانوں کی فلاح و بہبود، جاری منصوبوں کی پیشرفت، نوجوانوں کے لیے مختلف پروگرامز اور صوبے میں کھیلوں کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر مشیر کھیل و امورِ نوجوانان تاج محمد خان ترند نے کہا کہ نوجوانوں کو بہتر کھیلوں کی سہولیات، مثبت سرگرمیوں اور نئے مواقع کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔

پشاور، کوہستان میگا اسکینڈل میں نیب کی بڑی ریکوری

پشاور کی احتساب عدالت نمبر 3 نے کوہستان میگا کرپشن اسکینڈل کے ملزم نے اثاثے سرنڈر کردیے

پشاور (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) خیبر پختونخوا نے کوہستان میگا اسکینڈل میں مزید بڑی ریکوری کرلی۔ پشاور کی احتساب عدالت نمبر 3 نے کوہستان میگا کرپشن اسکینڈل میں ملزم مشرّف شاہ کی جانب سے اثاثے سرنڈر کرنے سے متعلق درخواست منظور کرلی، جس کے نتیجے میں 51 کروڑ 80 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے اثاثے سرنڈر کردیے گئے۔ نیب خیبر پختونخوا کے مطابق ملزم کی جانب سے سرنڈر کیے گئے اثاثوں میں 40 کروڑ 70 لاکھ روپے نقد رقم اور دو جائیدادیں شامل ہیں، جن کی مجموعی مالیت 11 کروڑ 10 لاکھ روپے سے زائد بتائی گئی ہے۔ اسی طرح سرنڈر کیے گئے نقد اور غیرمنقولہ (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

مریدکے میں جی ٹی روڈ پر فائرنگ سے ایکسین واپڈا جاں بحق

شیخوپورہ (این این آئی) پنجاب کے علاقے مریدکے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایکسین واپڈا جاں بحق ہوگئے۔

امریکی سینیٹر برنی سینڈرز کا اسرائیل کو امریکی فوجی امداد بند کرنے کا مطالبہ

امریکی عوام کی آواز سنیں، اسرائیل کو مزید فوجی امداد نہیں دی جانی چاہیے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینیٹر برنی سینڈرز نے کہا ہے کہ عوام اور قانون سازوں کی بڑھتی تعداد اسرائیل کو دی جانے والی امریکی فوجی امداد ختم کرنے کا مطالبہ کررہی ہے، ان کے بقول سینیٹ میں حالیہ ووٹنگ اس رجحان کا واضح ثبوت ہے۔ برطانوی ٹی وی کے مطابق امریکی سینیٹ (بقیہ 61 صفحہ 7پر)

حمزہ شہباز کی محمود بشیر ورک مرحوم کے گھر آمد، اہل خانہ سے تعزیت

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر اور سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف رکن قومی اسمبلی محمود بشیر ورک کے انتقال پر

لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور میں دو ماہ میں دل کے 50 کامیاب آپریشنز، نئی تاریخ رقم

کارڈیک سرجری سروس کی بحالی کے بعد جدید اور ایڈوانسڈ سہولیات فراہم کرنے کا اعلان

کوہاٹ (این این آئی) صوبائی دارالحکومت پشاور کے وسط میں واقع صوبے کے قدیم ترین اور بڑے تدریسی ہسپتال لیڈی ریڈنگ ہسپتال (ایل آر ایچ) ایم ٹی آئی میں کئی سال کے (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

آزاد کشمیر کے عوام کیلئے پاک فوج کی جانب سے مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا

راولاکوٹ (این این آئی) راولاکوٹ کے نواحی علاقے میں دہلیز پر (بقیہ 63 صفحہ 7پر)

کراچی، پولیس مقابلوں میں 4 زخمی ملزمان گرفتار، 2 فرار

گلشن معمار، نیو کراچی اور سمن آباد میں کارروائیاں، اسلحہ، گولیاں اور موٹر سائیکلیں برآمد ہوئی ہیں، پولیس حکام

زخمی ملزم کو عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا جبکہ فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلوں کے دوران 5** ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار** کرلیا گیا جبکہ 2 ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ تفصیلات کے (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ کو سی ای او پی پی ایچ آئی کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں